الْحَشْرِ وَالْقَرَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

روز حشر و قرار تک۔ اے اللہ درود وسلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر

عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِكَ کَآئِنٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

بمطابق تعداد ان اشیاء کے جو موجود ہیں تیرے علم میں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِ اُمَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

محمد پر بمقدار ان کی امت کے انفاس کے۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ وَعِلْمِكَ وَکَلِمٰتِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل محمد پر مطابق اپنے حلم اور علم اور کلمات کے۔ اے اللہ درود و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ وَصْفِكَ وَاَوْصَافِكَ اَللّٰھُمَّ

ہو سیدنا محمد و آل محمد پر مطابق تعداد اپنے وصف و اوصاف کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الشَّافِیْ لِمَرْضَانَا اَللّٰھُمَّ

درود وسلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو شفا دینے والے ہیں ہمارے مریضوں کو۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْکَافِیْ لِعَرَضَانَا اَللّٰھُمَّ

اللہ درود وسلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو کفایت فرما ہیں ہمارے عوارض کیلئے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُزِیْلِ الشِّدَّۃِ وَالْکُرْبَۃِ

صلوٰۃ وسلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو زائل کرنے والے ہیں شدت و کربت کے

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ اَللّٰھُمَّ بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِیْ

اے اللہ دور فرما مجھ سے اندوہ اور حزن کو۔ اے اللہ تیری حمد کے طفیل میں بازگشت اور اپنے

اِعْتَرَفْتُ اَللّٰھُمَّ اِلٰھِیْ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَاِلٰہَ

گناہوں کا معترف ہوں۔ اے اللہ۔ اے میرے الٰہ اور ابراہیم و اسحٰق اور یعقوب علیہم السلام کے الٰہ

جِبْرَآئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُجِیْبَ دَعْوَتِیْ فَاِنِّیْ

اور جبرئیل و میکائیل و اسرافیل کے الٰہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں دعا قبول کرنے کا کیونکہ

مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمَنِیْ فِیْ دِیْنِیْ فَاِنِّیْ مُبْتَلًی وَّتُنَجِّیَنِیْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّیْ

میں مجبور ہوں۔ اور دین میں عصمت کا کیونکہ میں آفت زدہ ہوں اور رحمت کے حصول کا کیونکہ میں

مُذْنِبٌ وَتَنْفِي عَنِّي الْفَقْرَ فَإِنِّي مُتَمَسْكِنٌ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي مِنْ عِنْدِكَ

گنہگار ہوں۔ اور فقر کے دور کرنے کا کیونکہ میں مسکین ہوں۔ اے اللہ مجھے ہدایت اپنے پاس سے

وَأَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَأَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ

اور اپنے فضل کا فیضان فرما مجھ پر اور اپنی رحمت کا نزول فرما مجھ پر۔ اور اپنی برکات

بَرَكَاتِكَ اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً وَلَا تَأْخُذْنَا بَغْتَةً وَلَا تُغْفِلْنَا عَنْ

نازل فرما۔ اے اللہ ہمیں اچانک ہلاک نہ فرما اور اچانک گرفت میں نہ لینا۔ اور نہ غافل کرنا ہمیں

حَقٍّ وَلَا وَصِيَّةٍ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِي فِي قَبْرِي اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ

حق اور وصیت سے۔ اے اللہ میری وحشت کو انس میں بدلنا قبر میں۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں

بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ وَإِبْرَاهِيمَ خَلِيلِكَ وَمُوسَى نَجِيِّكَ وَعِيسَى رُوحِكَ

تجھ سے بطفیل تیرے نبی محمد اور تیرے خلیل ابراہیم اور تیرے کلیم موسیٰ اور عیسیٰ روح اللہ

وَكَلِمَتِكَ وَبِتَوْرَاةِ مُوسَى وَإِنْجِيلِ عِيسَى وَزَبُورِ دَاوُدَ وَفُرْقَانِ

وکلمۃ اللہ کے اور بطفیل تورات موسیٰ۔ انجیل عیسیٰ۔ زبور داؤد اور قرآن

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكُلِّ وَحْيٍ أَوْحَيْتَهُ أَوْ قَضَاءٍ قَضَيْتَهُ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بطفیل ہر وحی کے جو تو نے بھیجی اور قضاء کے جس کے

أَوْ سَائِلٍ أَعْطَيْتَهُ أَوْ فَقِيرٍ أَغْنَيْتَهُ أَوْ غَنِيٍّ أَفْقَرْتَهُ أَوْ ضَالٍّ هَدَيْتَهُ

ساتھ حکم کیا اور ہر سائل کے جسے عطا کیا اور ہر فقر کے جسے غنی کیا اور ہر غنی کے جسے فقیر کیا اور گمراہ کے جسے

أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَهُ عَلَى مُوسَى وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي

ہدایت دی۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اس اسم کے جو موسیٰ پر نازل فرمایا۔ اور سوال کرتا ہوں بطفیل اس اسم کے جسے

وَضَعْتَهُ عَلَى الْأَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى

زمین پر رکھا تو قرار پذیر ہو گئی اور آسمانوں پر رکھا تو قائم ہو گئے اور پہاڑوں

الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي اسْتَقَرَّ بِهِ عَرْشُكَ وَأَسْأَلُكَ

پر رکھا تو گڑ گئے۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اس اسم کے جس سے عرش قرار پذیر ہوا اور سوال کرتا

بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِي كِتَابِكَ مِنْ لَدُنْكَ وَبِاسْمِكَ

ہوں بطفیل تیرے طاہر و مطہر اسم کے جو تیری ہی کتاب میں تیرے پاس سے نازل کیا گیا۔ اور بطفیل اس اسم کے

الَّذِي وَضَعْتَهُ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَأَظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ

جسے دن پر رکھا تو روشن ہو گیا اور رات پر رکھا تو تاریک ہو گئی اور بطفیل تیری عظمت و

وَكِبْرِيَائِكَ وَبِنُورِ وَجْهِكَ أَنْ تَرْزُقَنِي الْقُرْآنَ الْعَظِيمَ وَتَخْلِطَهُ

کبریائی اور نور ذات کے کہ مجھے قرآن عظیم نصیب فرما اور اسے ملا دے

بِلَحْمِي وَدَمِي وَسَمْعِي وَبَصَرِي وَتَسْتَعْمِلَ بِهِ جَسَدِي بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ

میرے گوشت اور خون اور کانوں۔ آنکھوں کے ساتھ اور عامل بنائے اس پر میرے جسم کو اپنی قوت و طاقت

فَإِنَّهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِكَ بِسْمِ اللّٰهِ ذِي الشَّأْنِ عَظِيمِ الْبُرْهَانِ شَدِيدِ

سے کیونکہ نہیں ہے طاقت و قوت مگر ساتھ تیرے۔ ساتھ نام اللہ کے جو عظیم شان والا۔ عظیم برہان اور شدید

السُّلْطَانِ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي بِالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ وَاجْعَلْهُ لِي إِمَامًا وَنُورًا

غلبہ و تسلط والا ہے۔ اے اللہ مجھ پر رحم فرما بوسیلہ قرآن عظیم کے۔ اسے میرا امام اور نور ہادی

وَهُدًى وَرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِي مِنْهُ مَا نَسِيتُ وَعَلِّمْنِي مِنْهُ مَا

اور موجب رحمت بنا دے۔ اے اللہ مجھے یاد کرا دے اس سے جو بھولا ہوں اور معلوم کرا دے جس سے

جَهِلْتُ وَارْزُقْنِي تِلَاوَتَهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِي

بے خبر ہوں اور مجھے اس کی تلاوت نصیب فرما شب و روز کے تمام اوقات میں اور اسے میرے لیے

حُجَّةً يَا رَبَّ الْعٰلَمِينَ اَللّٰهُمَّ أَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ أَمَتِكَ

حجت بنا دے اے رب العالمین۔ اے اللہ میں تیرا عبد اور تیرے عبد کا بیٹا اور تیری باندی کا بیٹا ہوں

نَاصِيَتِي بِيَدِكَ أَتَقَلَّبُ بِلِقَائِكَ وَأُومِنُ بِوَعْدِكَ وَأَمَرْتَنِي

میری پیشانی تیرے دست قدرت میں ہے میری جنبش تیری لقاء سے ہے اور تیرے وعدہ پر ایمان ہے

فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِي فَأَبَيْتُ وَهٰذَا مَكَانُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ

تو نے حکم دیا تو میں نے نافرمانی کی اور منع کیا پس میں نے باز رہنے سے انکار کیا اور یہ مکان ہے آتش سے پناہ طلب کرنے والوں کا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

ساتھ تیرے جیسا معبود برحق مگر تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا پس مجھے معاف فرما کیونکہ صرف تو ہی گناہ

اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَ

بخشتا ہے۔ اے اللہ مجھے بخش و رحم فرما اور کوتاہی دور فرما۔ ہدایت دے اور عافیت بخش اور

ارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاَعْطِنِیْ مِنْ عَطَآءِ الْخَفِیِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

رزق عطا کر۔ بلندی بخش اور عطاء خفی سے نواز۔ اے اللہ درود و سلام ہو

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرَهُ اللّٰهُ بِالصَّبْرِ صَبْرًا جَمِیْلًا ۚ

سیدنا محمد و آل محمد پر جنہیں اللہ نے صبر جمیل کا حکم دیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرَهُ اللّٰهُ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے امر

بِالْهَجْرِ هَجْرًا جَمِیْلًا ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

فرمایا اختیار کر احسن طریقہ پر چھوڑنے کا۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَعَدَّ اللّٰهُ رَمْیَهٗ مَرْمٰی اللّٰهِ تَعْظِیْمًا وَّبَیْعَتَهٗ بَیْعَتَ

محمد پر جن کے مارنے کو اللہ نے ازرہ تعظیم رہنا مارنا قرار دیا اور ان کی بیعت کو

اللّٰهِ تَكْرِیْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ازروئے تکریم اللہ کی بیعت۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مَّنْ عَلَّقَ اللّٰهُ جَنَّتَهٗ وَمَغْفِرَتَهٗ فِیْ مُتَابَعَتِهٖ تَعْظِیْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ اللہ نے انکی جنت اور مغفرت کو ازروئے تعظیم ان کی متابعت سے معلق فرمایا۔ اے اللہ درود

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ تَلَی اللّٰهُ عَلَیْهِ مِنَ

وسلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ تلاوت فرمائی اللہ نے ان پر

الْاٰیَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

آیات اور ذکر حکیم۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیْهِ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مَا لَمْ یَكُنْ

محمد پر جن پر اللہ نے کتاب و حکمت نازل فرمائی اور انہیں بتلایا جو کچھ بھی نہیں جانتا

یَعْلَمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرَهٗ

تھا۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جنہیں اللہ نے حکم دیا

اللّٰهُ اَنْ یَّحْكُمَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لوگوں میں عدل و انصاف کے ساتھ فیصلوں کا۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَیْهِ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ

اور آل سیدنا محمد پر جن پر اللہ نے حق کے ساتھ کتاب نازل کی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَجَلِّ الْمَوْجُوْدَاتِ

درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو جلیل تر ہیں تمام موجودات سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْمَوْجُوْدَاتِ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو مکرم ترین ہیں تمام موجودات سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَحْسَنِ الْمَوْجُوْدَاتِ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو حسین ترین ہیں تمام موجودات سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ زَیْنِ الْاَنْبِیَآءِ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد اور آل محمد پر جو انبیاء کی زینت ہیں

وَاَصْفَی الْاَصْفِیَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور سب اصفیاء سے زیادہ صاف باطن ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خِیَارِ الْاِصْطِفَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آل اطہار پر جو سب چنے ہوؤں سے بہتر ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّاحِی الذُّنُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ

آل محمد پر جو محبوب گناہوں کو محو کرنے والے ہیں۔ اے اللہ میں تجھ سے استغفار کرتا ہوں ہر

ذَنْبٍ يُدَنِّسُ مِنِّيْ مَا ظَهَّرْتُهٗ وَيَكْشِفُ عَنِّيْ مَا سَتَرْتُهٗ اَوْ يُقَبِّحُ مِنِّيْ

گناہ سے کہ جو میلا کرے جس کو میں نے ظاہر کیا اور کھول دے جسے میں نے چھپایا یا بدصورت کرے

مَا زَيَّنْتُهٗ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ لَا يُنَالُ بِهٖ عَهْدُكَ وَلَا يُؤْمَنُ مَعَهٗ اِرْتِفَاعُ

جسے میں نے مزین کیا اور ہر گناہ سے کہ نہیں حاصل ہو سکتا اس سے تیرا عہد اور نہیں الممینان ہوتا اس کی موجودگی میں

غَضَبِكَ وَلَا تَنْزِلُ بِهٖ رَحْمَتُكَ وَلَا تَدُوْمُ مَعَهٗ نِعْمَتُكَ وَلِكُلِّ ذَنْبٍ

تیرے غضب کی دوری کا اور نہ تیری رحمت کے نزول اور نہ تیری نعمت کے دوام کا اور واسطے ہر گناہ کے

اِسْتَخْفَيْتُ فِيْ ضَوْءِ النَّهَارِ عَنْ عِبَادِكَ وَبَارَزْتُ بِهٖ فِيْ ظُلْمَةِ اللَّيْلِ

کہ چھپایں اس کے ساتھ دن کی روشنی میں تیرے بندوں سے۔ اور علانیہ کیا اسے رات کی تاریکی

جُرْءَةً مِنِّيْ عَلَيْكَ عَلٰى اَنِّيْ اَعْلَمُ اَنَّ السِّرَّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ مِّنْكَ

میں تجھ پر بیباکی کرتے ہوئے باوجود جاننے کہ خفیہ بھی تیرے نزدیک علانیہ ہے بغیر

مَانِعٌ وَلَا يَنْفَعُنِيْ عِنْدَكَ نَافِعٌ مِّنْ مَّالٍ وَّلَا بَنِيْنَ اِلَّا اَنْ اَتَيْتَكَ

رکاوٹ کے اور نہیں نفع دیتا تیرے ہاں کوئی نافع امر مال ہو یا اولاد مگر جبکہ حاضری دوں تیری بارگاہ میں

بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۞ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ قَلْبًا سَلِيْمًا وَفِيْ قَلْبٍ سَلِيْمٍ عِلْمًا

قلب سلیم کے ساتھ۔ اے اللہ مجھے قلب سلیم عطا کر اور اس میں وسیع علم عطا کر جو

وَّاسِعًا مِّنْ اِرْثِ سِرِّ عُلُوْمِ اللَّدُنِّيِّ النَّبَوِيِّ الْبَاقِيَةِ وَغَيْرِهٖ لِحَبِيْبِهٖ

تیرے محبوب کے نبوی لدنی دائمی علوم مخفیہ کی وراثت سے ہو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ وِّرَاثَةِ الظَّاهِرِيِّ وَالْبَاطِنِيِّ لِمَحْبُوْبِهٖ

صلی اللہ علیہ وسلم اور تیرے محبوب احمد

اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت ظاہرہ اور باطنہ سے ہو۔ اے اللہ درود و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَالِي الْكُرُوْبِ وَخَيْرِ الْقُلُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد اور آل محمد پر جو غم واندوہ کو دور کرتے والے ہیں اور بہترین قلب والے ہیں تمام قلوب سے۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَمِ الْهُدَاةِ وَحَسَنِ الصِّفَاتِ

درود و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو ہادیوں کے علم ہدایت ہیں اور حسین صفات والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْبَيِّنَاتِ وَ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو واضح آیات والے ہیں اور

ذُخْرِ الْعُصَاةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

گنہگاروں کیلئے ذخیرۂ مغفرت ہیں۔ اے اللہ درود و سلام بھیج سیدنا محمد و آل محمد پر

اَسْنَى الْمَلَاحِ وَرَبِّ السِّمَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جو سب میووں رحیموں سے خوبصورت ہیں اور سخاوت کے مالک ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الصَّبَاحِ وَرُكْنِ الصَّلَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل محمد پر جو صبح درخشاں کا نور اور صلاح و بہتری کا دارومدار ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَاعِي الْفَلَاحِ وَمَدْعُوِّ الْفِرَاحِ

سیدنا محمد و آل محمد پر جو کامیابی کی طرف دعوت دینے والے اور خوشیوں کی طرف بلائے جانیوالے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْاَنَامِ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو خیر انام ہیں

وَمَاحِي الْاٰثَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور گناہ مٹانے والے ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر

بَدْرِ الظَّلَامِ وَكُلِّ الْمَرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جو تاریکیوں کے دور کرنے والے ماہ کامل اور مین مقصود ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَسَنِ الشَّمَائِلِ وَزَكِيِّ الْخَصَائِلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

محمد پر جو حسین عادات والے اور پاکیزہ خصال ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُسَبِّحِ الْاَنَامِلِ وَاَعْلَى الْوَسَائِلِ

سیدنا محمد و آل محمد پر جو انگلیوں کے پوروں سے بھی تسبیح خواں ہیں اور تمام وسائل سے اعلیٰ ترین ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْبَرَایَا

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو تمام مخلوق کے سردار اور

وَخَیْرِ الْعَطَایَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بہترین عطیہ قدرت ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر

مُجْرِی الْعَطَایَا وَسَاتِرِ الْخَطَایَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

جو عطاؤں کے جاری کرنے والے اور خطا پوش ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ غَوْثِ اللَّھِیْفِ وَعَوْنِ الضَّعِیْفِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

آل محمد پر جو فریادرس ہیں مصیبت زدگان کے اور مددگار ہیں ضعیفوں کے۔ اے اللہ درود

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بُشْرَی الصُّیُوْفِ وَنُوْرِ الرُّءُوْفِ

سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو سراپا بشارت ہیں مہمانوں کے لیے اور نور ہیں رؤوف کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْاَخَایِرِ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو بہترین ہیں تمام بہترین لوگوں سے

وَعَالِی الْمَفَاخِرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور اعلیٰ اوصاف والے ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

فَخْرِ الْمَنَابِرِ وَضَوْءِ الْبَصَایِرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

جو منبروں کے فخر اور بصیرتوں کی ضیاء ہیں۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُبَشِّرٍ بِالسَّلَامَۃِ وَخُلَاصَۃٍ مِّنْ تِھَامَۃَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

محمد پر جو سلامتی کی بشارت دینے والے اور تہامہ کا جوہر خالص ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَتُوْلِ بَطُوْلِ اَصْلِ الْاُصُوْلِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو دنیا سے قطع تعلق والے۔ جو افراد کامل اور اصول

اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ اَصْلِ اُصُوْلِ وُصُوْلِ حُصُوْلِ اَبَاتَاثَاجَ حَاخَاذَ

وارکان کی اصل و بنیاد ہیں اے میرے الٰہ بطفیل حرمت ان وصول وحصول کے اصل الاصول کے یعنی اباتاثاج ح خ ذ ض

رَازَاسَ شَ صَ ضَ طَاظَاعَ غَ فَاقَ كَ لَ مَنَ وَھَالَاءِ يَا اَللّٰھُمَّ

راز اس ش ص ض طا ظا ع غ فاق ک ل م ن و ہا لا ء یا

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُسَمًّی بِالرَّسُوْلِ

صلوٰۃ و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو رسول اللہ کے اسم ولقب والے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَابِقِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو متقدمین پر سبقت

الْمُتَقَدِّمِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لے جانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

سَائِقِ الْمُتَاَخِّرِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

جو پیچھے رہ جانے والوں کے چلانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ مِّمَّنْ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَیْہِ الْقُرْاٰنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

آل پر جن پر تو نے قرآن نازل فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّمَّنْ ذَکَرَہُ اللّٰہُ فِی التَّوْرٰىۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ

آپ کی آل پر جن محبوب کا ذکر تو نے تورات و انجیل اور زبور و فرقان میں کیا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّمَّنْ نَّصَرَہُ اللّٰہُ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جنہیں اللہ نے مدد دی

فِی الْعُدْوَانِ وَالْغُفْرَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اہل عدوان اور غفران پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّمَّنْ فَتَحَ اللّٰہُ لَہُ الْبُلْدَانَ مَعَ الْوِلْدَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر جن کو اللہ تعالیٰ نے شہروں اور اہالیان پر فتح عطا فرمائی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّمَّنْ بَشَّرَہُ اللّٰہُ بِالْمَغْفِرَۃِ وَالرِّضْوَانِ

نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جنہیں اللہ نے مغفرت اور رضا مندی کا مژدہ دیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ يَّسَّرَهُ اللّٰهُ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن پر اللہ تعالیٰ نے وعظ آسان

التَّذَكُّرَةَ وَبَصَّرَهُ اللّٰهُ بِالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

فرمایا اور آخرت کی بصیرت عطا کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ زَكّٰى نَفْسَهٗ مِنْ مَّحَبَّةِ الدُّنْيَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ

آپ کی آل پر جنہوں نے اپنے آپ کو محبت دنیا سے پاک کر دیا۔ اے اللہ بنا دے اپنی محبت کو

اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ وَاجْعَلْ خَوْفَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اِذَآ

میری طرف محبوب ترین تمام اشیاء سے۔ اپنے خوف کو سب سے زائد بنا دے۔ اے اللہ جب

اَقْرَرْتَ عُيُوْنَ اَهْلِ الدُّنْيَا بِدُنْيَاهُمْ فَاَقِرَّ عَيْنِيْ بِكَ وَبِعِبَادَتِكَ وَ

تو ٹھنڈی کرے اہل دنیا کی آنکھیں ان کی دنیا کے ساتھ تو ٹھنڈی کر میری آنکھ اپنی ذات اور اپنی عبادت کیساتھ

اَقْطَعْ عَنِّيْ لَذَآئِذَ الدُّنْيَا بِاُنْسِكَ وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاجْعَلْ طَاعَتَكَ

اور قطع فرما مجھ سے دنیاوی لذتوں کو اپنے انس اور شوق لقاء کے ساتھ اور بنا دے میرے

فِيْ كُلِّ شَيْءٍ مِّنِّيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ

ہر عضو اور جزو کو اپنی طاعت میں اے جلال و اکرام والے۔ اے اللہ مجھے عطا فرما اپنی محبت اور

مَنْ اَحَبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ وَاجْعَلْ

اپنے محبوں کی محبت اور محبت کرنے والوں کی محبت اور محبت اس عمل کی جو تیرے قریب کر دے اور اپنی

حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ لِلْعَطْشَانِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ

محبت کو تمام اشیاء سے زیادہ محبوب بنا دے مانند ٹھنڈے پانی کے واسطے پیاسے کے۔ اے جلال و

الْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اسْقِنِيْ بِكَاْسِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرْبَةً

اکرام والے۔ اے اللہ مجھے پلا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جام سے ساتھ اپنی رحمت کے

لَّآ اَظْمَاُ بَعْدَهَآ اَبَدًا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ

ایسا شربت کہ میں اس کے بعد کبھی پیاسا نہ ہو سکوں۔ اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ بطفیل اپنے

اَنْبِيَآئِكَ وَاَوْلِيَآئِكَ وَكُلِّ مَا كَانَ عِنْدَكَ حَقٌّ صُبَّ عَلٰى قُلُوْبِنَا

انبیاء و اولیاء کی برکت سے اور ہر اس شئی کے جو تیرے نزدیک برحق ہے۔ ہمارے دلوں پر بلٹ

كَاْسَ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ كَمَا صَبَبْتَ عَلٰى قَلْبِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اپنے شراب محبت کا جام جیسے اپنے نبی محمد کے قلب پر پلٹا صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَعَلٰى سَآئِرِ قُلُوْبِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَكَمَا صَبَبْتَ عَلٰى سَآئِرِ

وسلم اور دیگر تمام انبیاء و مرسلین کے قلوب پر اور جیسے تو نے پلٹا اسے تمام

قُلُوْبِ مَشَآئِخِ الطَّرِيْقَةِ اَجْمَعِيْنَ فَاطْمِسِ اللّٰهُمَّ مِنْ قُلُوْبِنَا حُبَّ

مشائخ طریقت کے قلوب پر پس اے اللہ ہمارے قلوب سے محو فرما دے غیر کی محبت

غَيْرِكَ وَاَسْقِنَا بِكَاْسِ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ وَاجْعَلْنَا سُكَارٰى مِنْهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اور ہمیں پلا دے اپنی محبت کا جام شراب اور اسی سے ہمیں مست و بیخود بنا دے اے رب العالمین

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ صَفّٰى قَلْبَهٗ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کا دل اقدس مصفی ہے

مِنَ الْمَيْلِ اِلَى الدُّنْيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

دنیوی میلان سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَّنْ عَطَّرَ سِرَّهٗ بِمُشَاهَدَةِ الْمَوْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر جنہوں نے اپنے اندرون کو مشاہدۂ مولیٰ سے معطر فرما لیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ هَدَاهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ وَدَعَاهُ اللّٰهُ وَاَسْرَاهُ اللّٰهُ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں اللہ نے اپنی طرف راہ بخشی اور اپنی طرف شب اسراء

اِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا نَزَاعَ

چلایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ تا قائم ہوئی

بَصَرُهٗ بِالسَّيْرِ اِلَى الْغَيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ان کی نگاہ دوران سیر غیر کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْ كَلَّمَ مَعَ رَبِّهٖ وَسَمِعَ مِنْهُ الْكَلَامَ اَللّٰهُمَّ مِنَ الْاَكْدَارِ

آل پر جنہوں نے اپنے رب کے ساتھ کلام کیا اور اس کا کلام سنا۔ اے اللہ آلائشوں سے مجھے

وَاحْفَظْنِيْ حَتّٰى لَا اَسْكُنَ اِلٰى شَيْءٍ بِمَا حَفِظْتَ بِهٖ عِبَادَكَ الْمُصْطَفَيْنَ

محفوظ فرما حتی کہ کسی شئی کی طرف مجھے سکون نہ ہو جیسے کو تو نے محفوظ فرمایا اپنے برگزیدہ بزرگ

الْاَخْيَارَ وَاذْكُرْنِيْ اَللّٰهُمَّ بِمَا ذَكَرْتَ بِهٖ ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ

بندوں کو اور مجھے یاد فرما جیسے تو نے یاد فرمایا دو میں سے دوسرے کو جبکہ وہ دونوں غار میں تھے

وَاَيِّدْنِيْ اَللّٰهُمَّ عِنْدَ شُهُوْدِ الْوَارِدَاتِ بِالْاِسْتِعْدَادِ وَالْاِسْتِبْصَارِ وَاَفِضْ

اور میری تائید فرما۔ اے اللہ واردات کے مشاہدہ کے وقت استعداد کامل اور بصیرت بخش کر

عَلَيَّ مِنْ بِحَارِ الْعِنَايَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ وَالْمَحَبَّةِ الصِّدِّيْقِيَّةِ مَا اَنْدَرِجُ بِهٖ

اور مجھ پر فیضان فرما عنایت محمدیہ اور محبت صدیقیہ کے سمندروں سے کہ داخل ہو جاؤں اسکے ذریعے

فِيْ ظُلَمِ غَيَاهِبِ عُيُوْنِ الْاَنْوَارِ وَاجْمَعْنِيْ بِيْ وَاجْعَلْ لِّيْ بَيْنَ سِرِّكَ

انوار کے چشموں کی اتھاہ گہرائیوں میں اور مجھے میری حقیقت کے ساتھ جمع فرما اور بنا میرے لیے درمیانی

الْمَكْنُوْنِ الْخَفِيِّ وَالْاِسْتِظْهَارِ وَاكْشِفْ لِيْ عَنْ سِرِّ اَسْرَارِ اَفْلَاكِ التَّدْوِيْرِ

حالت خفا و ظہور میں اپنے سر مکنون کے درمیان اور کشف فرما مجھ پر افلاک تدویر کے سر الاسرار کو

فِيْ حَوَاشِي التَّصْوِيْرِ لِاُدَبِّرَ كُلَّ فَلَكٍ بِمَا اَقَمْتَهٗ مِنَ الْاَسْرَارِ وَاجْعَلْ

تصاویر و اشکال کے اطراف میں تاکہ میں تدبیر کروں ہر فلک کی ان اسرار کے ساتھ جو اس سے قائم فرمائے اور بنا

لِّيَ الْحَظَّ الْخَطِيْرَ الْمَمْدُوْدَ الْقَائِمَ بِالْعَدْلِ بَيْنَ الْحَرْفِ وَالْاِسْمِ

میرے لیے عظیم اور وسیع حصہ جو عدل کو قائم رکھنے والا ہو درمیان حرف و اسم کے

فَاُحِيْطَ وَلَا اُحَاطَ بِاِحَاطَةٍ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ بِسْمِ

تاکہ میں احاطہ کروں اور میرا احاطہ نہ کیا جا سکے بطفیل اس احاطہ کے "کس کیلئے ہے ملک آج ؟ صرف اللہ واحد

اللّٰهِ كٓهٰيٰعٓصٓ كُنِيْتُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ

قہار کیلئے ہی ہے" بسم اللہ کہیعص میری کفایت کر دی گئی۔ پس عنقریب تجھے اللہ ان کی طرف سے کفایت فرمائے گا وہی سمیع علیم ہے بسم اللہ

حٰمٓعٓسٓقٓ حُمِيْتُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ

حٰمٓعٓسٓقٓ میری حمایت کی گئی ہے۔ اور نہیں کچھ طاقت اور قوت مگر اللہ بزرگ عظیم کی توفیق سے بسم اللہ

الْغَنِيِّ غُنِيْتُ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا

الغنی بطفیل اللہ غنی کے اسم کے مجھے غنی کر دیا گیا اور اسی کے پاس ہیں خزانے غیب کے جنہیں وہی جانتا ہے اور وہ

فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ

جانتا ہے بحر و بر کی ہر شئی کو اور جو پتہ گرتا ہے اسے جانتا ہے اور نہیں کوئی دانہ زمین کی

الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَلِيْمِ عُلِّمْتُ

تاریکیوں میں اور نہ کوئی تر اور خشک شئی مگر لوح محفوظ میں ہے۔ اللہ علیم کے اسم کی برکت سے مجھے علم

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الْقَوِيِّ قَوِيْتُ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

دیا گیا اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اللہ قوی کے اسم کی برکت سے میں نے قوت پائی اور لوٹایا اللہ نے

كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

کفار کو ان کے غیظ سمیت نہ پائی انہوں نے کچھ خیر اور کفایت فرمائی اللہ نے مومنین کو جنگ سے۔ اور اللہ

قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قوی عزیز ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

صَاحِبِ لِيْ مَعَ اللّٰهِ وَقْتٌ لَّا يَسَعُنِيْ فِيْهِ اَحَدٌ مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ

جو اس مقام والے ہیں "میرا اللہ کے ساتھ مخصوص وقت ہوتا ہے جس میں میری گنجائش نہیں رکھتا کوئی اللہ کا بندہ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ فَاَوْحٰى

درود و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جو اس مقام والے "تو وحی کی اللہ نے

اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اپنے عبد خاص کی طرف جو وحی کی" اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر جو اس مقام والے ہیں البتہ دیکھا انہوں نے اپنے رب کی بڑی آیات۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَمْدِ الَّذِىْ هُوَ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محمد والے ہیں جو کہ عطیات الٰہیہ کے

مِفْتَاحُ اَقْفَالِ الْعَطِيَّةِ الْاِلٰهِيَّةِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْٓ اَحْيَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا

تالوں کی چابی ہیں حمد ہے اللہ کی جس نے ہمیں زندہ کیا موت (نیند) دینے کے بعد

وَاِلَيْهِ الْبَعْثُ وَالنُّشُوْرُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ

اور اسی کی طرف ہے ہمارا بعث اور نشر۔ اے اللہ تیرے لیے حمد ہے آسمانوں کی مقدار۔ زمینوں کی مقدار

وَمِلْاَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَىْءٍ بَعْدُ وَاَهْلُ الثَّنَآءِ وَالْكِبْرِيَآءِ

اور ان کے مابین کی مقدار اور جو تو نے پیدا فرمانے کا ارادہ کر رکھا ہے اس کی مقدار تو مقدار ہے ثناء و کبریائی

وَالْمَجْدِ وَاَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبِيْدٌ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ

اور بزرگی کا اور زیادہ لائق ہے اپنے عبد محض کے اس قول کے اگرچہ ہم سبھی تیرے عبد ہیں نہیں مانع تیری عطا

وَلَا مُعْطِىَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَيْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ

کے لیے اور نہیں معطی تیری روکی ہوئی شئی کا اور نہیں کوئی ٹالنے والا تیری قضا کا اور نہیں نفع دیتا کسی نسب والے کو

الْجَدُّ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَحْمَدُكَ وَاَنْتَ لِلْحَمْدِ اَهْلٌ عَلٰى مَا خَصَصْتَنِىْ بِهٖ

اس کا نسب۔ اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں جبکہ تو حمد کے لائق ہے ان پسندیدہ عطیات پر جن سے مجھے مختص

مِنْ مَّوَاهِبِ الرَّغَآئِبِ وَاَوْصَلْتَ اِلَىَّ مِنْ فَضَآئِلِ الصَّنَآئِعِ وَاَوْلَيْتَنِىْ

عطرایا۔ اور بزرگتر نیکیوں پر جو مجھ تک پہنچائیں اور مالک بنایا اپنے احسان

بِهٖ مِنْ اِحْسَانِكَ بَوَّاْتَنِىْ بِهٖ مِنْ مَّظَنَّةِ الصِّدْقِ عِنْدَكَ وَاَنَلْتَنِىْ بِهٖ

کا۔ ٹھکانہ دیا اپنے ہاں مقام صدق میں۔ اور عطا کیے

مِنْ مِّنَنِكَ الْوَاصِلَةِ اِلَىَّ وَاَحْسَنْتَ بِهٖٓ اِلَىَّ مِنْ اِنْدِفَاعِ الْبَلِيَّةِ عَنِّىْ وَ

اپنے انعامات جو واصل ہیں مجھ تک اور احسان کیا مجھ سے بلیات کے دور کرنے کا اور

التَّوْفِيْقِ لِىْ وَالْاِجَابَةِ لِدُعَآئِىْ حِيْنَ اُنَادِيْكَ دَاعِيًا وَّاُنَاجِيْكَ رَاغِبًا

توفیق بخشنے کا اور میری دعا کی قبولیت کے ساتھ جب کہ میں تجھے پکاروں دعا کرتے ہوئے اور سرگوشی کروں رغبت سے

وَاَدْعُوْكَ مُضَارِعًا مُّصَافِيًا وَّحِيْنَ اَرْجُوْكَ رَاجِيًا فَاَجِدُكَ اَللّٰهُمَّ

اور دعا کروں زاری کرتے ہوئے اور اخلاص کے ساتھ اور جبکہ تجھ سے امید رکھوں تیری پس پائے پاؤں۔ اے اللہ

لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ اَحْمَدُ

تیری حمد ہے تو برپا رکھنے والا ہے سمٰوات و الارض اور ان کے مابین کا۔ اور تیری حمد کرتا ہوں

حَمْدَ الَّذِىْ لَبَّسَ الْحَمْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِىْ لَا يَنْبَغِى التَّسْبِيْحُ اِلَّا

مانند حمد اس شخص کے جس نے حمد کا لباس اوڑھا اور کرامت پائی ساتھ اس کے۔ پاک ہے وہ کہ تسبیح صرف اسی کے

لَهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبْحَانَ الَّذِىْٓ اَحْصٰى كُلَّ شَىْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ ذِى

شایاں ہے۔ نہیں معبود برحق مگر وہی۔ پاک ہے جس نے ہر شئی کا اپنے علم کے ساتھ احاطہ کیا ہے۔ پاک ہے

الْفَضْلِ وَالْمَنِّ سُبْحَانَ ذِى الطَّوْلِ وَالْحِكْمِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِى الْعِزَّةِ

فضل و احسان والا۔ پاک ہے توانائی اور حکمتوں اور نعمتوں والا۔ پاک ہے عزت اور کامل

وَالتَّكَرُّمِ سُبْحَانَ ذِى الْمَجْدِ وَالْكَرَمِ سُبْحَانَ ذِى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

بزرگی والا۔ پاک ہے بزرگی اور کرم والا۔ پاک ہے جلال و اکرام والا۔

اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے عرش کے عزت والے پیوندوں کے طفیل اور تیری کتاب کے منتہائے

بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَا

رحمت اور تیری عظیم تر اور کامل بزرگی کے طفیل۔ اور بطفیل اللہ کے کلمات تامہ کاملہ کے جن سے

يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

کوئی نیک اور بد تجاوز نہیں کر سکتا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرْتَهُ اللّٰهُ بِتَبْتِيْلٍ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آپ کی آل پر جنہیں اللہ نے حکم دیا اس کی طرف مکمل رجوع اور رغبت کا۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ اَمَرَهُ اللّٰهُ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں اللہ نے حکم دیا

بِالْاِسْتِقَامَةِ تَعْلِيمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

استقامت کا ازروئے تعلیم دائمت اے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَّنْ اَعَدَّ اللّٰهُ اِطَاعَتَهٗ طَاعَةَ اللّٰهِ تَعْظِيمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر کہ اللہ نے جن کی اطاعت کو اپنی اطاعت شمار کیا ازروئے تعظیم کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طَالِبِ الْهُدٰى لِمَنْ جَفَا عَلَيْهِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو جفا کاروں کے لیے بھی ہدایت کے طلبگار ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ عَفَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے اپنے

عَنْ اَصْحَابِهِ الزَّلَّةَ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا وَاَمِتْنَا عَلٰى حُبِّهِمْ وَاحْفَظْنَا مِنْ

اصحاب کی لغزش سے درگزر فرمائی۔ اے اللہ ہمیں زندہ رکھنا اور مارنا ان کی محبت پر اور بچانا ان کے

بُغْضِهِمْ وَسَبِّهِمْ وَلَا تَجْعَلْ لِّاَحَدٍ مِّنْهُمْ وَلَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ اَعْنَاقِنَا

بغض اور سب وشتم سے۔ اور نہ بنانا ان میں سے کسی کا اور نہ اہل اسلام میں سے کسی کا ہماری گردنوں

ظُلَامَةً وَاجْعَلْهُمْ شُفَعَآئَنَا اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ ارْضَ عَنْ

میں بدلہ جفا اور انہیں قیامت میں ہمارے شفیع بنانا۔ اے اللہ راضی ہو

قُطْبِ الْاَقْطَابِ وَفَرْدِ الْاَحْبَابِ وَالْعَامِلِ عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

قطب الاقطاب اور یکتائے احباب سے اور کتاب وسنت پر عامل سے

وَالْقَآئِلِ عَلٰى رُءُوْسِ الْاَشْهَادِ قَدَمِيْ هٰذَا عَلٰى رَقَبَةِ كُلِّ وَلِيِّ اللّٰهِ

اور علانیہ یہ قول کرنے والے سے۔ میرا یہ قدم تمام اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہے۔

اَلْغَوْثِ الْفَرْدِ الْاَوْحَدِ اَبِي الْمَكَارِمِ وَالْمَحَاسِنِ اَعْنِيْ بِهِ الشَّيْخَ شَيْخَنَا

غوث۔ یکتا۔ یگانہ مکارم و محاسن کے مالک سے میری مراد ہے شیخ

وَمُرْشِدَنَا مُحْيِ السُّنَّةِ وَالدِّيْنِ سَيِّدَنَا عَبْدَ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيِّ قَدَّسَ اللّٰهُ

و مرشد محی السنۃ والدین سیدنا شیخ عبدالقادر الجیلانی اللہ ان کے

سِرَّهٗ وَاَعِدْ عَلَيْنَا وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ خُصُوْصِيَاتِهٖ وَنَفَحَاتِهٖ وَجَلْوَاتِهٖ

بھید کو پاک رکھے اور ڈالے ہم پر اور تمام اہل اسلام پر ان کے خصوصیات اور خوشبوئیں اور جلوے

وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ تَحْتَ لِوَآءِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور اٹھائے ہمیں ان کی جماعت میں سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے لواء حمد کے نیچے

وَوَالِدَيْنَا وَمَشَآئِخِنَا وَمُعَلِّمِيْنَا وَاِخْوَانِنَا وَاَصْدِقَآئِنَا وَمُحِبِّيْنَا وَ

اور ہمارے والدین و مشائخ اور اساتذہ۔ بھائیوں اور دوستوں اور محبوں کو اور

كَآفَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ اَجْمَعِيْنَ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ وَاَنْبِيَآئَهٗ وَرُسُلَهٗ

تمام اہل اسلام کو۔ میں گواہ بناتا ہوں اللہ اور تمام ملائکہ اور انبیاء ورسل کو

وَالْحَاضِرِيْنَ مِنْ خَلْقِهٖ اِنِّيْ تَآئِبٌ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مُجْتَنِبٌ مِّنْ

اور مخلوق میں سے تمام حاضرین کو کہ میں توبہ کرتا ہوں اللہ تعالیٰ اور رسول مقبول کی طرف۔ اجتناب کرنے والا ہوں

مَّحَارِمِهٖ مُجْتَهِدٌ عَلٰى طَاعَاتِهٖ مُنِيْبٌ اِلَيْهِ مُوَاظِبٌ عَلٰى خِدْمَةِ

حرام امور سے سعی کرنے والا ہوں طاعات پر۔ قلبی طور پر رجوع کرنے والا ہوں طرف اللہ کے اور فقراء و مساکین کی خدمت پر

الْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنِ بِحَسَبِ الطَّاقَةِ وَاِنَّ سَيِّدَنَا وَقُدْوَتَنَا اِلَى

ہمیشہ کاربند رہوں گا اپنی استطاعت کے مطابق۔ اور یہ کہ ہمارے سردار اور مقتدا اے

اللّٰهِ تَعَالٰى الشَّيْخُ مُحْيُ الدِّيْنِ عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيُّ قَدَّسَ اللّٰهُ سِرَّهُ

راہ خدا۔ شیخ محی الدین عبدالقادر الجیلانی قدس سرہ العزیز

شَيْخُنَا وَمُرْشِدُنَا وَمُقْتَدَانَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ

ہمارے شیخ و مرشد اور مقتدا ہیں دنیا و آخرت میں اور اللہ ہمارے قول پر

وَكِيْلٌ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وکیل ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مَنْ صَدَّقَ اللّٰهُ لَهُ الرُّؤْيَا بِفَتْحِ مَكَّةَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ

کہ جن کے خواب کو تو نے سچا کر دیا فتح مکہ کے ساتھ اے اللہ میں استخارہ کرتا ہوں تیرے علم کے طفیل

وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ وَقُدْرَتِكَ

اور قدرت طلب کرتا تجھ سے تیری قدرت کے ساتھ اور سوال کرتا ہوں تیرے فضل عظیم اور قدرت کاملہ سے

فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ

کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے میں نہیں رکھتا اور تو جانتا ہے میں نہیں جانتا اور تو ہی تمام غیوب کا کامل علم والا ہے اے اللہ

اِنِّیْ لَا اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا حَيَاتًا وَّلَا نُشُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنْ

بیشک میں نہیں مالک اپنی ذات کے لیے ضرر و منفعت کا اور نہ حیات اور جی اٹھنے کا۔ اے اللہ اگر

كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ كُلَّ اَمْرٍ كَانَ خَيْرًا لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ

تو جانتا ہے کہ کوئی بھی امر بہتر ہے میرے لیے میرے دین اور معاش اور انجام کار میں

فَاقْدُرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ كُلَّ اَمْرٍ

تو اسے میرے مقدر فرما اور سہل بنا پھر اس میں مجھے برکت دے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ کوئی امر

شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ

میرے لیے برا ہے دین و معاش اور انجام کار میں تو اسے مجھ سے پھیر دے اور مجھے اس سے پھیر

عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

اور مقدر فرما میرے لیے خیر کو جہاں بھی ہو پھر مجھے اس پر راضی فرما بطفیل اپنی رحمت کے اے ارحم

الرَّاحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ مَنْ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ رَسُوْلُهٗ كَمَا شَهِدَ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَللّٰهُمَّ

پر جن کے متعلق اللہ نے شہادت دی کہ وہ میرے رسول ہیں جیسے کہ انہوں نے شہادت دی کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَخْصُوْصِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو مخصوص ہیں

بِطِيْبِ النَّشْرِ اِلٰى يَوْمِ الْحَشْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پاکیزہ نکہت کے ساتھ قیامت تک کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَرُوْسِ الْخَافِقَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور آپ کی آل پر جو دولہا ہیں مشرق و مغرب کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ مَكَّةَ وَالْحَرَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد و آل محمد پر جو مکہ و حرم کے امام ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ بنایا اللہ نے ان کے منبر اور

بَيْنَ مِنْبَرِهٖ وَرَوْضَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

قبر انور کی درمیانی جگہ کو جنت۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ رَاَى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ مُمَثَّلَتَيْنِ فِیْ ظِلِّ حَائِطِ حُجْرَتِهٖ

محمد پر جنہوں نے دیکھا جنت اور دوزخ کو متمثل اپنے حجرہ مبارکہ کی دیوار کے سایہ میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر کہ بنایا

جَعَلَ اللّٰهُ النُّوْرَ مِنْ قَبْرِهٖ عَمُوْدًا سَاطِعًا مِّنَ الْفَرْشِ مُتَّصِلًا بِقُبَّابِ

اللہ نے آپ کی قبر انور سے عمودی شکل میں بلند ہونے والا نور فرش زمین سے قبۂ عرش تک

الْعَرْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

متصل۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر

الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰهُ حَوْضَهٗ مَسِيْرَةَ شَهْرَيْنِ جُدَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کہ بنایا اللہ نے ان کے حوض کو دو ماہ کی مسافت تک وسیع۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَنْ شَرِبَ مِنْ حَوْضِهٖ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس نے پی لیا ان کے حوض سے

شَرْبَةً هَنِيْئَةً مَّرِيْئَةً لَّا يَظْمَاُ بَعْدَهَا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ایک خوشگوار گھونٹ جس پیاسا ہوگا اس کے بعد کبھی۔ اے اللہ درود و سلام ہو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ نَهَى اللّٰهُ الْخَلْقَ اَنْ يَّرْفَعُوْٓا

سیدنا محمد و آل محمد پر کہ منع فرمایا تو نے مخلوق کو ان کی آواز پر

اَصْوَاتَهُمْ فَوْقَ صَوْتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

آوازیں بلند کرنے سے ۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ سَاقِى الْعَطَاشِ مِنَ الْكَوْثَرِ الَّذِىْ قِبَابُهٗ مِنَ

محمد پر جو پلانے والے ہیں پیاسوں کو حوض کوثر سے ۔ جس کے قبہ جات

اللُّؤْلُؤِ الْمُجَوَّفِ وَكِيْزَانُهٗ عَدَدَ النُّجُوْمِ اَوْ اَكْثَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اندر سے خالی موتیوں سے ہیں اور اس کے کٹورے ستاروں کی مانند بلکہ اس سے بھی زیادہ ہیں ۔ اے اللہ درود و سلام ہو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ سَكَنَتْ بِهٖ صَدْمَةُ قَهْرِ مَانِ

سیدنا محمد و آل محمد پر کہ جن کے طفیل رک گیا غلبہ جبروت کے قہرمان

الْجَبَرُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

و تسلط کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر

الَّذِىْٓ اَنْزَلْتَ بِهِ الْطَافَكَ الْوَارِدَةَ مِنْ اَبْوَابِ الْمَلَكُوْتِ اَللّٰهُمَّ

کہ جن کے طفیل تو نے نازل فرمائے اپنے الطاف جو داخل ہونے والے ہیں ملکوت کے دروازوں سے اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالرَّحْمَةِ الْمُسْدَلِ

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل ہو سیدنا محمد و آل محمد پر جو سراپا رحمت ہیں اور پھیلانے والے

بِهَآ اَذْيَالَ لُطْفِكَ وَسِتْرِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہیں تیرے لطف اور پردہ پوشی کے دامنوں کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام ہو سیدنا محمد و

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْعِصْمَةِ الْمَانِعَةِ لَنَا عَنْ اِنْزَالِ قَهْرِكَ اَللّٰهُمَّ

آل محمد پر جو مجسم عصمت ہیں روکنے والے ہیں ہم پر سے تیرے قہر کے نزول کو ۔ اے اللہ

اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ

میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں بطفیل تیرے اسم اعظم اور کلمات تامہ کے تکلیف دہ اور زہریلے

وَالْهَامَّةِ وَاَعُوْذُ بِكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ

جانوروں کے شر سے ۔ اور پناہ طلب کرتا ہوں بطفیل تیرے اسم اعظم اور کلمات تامہ کے تیرے بندوں

عِبَادِكَ وَمِنْ شَرِّ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ

کے شر اور عذاب کے شر سے اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں ہر سرکش شیطان اور ہر

كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا يَجْرِىْ بِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اِنَّ

معاند و جبار کے شر سے ۔ اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں شب و روز میں جاری ہونے والے کے شر سے بیشک

رَبِّىَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

میرا رب اللہ ہے کہ نہیں معبود برحق مگر وہی اسی پر میں نے توکل کیا اور وہی مالک ہے عرش عظیم کا ۔

اِلٰهِىْ سَلَّطْتَ عَلَيْنَا عَدُوًّا بَصِيْرًا يَرَانَا بَعِيْدًا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ

اے میرے الٰہ تو نے ہم پر ایسا دشمن مسلط کیا جو دیکھنے والا ہے ہمارے عیوب کو خود بھی اور اس کا قبیلہ بھی جہاں سے

لَا تَرَوْنَهُمْ اَللّٰهُمَّ فَاْيِسْهُ مِنَّا كَمَآ اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَقَنِّطْهُ مِنَّا

ہم انہیں نہیں دیکھتے ۔ اے اللہ اسے ہم سے مایوس فرما جیسے کہ اسے اپنی رحمت سے مایوس کیا ہے اور ناامید فرما اسے

كَمَا قَنَّطْتَهٗ مِنْ عَفْوِكَ وَاَبْعِدْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَآ اَبْعَدْتَّ بَيْنَهٗ وَ

ہم سے جیسے ناامید کیا اپنی عفو سے اور دوری پیدا فرما ہمارے اور اس کے درمیان جیسے تو نے اس کے اور جنت

بَيْنَ جَنَّتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

کے درمیان دوری پیدا کی ۔ بے شک تو ہر شئ پر کامل دسترس والا ہے ۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں ۔

عَذَابِ الْقَبْرِ وَوَسْوَسَةِ الصَّدْرِ وَشَتَّاتِ الْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ

قبر کے عذاب ، دل کے وسوسہ اور امور کی پراگندگی سے ۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا

بِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَىَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَجِيْٓءُ بِهِ

ہوں اس سے کہ بددعا کرے مجھ پر رحم جسے میں نے قطع کیا اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں ہواؤں کے لائے ہوؤں کے

الرِّيَاحُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ

شر سے اور میں پناہ طلب کرتا ہوں دوزخیوں کے حال سے اور ہر اس شر سے جس سے تیرے نیک

عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ ۚ وَاَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ

بندوں نے پناہ طلب کی ۔ اور یہ کہ کفایت فرمائے مجھے زمین میں داخل ہونے والے اور اس سے خارج ہونے والے

مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَّمِنْ

کے شر سے اور جو نازل ہوتا ہے آسمان سے اور جو اس میں چڑھتا ہے اور ہر شریر کے شر سے اور ہر شیر اور

شَرِّ كُلِّ اَسَدٍ وَّاَسْوَدٍ وَّحَيَّةٍ وَّعَقْرَبٍ وَّكُلِّ شَيْءٍ عَقُوْرٍ وَشَرِّ سَاكِنِ

سیاہ اژدہا اور سانپ اور بچھو کے شر سے اور ہر کاٹنے والی شئی کے شر سے اور دو سانکوں اور شہروں کے

الْقُرٰى وَالْمُدُنِ وَالْحُصُوْنِ وَالْقَلَاعِ وَالْحَمِيَّاتِ وَسَآئِرِ الْوَحْشِيَّاتِ

ساکنین اور حصون و قلعہ جات اور گناہوں کے ساکنین اور تمام وحشیوں کے شر سے

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

پس مہلت دے کافروں کو (دنیوی زندگی میں) مہلت دے انہیں۔ اور جب تم گرفت کرو گے جبر و قہر کی حالت میں۔ پس اللہ

وَاَطِيْعُوْنِ ۚ صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَّنَحْنُ لَهٗ

سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اللہ کا رنگ ہے اور کون زیادہ احسن ہے اللہ تعالیٰ سے رنگ چڑھانے میں۔ اور ہم اسی کے

عَابِدُوْنَ ۚ يَا رَشِيْدُ اَرْشِدْنَا وَاحْفَظْنَا مِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ

عبادت گزار ہیں۔ اے رشید ہماری رہنمائی فرما اور ہمیں محفوظ فرما بلیات کی مشقت اور شقاوت کے احاطہ

وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ اَللّٰهُمَّ كَيْفَ اَدَآءُ ثَنَآئِهٖ مِنَّا وَاَنْتَ

اور ناپسندیدہ قضاء اور دشمنوں کی شادمانی سے۔ اے اللہ کیسے ممکن ہے ہم سے اس محبوب کی ثناء کرنا اور تو نے

اَلْهَمْتَنِيْ فِيْ شَاْنِهِ الَّذِيْ لَا يَعْلَمُ شَيْءٌ قَدْرَهٗ اِلَّا اَنَا وَكَفٰى لَهٗ وَصْفُكَ

ہی مجھے الہام فرمایا ان کی شان میں کہ ان کا شان و قدر صرف میں ہی جانتا ہوں اور کافی ہے ان کیلئے تیری توصیف

كَمَا سَمَّيْتَهٗ مُحَمَّدًا اَحْمَدَ فِي الْاَوَّلِ بِاسْمِ الذَّاتِيِّ وَالصِّفَاتِيِّ يَا اَللّٰهُ

جیسے کہ تو نے انہیں محمد و احمد نام سے موسوم کیا ابتداء میں ذاتی اور صفاتی نام سے۔ اے اللہ

هُوَ تَوَسُّطُنَا لِوُجُوْدِنَا فَكُلُّ دَعْوَاتِنَا وَنِيَّاتِنَا وَحَاجَاتِنَا بِتَوَسُّطِهٖ

وہی ہمارے وجود کے لیے وسیلہ ہیں لہٰذا ہماری تمام دعائیں۔ نیات اور حاجات بھی انہیں کے توسل سے ہیں

اِلَيْكَ فَتَقَبَّلْهَا وَاقْضِهَا بِوَجْهِ الْاَحْسَنِ بِحُرْمَتِهٖ بِخَيْرِ الْخَيْرَاتِ يَا

طرف تیری لہٰذا انہیں قبول فرما اور احسن طریقہ پر پورا فرما بطفیل ان کی عزت کے اور سب بہتروں سے بہتر کے ۔ یا

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا غَرِيْبٌ مِسْكِيْنٌ فَقِيْرٌ اِلَيْكَ وَغَنِيٌّ بِكَ لَا تَذَرْ لِفَقِيْرِهٖ وَ

رسول اللہ میں غریب و مسکین اور آپ کی طرف محتاج ہوں اور آپ کے ذریعے غنی ہوں ۔ اے اللہ نہ چھوڑ ان کے

غَرِيْبِهٖ وَمِسْكِيْنِهٖ بِاَيِّ حَالٍ فِيْ كُلِّ زَمَانٍ مِنْ نَّظْرَةِ اِحْسَانِهٖ بِعَفْوِهٖ

فقیر و غریب اور مسکین کے لیے کسی حال میں اور کسی زمانہ میں نظر احسان کو برسید ان کے عفو و

وَغُفْرَانِهٖ وَاِمْدَادِهٖ وَاِعَانَتِهٖ وَحِفْظِهٖ بِفَضْلِهِ الْكَرِيْمِ الْعَظِيْمِ بِحُرْمَةِ

بخشش اور امداد و اعانت و حفاظت کے بسبب ان کے فضل کریم و عظیم کے بطفیل

حُسْنِ خُلُقِهٖ وَاصْطِفَآئِهٖ وَاجْتِبَآئِهٖ لِلّٰهِ بِاللّٰهِ بِحَقِّ الْحَقِّ ۔

حرمت ان کے خلق حسن اور مصطفائی و مجتبائی کے اللہ کے ہاں۔ خدا کے لیے بطفیل حقیقت الحق کے۔

يَا حَبِيْبَ الْاِلٰهِ خُذْ بِيَدِيْ ❊ مَا لِعَجْزِيْ سِوَاكَ مُسْتَنَدِيْ

اے حبیب الٰہ میری دستگیری فرمائو نہیں ہے میرے عجز کے لیے تمہارے سوا کوئی سہارا

كُنْ رَّحِيْمًا لِّذِلَّتِيْ وَاشْفَعْ ❊ يَا شَفِيْعَ الْوَرٰى اِلَى الصَّمَدِ

مہربان رہیے میری لغزش پر بھی اور شفاعت کیجیے بارگاہ صمدیت میں اے ساری مخلوق کے شفیع

اِعْتِصَامِيْ سِوَا جَنَابِكَ لِيْ ❊ لَيْسَ يَا سَيِّدِيْ اِلَى الْاَحَدِ

آپ کی بارگاہ کے علاوہ میری عصمت کا موجب کوئی نہیں ہے اے میرے آقا

غَيْرُ عُرْوَتِكَ لَيْسَ فِي الدَّارَيْنِ ❊ لِعَلِيْلٍ ذَلِيْلٍ مُعْتَمِدِيْ

سوائے تیرے مضبوط حلقہ کے دونوں جہان میں نہیں ہے اس بیمار و بیچارہ کے لیے جائے اعتماد

صَلَوَاتِيْ عَلَيْكَ فِي الْمَلَوَيْنِ ❊ كَانَ مُتَجَاوِزًا عَنِ الْعَدَدِ

میرے درود و صلوات ہوں آپ پر دونوں جہانوں میں گنتی و شمار سے زیادہ

اَللّٰهُمَّ بِقَبُوْلِكَ فِيْ كُلِّ حَالِنَا بِلَا نَظَرٍ حَسَنَاتِنَا بِمَحْضِ اِحْسَانِكَ

اے اللہ تیری قبولیت ہمارے شامل حال ہے تمام احوال میں بغیر نظر کئے طرف ہماری نیکیوں کے محض اپنے احسان

وَفَضْلِكَ الْعَظِيْمِ ۚ كَيْفَ وَلَيْسَ مِنَّا حَسَنَةٌ لَّا نَرْجُوْ لِقَبُوْلِكَ يَا سَيِّدَنَا

وفضل عظیم سے کیونکر ایسے نہ ہو جبکہ نہیں ہماری کوئی نیکی لائے ہمارے سیدو مولیٰ تیری قبولیت کے لائق

يَا مَوْلَانَا لَكَ تَيْسِيْرٌ بِالْوَاقِعِ كُلَّ مَا شِئْتَ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبِيْدِكَ

تیری طرف سے ہی توفیق ہے فی الواقع ہر اس امر میں جو تو چاہے۔ میں تیرا ناقص بندہ ہوں۔ اور ناقص بندے کا بیٹا

وَاِنْ كَانَ اَنَا عَبْدٌ اٰبِقٌ مُذْنِبٌ عَاصٍ بِذُنُوْبٍ كَثِيْرٍ لٰكِنْ

اگرچہ میں بھاگا ہوا گناہگار عاصی بندہ ہوں بے حد گناہوں کے ساتھ لیکن

لَيْسَ لَنَا اَحَدٌ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ اَوْلٰى لَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا اَنْتَ وَلِيُّنَا وَاَنْتَ

نہیں ہمارا کوئی بھی سوائے تیرے تو زیادہ رحیم ہے ہم پر بہ نسبت ہمارے نفوس کے۔ تو ہمارا کارساز اور

مَوْلَانَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا مَوْلَانَا حِلْمُكَ وَرَحْمَتُكَ وَقَبُوْلُكَ وَ

متولی امور ہے دنیا و آخرت میں اے ہمارے مولیٰ تیری بردباری اور رحمت۔ قبولیت اور

شَفَاعَتُكَ اَوْسَعُ وَاَعْظَمُ لِلْعَفْوِ وَالشَّفَاعَةِ لِجَمِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَ

شفاعت زیادہ وسیع و عظیم ہے تمام گناہگاروں کی بخشش اور شفاعت کے لئے اور

لِلْقَبُوْلِ وَلِلْوَسِيْلَةِ لِجَمِيْعِ الْمُلْتَمِسِيْنَ الرَّاجِيْنَ وَالْعَاجِزِيْنَ

قبولیت توسل کے لیے واسطے تمام اہل التماس امید واروں۔ عاجزوں۔

الْمُتَحَيِّرِيْنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازٰى نَبِيًّا

حیرت زدوں اور کمزوروں کے لیے۔ جزا دے اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے افضل ترین جزا بہ نسبت

عَنْ اُمَّتِهٖ اِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝

اس جزاء کے جو کسی بھی نبی کو امت کی طرف سے دی۔ بے شک آپ کا اجر نہ ختم ہونے والا ہے۔ اور آپ خلق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

عظیم پر حاوی ہو۔ اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ جن کے اسم مبارک کو

حَجَبَ اللّٰهُ اِسْمَهٗ اَنْ يُّسَمّٰى بِهٖ اَحَدٌ مِّنْ عِبَادِهٖ قَبْلَ ظُهُوْرِهٖ وَمِيْلَادِهٖ

تو نے محفوظ رکھا اس سے کہ کوئی اس سے موسوم ہو آپ کے ظہور و ولادت سے قبل۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ لَا يَدْخُلُ

اے اللہ درود و سلام ہو سیدنا محمد و آل محمد پر کہ نہیں داخل ہوگا

النَّارَ مِنَ الْاَنَامِ مَنْ يُّسَمّٰى بِاسْمِهٖ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ لَوْ كَانَتْ نَفْسُنَا فِيْ كُلِّ

آتش دوزخ میں جو ان کے نام سے موسوم ہوگا یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔ اگرچہ ہمارا نفس ہر

چھوٹے مشکیزہ پر مشکیزوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اُثْفِیَّتِہٖ فِی الْاُثْفِیَّاتِ وَقِدْرِہٖ فِی الْقُدُوْرِ وَمِجْمَرِہٖ فِی الْمَجَامِیْرِ

پر اور آپ کے چولھے کے پتھروں پر ان پتھروں میں اور ہنڈیا پر ہنڈیوں میں اور عود سوز پر عود سوزوں میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بُرْمَتِہٖ فِی

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی ہانڈی پر

الْبُرَمِ وَطَنْجِیْرِہٖ فِی الطَّنَاجِیْرِ وَتَنُّوْرِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہانڈیوں میں اور دھات کی دیگچی پر دیگچیوں اور تنوروں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی طَابِقِہٖ فِی الطَّوَابِیْقِ وَطِسِّہٖ فِی الطِّسَاسِ وَمِرْکَنِہٖ

اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے تھال پر تھالوں میں اور تاشی پر تاشوں میں اور لگن پر

فِی الْمَرَاکِنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مِغْرَفَتِہٖ

لگنوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے چمچہ پر

فِی الْمَغَارِفِ وَمِلْعَقَتِہٖ فِی الْمَلَاعِقِ وَدَلْوِہٖ فِی الدِّلَآءِ اِلٰھِیْ ھَدَیْتَنِیْ فَلَھُوْتُ

چمچوں میں اور چمچی چمچوں میں اور آپ کے ڈول بڑے ڈولوں میں ۔ اے میرے الٰہ تو نے مجھے ہدایت دی پس میں غافل ہو

وَوَعَظْتَ فَقَسَوْتُ وَاَبْلَیْتَ الْجَمِیْلَ فَعَصَیْتُ ثُمَّ غَفَرْتَ فَعُدْتُ وَاِذَا

گیا اور تو نے نصیحت فرمائی تو میں سنگدل ہو گیا اور تو نے اچھائی کر کے آزمایا تو میں نافرمانبردار ہو گیا پھر بھی تو نے بخشش فرمائی تو

عَرَّفْتَنِیْہِ فَاسْتَغْفَرْتُ فَاَقَلْتَ فَعُدْتُ فَسَتَرْتَ فَلَکَ الْحَمْدُ اَللّٰھُمَّ

میں عصیان کی طرف لوٹا اور جب تو احسان جتلائے تو میں مغفرت طلب کرتا ہوں تو لغزش سے باز رہے تو میں پھر برائی کی طرف لوٹتا ہوں تو

اَنْتَ الْمَلِکُ الْجَوَادُ الْبَارُّ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الَّذِیْ قَدْ نَجَحَ

پھر بھی پردہ پوشی کرتا ہے پس تیرے لیے ہی حمد و ثنا ہے ۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ صاحب جود و صاحب احسان بہت بخشنے والا مہربان ہے میں

حَاجَاتُ مَنْ تَوَجَّہَ اِلَیْکَ بِالصِّدْقِ وَالْاِطَاعَۃِ وَبُدِیَ قَلْبُہٗ وَشُرِحَ

معبود برحق مگر تو کہ تحقیق پوری کی گئیں حاجات ان کی جو متوجہ ہوئے تیری طرف صدق و اطاعت کے ساتھ اور فراخ کیا گیا دل اس کا اور کشادہ کیا گیا

صَدْرُہٗ وَنُزِحَ حُزْنُہٗ وَنُزِحَ مَآءُ الْحَیٰوۃِ مِنْ بِحَارِ قُدْرَتِکَ الَّتِیْ ھِیَ

سینہ اس کا اور دور کیا گیا حزن اس کا اور کھینچا گیا آب حیات تیری قدرت کے سمندروں سے (اس کے لیے)

قَادِرَۃٌ عَلٰی اِیْجَادِ اِنْ اَرَدْتَّہٗ وَعَلٰی اِعْدَامٍ اِنْ شِئْتَہٗ اَللّٰھُمَّ اِنْ عَادَنِیْ

جو کہ قادر ہے ایجاد پر جب ارادہ کرے تو ایجاد کا اور معدوم کرنے پر اگر چاہے معدوم کرنا ۔ اے اللہ اگر عداوت رکھے مجھ

جِنٌّ حَاسِدٌ اَوْ شَيْطَانٌ مَّرِيْدٌ يَتَمَثَّلُ بِمِثَالٍ بَشَرِيٍّ اَوْ حَيَوَانِيٍّ حَيْثُ دَعَوْتُهٗ

سے حاسد جن یا سرکش شیطان جو متشکل ہو شکل بشری یا حیوانی میں جہاں میں اس کو بلاؤں اور

وَعَيَّنْتُهٗ لِاِهْلَاكِ عَدُوٍّ فَاَهْلِكْهُ فَاِنَّهٗ خَالَفَ اَهْلَ الْاِسْلَامِ وَابْتَغَى اللّٰهُمَّ

متعین کروں کسی دشمن کی ہلاکت کے لیے تو اس کو ہلاک فرما کیونکہ اس نے اہل اسلام کی مخالفت اور بغاوت کی۔ اے اللہ

اَنْتَ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَنَاصِرُهُمْ وَبَارِئُهُمْ اِنِّيْ مِمَّنْ اٰمَنَ بِكَ وَبِمَنْ اَمَرْتَ

تو اہل ایمان کا ولی و ناصر اور محسن ہے، میں ان میں سے ایک فرد ہوں جو تجھ پر ایمان لائے اور جن کے ساتھ ایمان لانے کا

بِالْاِيْمَانِ بِهٖ اَنْصُرْنِيْ عِنْدَ كُلِّ دَهْشَةٍ وَّشِدَّةٍ وَاَقْلِبْ وَهْمِيْ وَخَيَالِيْ اِنْ كَانَ

تو نے حکم دیا میری مدد فرما ہر دہشت اور شدت کے وقت اور بدل دے میرے وہم و خیال کو اگر وہ موجب

نُقْصَانًا لِهٰذَا الدَّاعِيْ وَلِاَهْلِهٖ وَاَحِبَّائِهٖ وَاَوْلَادِهٖ اِلٰى خِلَافِهٖ يَا بَارُّ يَا بَرًّا مَحْمُوْدًا

نقصان ہو اس دعا طلب اور اس کے اقرباء اور احباب و اولاد کے لیے دوسری جانب اے محسن محمود احسان والے ازروئے

وُجُوْدًا اَيًّا مَّا كَانَ مِنْ وُّجُوْدٍ عَرَضِيًّا اَوْ جَوْهَرِيًّا اَنْتَ تَامٌّ مَّحْمُوْدٌ وَالْقَابِلُ نَاقِصٌ

وجود کے جو وجود بھی ہو عرضی یا جوہری تو کامل و محمود ہے اور قابل ناقص ہے

فَتَمِّمْهُ بِاِضَافَةِ نُوْرِهٖ سَارِيًا فِيْ عُرُوْقِهٖ وَغَيِّرْ مُضِرَّ سَيَلَانِ الدَّمِ وَتَبَدُّلَهَا اِلٰى

لہٰذا تو اس کو بھی کامل فرما بسبب ملانے نور کے جو سرایت کرنے والا ہو اس کی رگوں میں اور دوران خون کیلئے مضر نہ ہو اور نہ

فُضُوْلَاتِ الْبَشَرِيَّةِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ مُتَصَوِّرًا النُّوْرَكَ الْاِجْمَالِيَّ الْمُعْتَدِلَ فَاجْعَلْهُ

زوائد بشریہ کی طرف ڈھلنے والا ہو۔ اے اللہ اگر تو اپنے نور اجمالی معتدل کو صورت و شکل دینے والا ہے تو اسے میرے

لِيْ لَذِيْذًا وَّمُتَسَوِّقًا مِنْ غَيْرِ عَارِضٍ وَّلَا بَارِدٍ بِشِدَّةِ اللَّمَعَاتِ بَلْ مُعِدًّا لِهٰذَا

لیے لذیذ اور خوشگوار بغیر کسی عارض کے اور نہ ظاہر ہونے والا شدید چمکوں کے ساتھ بلکہ استعداد پیدا کرنے والا

الدَّاعِيْ بِالْعَضِّ فِي الْوُصُوْلِ فَاَغِبَّ فِيْ ذٰلِكَ اَلْبَارِّ مُتَلَذِّذًا بِالْجِمَاعِ مَعَ الصُّوَرِ

واسطے اس دعا گو کے چبانے کے ساتھ وصول میں پس غائب فرما اس نکوکار میں لذت اندوز ہوتے ہوئے بسبب

اَلْغَيْبِيَّةِ الْحَسَنَةِ الْجَمَالِيَّةِ وَالسَّعَادَةِ مُنَزَّهًا عَنِ الشَّهَوَاتِ الْبَشَرِيَّةِ الْمُزِيْلَةِ

اجتماع کے ساتھ غیبی حسین و جمیل اور سعادت مند صورتوں کے درآنحالیکہ منزہ ہو شہوات بشریہ سے جو زائل کرنے والی ہیں

لِلنُّطْفَةِ وَاجْعَلْنِيْ اِذْعَانًا فِيْ قَوْمٍ مِّنَ الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَجُنْدِهٖ اِخْذًا لِلّٰهِ بِاَرْصَانٍ

نطفہ کو اور بنا دے مجھے ازروئے یقین کے ملاء اعلیٰ کی قوم اور لشکر میں درآنحالیکہ میں حاصل کرنے والا ہوں ساتھ کامل

تَامٍّ مِّنْ غَيْرِ فَقْدِ سِرٍّ مِّنْ اَسْرَارِكَ بِحَيْثُ لَا يَصْدُرُ مِنِّيْ خِلَافُ الْاِذْعَانِ وَلَا

استحکام کے بغیر گم کیے کسی راز کو تیرے رازوں سے اس انداز میں کہ نہ سرزد ہو مجھ سے خلاف یقین اور نہ ہی

جُرْمٌ فِيْ فَوَاتِحِ هٰذَا الْاِسْمِ وَمَظَاهِرِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الطَّبَائِعَ فِيْ هٰذَا الدَّاعِيْ

کوئی جرم اس اسم کے فواتح اور مظاہر میں۔ اے اللہ بنا دے طبائع کو اس دعا طلب میں

مُعْتَدِلَةً اِخْذَةً لِّجِنْسِهَا اَمْثَلَ اِعْتِدَالِهَا مِنْ غَيْرِ تَعَدٍّ حَتّٰى لَا يَهْلِكَ

معتدل جو اپنے جنس کو اخذ کریں کامل اعتدال کے ساتھ بغیر تجاوز کے یہاں تک کہ نہ ہلاک ہو

شَخْصِيْ بِغَيْظٍ زَائِدٍ اَوْ تَكَوُّنِ مُضْغَةٍ اَوْ اِفْرَاطِ قُوَّةٍ مِّنَ الْقُوَى الْاِنْسِيَّةِ

میرا شخص زائد غیظ و غضب سے یا مضغہ کے بننے یا انسانی قوتوں میں سے کسی کے حد سے بڑھنے کی وجہ سے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَافِظِيْ وَالْمَلَائِكَةُ الْاَرْبَعَةُ الْمُوَكَّلَةُ عَلَى الْكَيْفِيَّاتِ الْاَرْبَعَةِ

اے اللہ تو میرا محافظ ہے اور چار فرشتے جو موکل ہیں چار کیفیات پر

اَلْمُتَوَلِّدَةِ مِنْهَا الْاَرْبَعَةُ الْاُخْرٰى تَحْتَ اَمْرِكَ وَرِضَاكَ وَسَوَادِيْ وَخَيَالِيْ

جن سے پیدا ہونے والی ہیں چار کیفیات دوسری تیرے امر و رضا کے تحت اور میرے سیاہ و خیال کے تحت

وَكُلُّ اَمْرٍ عَرَضِيٍّ اَوْ جَوْهَرِيٍّ لَكَ اِجْعَلْهَا بَارَّةً فِيْ عَبْدِكَ هٰذَا الدَّاعِيْ

اور اپنے ہر امر عرضی اور جوہری کو بنا دے موافق طبع اپنے اس عبد میں اور طالب حاجات میں

اِلَيْكَ يَا فَاطِرَ الْحَقَائِقِ الْمُتَفَرِّدُ بِالْعَظَمَةِ وَالْجَلَالِ الْمُنَزَّهُ عَنِ الْكُفْوِ الَّذِيْ

اے پیدا کرنے والے حقائق کے جو متفرد ہے عظمت و جلال کے ساتھ اور منزہ ہے کفو و مثیل سے کہ

تَقْرُبُهٗ اَوْ تَنْظُرُهٗ اَوْ تَتَلَذَّذُ بِهٖ فَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يُّقَدِّرَ عَلٰى مَكَانٍ وَّصْفِهٖ

کوئی اس کے قریب ہو یا نظیر و مماثل ہو یا اس سے لذت گیر ہو کیں نہیں ہے کسی کے لیے شایاں کہ قادر ہو اس کی حقہ توصیف

كَمَا هُوَ يَا زَاكِيَ الطَّاهِرِ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِهٖ زَكِّنِيْ وَطَهِّرْنِيْ مِنْ كُلِّ لَوْثٍ

پر اے پاکیزہ و طاہر ہر آفت سے بسبب اپنے تقدس کے مجھے پاک اور طاہر فرما ہر انسانی آلائش سے

اِنْسِیِّ بِحَیْثُ یَکُوْنُ صُوْرَتِیْ وَشَخْصِیْ صُوْرَۃَ اِنْسِیِّ وَسَیْرِیْ فِیْ سَیْرَۃً

اس انداز سے کہ میری صورت اور جسم انسانی پر اور میری سیرت کو بنا دے

شَبِیْھًا بِالْعَقْلِ الْاَوَّلِ بِفَضْلِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُكَ عَلَیْنَا

مشابہ عقل اول کی سیرت کے اپنے فضل سے اے ارحم الراحمین اور تیرا فضل ہم پر نہ ہو

لَمَا زَکَیْتُ اَبَدًا وَّلٰکِنْ تُزَکِّیْ مَنْ تَشَآءُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ تَجْعَلَنِیْ

تو میں کبھی پاک نہیں ہو سکتا لیکن تو ہی پاک کرتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اے اللہ تو قادر ہے اس پر کہ بنائے مجھے

ھٰکَذَا فَاجْعَلْنِیْ مَحْفُوْظًا عَنْ اٰفَۃٍ اَرْضِیَّۃٍ کَانَتْ اَوْ سَمَاوِیَّۃً مَانِعَۃً

اس طرح پس مجھے محفوظ فرما ہر آفت سے ارضی ہو یا سماوی ہو جو مانع ہو

بِعُبُوْرِ الْعَقْلِ وَالسَّیْرِ فِی الْقُدْسِیَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

عقل کے عبور اور سیر سے قدسیات میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ذِیْ رَحِمِہٖ فِیْ ذَوِی الْاَرْحَامِ وَذُرِّیَّتِہٖ

محمد و آل محمد پر اور آپ کے ذوی الارحام پر تمام ذوی الارحام میں اور آپ کی ذریت

فِی الذَّرَارِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر تمام ذریات میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

وَّعَلٰی مُرْضِعِہٖ فِی الْمَرَاضِعِ وَاَبِیْہِ فِی الْاٰبَآءِ وَجَدِّہٖ فِی الْاَجْدَادِ اَللّٰھُمَّ

اور آپ کو دودھ پلانے والی پر دودھ پلانے والیوں میں اور آپ کے باپ پر آباء میں اور دادا پر اجداد میں

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَدَّتِہٖ فِی الْجَدَّاتِ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی دادی پر دادیوں میں

وَجَدِّہِ الْفَاسِدِ فِی الْاَجْدَادِ الْفَاسِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور نانے پر نانوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَدَّتِہِ الْفَاسِدَۃِ فِی الْجَدَّاتِ الْفَاسِدَاتِ وَعَمِّہٖ

اور آل محمد پر اور آپ کی نانی پر نانیوں میں اور چچے پر

فِی الْاَعْمَامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

چچوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور

عَلٰی زَوْجِ عَمَّتِہٖ فِیْ اَزْوَاجِ الْاَعْمَامِ وَعَمَّتِہٖ فِی الْعَمَّاتِ وَزَوْجِ عَمَّتِہٖ فِیْ

آپ کی چچی پر چچوں کی بیویوں میں۔ اور پھوپھی پر پھوپھیوں میں اور پھوپھی کے خاوند پر

اَزْوَاجِ الْعَمَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پھوپھیوں کے خاوندوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر

وَّعَلٰی اَخِیْہِ فِی الْاِخْوَۃِ وَاُخْتِہٖ فِی الْاَخَوَاتِ وَخَالِہٖ فِی الْاَخْوَالِ اَللّٰھُمَّ

اور آپ کے بھائی پر بھائیوں میں اور آپ کی بہن پر بہنوں میں اور ماموں پر ماموؤں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خَالَتِہٖ فِی

صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی خالہ پر

الْخَالَاتِ وَوَلَدِہٖ فِی الْاَوْلَادِ وَابْنِہٖ فِی الْاَبْنَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

خالاؤں میں اور آپ کی اولاد پر اولادوں میں اور آپ کے ہر صاحبزادہ پر صاحبزادوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مُتَبَنِّیْہِ فِی الْمُتَبَنِّیْنَ وَکُنَّتِہٖ فِی

سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے متبنی پر متبناؤں میں اور آپ کی بہو پر

الْکُنَّانِ وَبِنْتِہٖ فِی الْبَنَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

بہوؤں میں اور ہر صاحبزادی پر صاحبزادیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خَتْنِہٖ فِی الْاَخْتَانِ وَسِبْطِہٖ فِی الْاَسْبَاطِ وَحَافِدَتِہٖ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے سسر پر سسروں میں اور ہر بیٹے پر بیٹوں میں اور پوتے

فِی الْحَافِدَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر پوتوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

وَّعَلٰی زَوْجِہٖ فِی الْاَزْوَاجِ وَحَمَاتِہٖ فِی الْحَمَّاتِ وَصِھْرِہٖ فِی الْاَصْھَارِ

اور آپ کی ہر بیوی پر بیویوں میں اور آپ کی ساس پر ساسوں میں اور آپ کے داماد پر دامادوں میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خَتَنَتِہٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی ساس پر

فِی الْخَتَنَاتِ وَسَلِّفِہٖ فِی الْاَسْلَافِ وَصَاھِرَتِہٖ فِی الْمُصَاھَرَاتِ اَللّٰھُمَّ

ساسوں میں اور آپ کے ہم زلف پر ہم زلفوں میں اور آپ کے سسر جیسے پر مصاہرت میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی خَلِیْفَتِہٖ فِی الْخُلَّفِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر خلیفہ پر خلفاء میں

وَصَحْبِہٖ فِی الْاَصْحَابِ وَخَادِمِہٖ فِی الْخَدَمِ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِکَ وَنَسْئَلُکَ

اور صحابی پر اصحاب میں اور ہر خادم پر خدام میں۔ اے اللہ ہم تجھ سے وسیلہ پکڑتے ہیں اور تجھی سے سوال

وَنَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِکِتَابِکَ الْعَزِیْزِ وَنَبِیِّکَ الْکَرِیْمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ

کرتے ہیں اور توجہ کرتے ہیں تیری طرف بطفیل تیری کتاب عزیز اور تیرے نبی کریم سیدنا محمد صلی اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِشَرَفِہِ الْمَجِیْدِ وَبِاَبَوَیْہِ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَبِصَاحِبَیْہِ

علیہ وسلم کے اور بطفیل ان کے شرف و مجد کے اور بطفیل ان کے دونوں باپ ابراہیم و اسماعیل کے اور دونوں صحابیوں

اَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ وَذِی النُّوْرَیْنِ عُثْمَانَ وَاٰلِہٖ فَاطِمَۃَ وَعَلِیٍّ وَوَلَدَیْھِمَا الْحَسَنِ

ابوبکر و عمر کے اور بطفیل ذی النورین عثمان اور آپ کی آل فاطمہ و علی اور صاحبزادوں حسن

وَالْحُسَیْنِ وَعَمَّیْہِ حَمْزَۃَ وَالْعَبَّاسِ وَزَوْجَتَیْہِ خَدِیْجَۃَ وَعَائِشَۃَ اَللّٰھُمَّ

و حسین کے اور چچوں حمزہ و عباس کے اور دونوں بیویوں خدیجہ و عائشہ کے۔ اے اللہ

ارْحَمْ اَبَابَکْرٍ التَّقِیَّ وَعُمَرَ النَّقِیَّ وَعُثْمَانَ الزَّکِیَّ وَعَلِیًّا الْوَفِیَّ اَسَدَ اللّٰہِ

رحم فرما ابوبکر پرہیزگار، عمر پاکیزہ، عثمان طاہر اور علی باوفا اسد اللہ مرتضٰے

الْمُرْتَضٰی وَفَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ وَخَدِیْجَۃَ الْکُبْرٰی وَعَائِشَۃَ الصِّدِّیْقَۃَ الْعُلْیَا

پر اور فاطمہ زہراء، خدیجہ الکبریٰ اور عائشہ صدیقہ بلند شان پر

وَالْحَسَنِ الرِّضٰی وَالْحُسَیْنِ الشَّھِیْدِ الْمُجْتَبٰی وَالشُّھَدَآءِ الْکَرْبَلَا وَالسَّعْدَ

حسن مجتبیٰ رضا اور حسین شہید مجتبیٰ پر اور تمام شہداء کربلا پر اور سعد

وَالسَّعِیْدَ وَالطَّلْحَۃَ وَالزُّبَیْرَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَاَبَا عُبَیْدَۃَ بْنَ

و سعید اور طلحہ و زبیر اور عبدالرحمن بن عوف و ابو عبیدہ بن الجراح

الْجَرَّاحِ الْعَشَرَۃَ الْمُبَشَّرِیْنَ وَسَائِرَ الصَّحَابَۃِ وَالتَّابِعِیْنَ وَالْخُلَفَآءَ الرَّاشِدِیْنَ

یعنی تمام عشرہ مبشرہ پر اور دیگر تمام صحابہ کرام و تابعین اور خلفاء راشدین پر

رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ۚ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا وَلِوَالِدَیْنَا

رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین۔ اے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں بخش اور ہمارے والدین

وَلِمَشَائِخِنَا وَلِاَسَاتِذَتِنَا وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اور مشائخ و اساتذہ کو اور تمام مومنین و مومنات زندہ اور فوت شدہ کو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی غِلْمَانِہٖ فِی الْغِلْمَۃِ وَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر غلام پر غلاموں میں

مَوَالِیْہِ فِی الْمَوَالِیْ وَشِیْعَتِہٖ فِی الْاَشْیَاعِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور محبوں پر تمام محبوں میں اور جماعتوں پر جماعتوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی نَصِیْرِہٖ فِی الْاَنْصَارِ وَمُھَاجِرِہٖ فِی الْمُھَاجِرِیْنَ وَ

اور آل محمد پر اور آپ کے مددگار پر مددگاروں میں اور ہر مہاجر پر مہاجرین میں اور

فَارِسِہٖ فِی الْفَوَارِسِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

آپ کے ہر شاہسوار پر شاہسواروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَعْرَابِہٖ فِی الْاَعَارِیْبِ وَفَیْجِہٖ فِی الْفُیُوْجِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر اور آپ کے اعراب پر اعرابیوں میں اور آپ کے ہر کارہ پر ہرکاروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی سَفِیْرِہٖ فِی السُّفَرَآءِ وَرَسُوْلِہٖ فِی

فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر سفیر پر سفیروں میں اور ایلچی پر

الرُّسُلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا

ایلچیوں میں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور تقویٰ کا اور تیرے ہاں

تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ لَنَا الْبُعْدَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ

پسندیدہ عمل کا۔ اے اللہ آسان فرما ہم پر ہمارا یہ سفر اور لپیٹ دے ہمارے لیے اس کی دوری۔ اے اللہ تو ہی ساتھی ہے

فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ وَ

سفر میں اور نگران ہے اہل و عیال میں۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں سفر کی تھکان اور

كَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ اَللّٰهُمَّ اطْوِ لَهُ

برے منظر سے اور بری بازگشت سے مال اور اہل و اولاد میں۔ اے اللہ سمیٹ اس کی

الْبُعْدَ وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الشَّرَفُ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ وَلَكَ

دوری کو اور آسان فرما اس پر سفر کو۔ اے اللہ تیرے لیے ہی ہے بزرگی ہر شرف و بزرگی پر اور تیرے لیے

الْحَمْدُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

ہے حمد ہر حال میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اُمَّتِهٖ فِي الْاِمَآءِ وَعَبْدِهٖ فِي الْعَبِيْدِ وَكَاتِبِهٖ فِي

محمد پر اور آپ کی لونڈی پر لونڈیوں میں اور غلام پر غلاموں میں اور ہر کاتب پر

الْكُتَّابِ وَرَقِيْبِهٖ فِي الرُّقَبَآءِ وَحَارِسِهٖ فِي الْحُرَّاسِ وَنَقِيْبِهٖ فِي

کاتبوں میں اور آپ کے ہر نگران پر نگرانوں میں اور ہر پہرے دار پر پہرے داروں میں اور آپ کے مقرر کردہ ہر سردار پر

النُّقَبَآءِ وَمُؤَذِّنِيْهِ فِي الْمُؤَذِّنِيْنَ وَخَطِيْبِهٖ فِي الْخُطَبَآءِ وَجَاسُوْسِهٖ فِي

ایسے سرداروں میں اور ہر مؤذن پر مؤذنوں میں اور ہر خطیب ہر خطیبوں میں اور آپ کے ہر جاسوس پر

الْجَوَاسِيْسِ وَاُمَّتِهٖ فِي الْاُمَمِ وَشَاعِرِهٖ فِي الشُّعَرَآءِ وَبَوَّابِهٖ فِي الْبَوَّابِيْنَ

جاسوسوں میں اور آپ کی اُمت پر اُمتوں میں اور ہر شاعر پر شاعروں میں اور ہر دربان پر دربانوں میں

وَقَصَّادِهٖ فِي الْقَصَّادِيْنَ وَخَيَّاطِهٖ فِي الْخَيَّاطِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور ان کی طرف متوجہ ہونے والے پر متوجہ ہونے والوں میں اور ان کے درزی پر درزیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى طَبَّاخِهٖ فِي الطَّبَّاخِيْنَ وَعَصَّارِهٖ فِي

فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے باورچی پر باورچیوں میں اور شیرہ نکالنے پر

الْعَصَّارِيْنَ وَرَاعِيْهِ فِي الرُّعَاةِ وَحَجَّامِهٖ فِي الْحَجَّامِيْنَ وَفَصَّادِهٖ فِي

شیرہ نکالنے والوں میں اور ہر چرواہے پر چرواہوں میں اور سینگیاں لگانے والے پر ایسے لوگوں میں اور رگزن پر

الْفَصَّادِيْنَ وَمُنَادِيْهِ فِي الْمُنَادِيْنَ وَصَبَّاغِهٖ فِي الصَّبَّاغِيْنَ وَسَمَّانِهٖ فِي

رگزنوں میں اور آپ کے منادی پر منادیوں میں اور رنگریز پر رنگریزوں میں اور گھی فروش پر

السَّمَّانِيْنَ وَلَبَّانِهٖ فِي اللَّبَّانِيْنَ وَحَدَّادِهٖ فِي الْحَدَّادِيْنَ وَصَيَّاغِهٖ فِي

گھی فروشوں میں اور دودھ فروش پر دودھ فروشوں میں اور آپ کے لوہار پر لوہاروں میں اور سنار پر

الصَّيَّاغِيْنَ وَعَطَّارِهٖ فِي الْعَطَّارِيْنَ وَحَلَّاقِهٖ فِي الْحَلَّاقِيْنَ وَحَطَّابِهٖ فِي

سناروں میں اور عطار پر عطاروں میں اور آپ کے حجام پر حجاموں میں اور آپ کے لکڑہارے پر

الْحَطَّابِيْنَ وَحَادِيْهِ فِي الْحُدَاةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

لکڑہاروں میں اور حدی خواں پر حدی خوانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى دِيْنِهٖ فِي الْاَدْيَانِ وَمِلَّتِهٖ فِي الْمِلَلِ وَمَذْهَبِهٖ فِي

آل محمد پر اور آپ کے دین پر ادیان میں اور ملت پر ملتوں میں اور مذہب پر

الْمَذَاهِبِ وَشَرِيْعَتِهٖ فِي الشَّرَآئِعِ وَطَرِيْقَتِهٖ فِي الطُّرُقِ وَحَقِيْقَتِهٖ فِي الْحَقَآئِقِ

مذاہب میں آپ کی شریعت پر شریعتوں میں اور آپ کی طریقت پر طریقوں میں اور حقیقت پر حقیقتوں میں

وَمَعْرِفَتِهٖ فِي الْمَعَارِفِ وَاَمْرِهٖ فِي الْاَوَامِرِ وَنَهْيِهٖ فِي النَّوَاهِيْ وَخَلْوَتِهٖ فِي

اور آپ کی معرفت پر معرفتوں میں۔ اور آپ کے امر پر اوامر میں اور منع پر مناہی میں اور خلوت پر

الْخَلَوَاتِ وَطَاعَتِهٖ فِي الطَّاعَاتِ وَعِبَادَتِهٖ فِي الْعِبَادَاتِ وَطَهَارَتِهٖ فِي

خلوتوں میں اور اطاعت پر طاعات میں اور آپ کی عبادت پر عبادات میں اور طہارت پر

الطَّهَارَاتِ وَغُسْلِهٖ فِي الْمُغْتَسِلِيْنَ وَوُضُوْئِهٖ فِي الْمُتَوَضِّئِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

طہارتوں میں اور آپ کے غسل پر غسل کرنے والوں میں اور وضو پر وضو کرنے والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مِسْوَاكِهٖ فِي الْمَسْوَاكِيْنَ وَيَتِيْمِهٖ فِي

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے مسواک پر مسواکوں میں اور آپ کے یتیم پر

الْمُتَيَتِّمِيْنَ وَمَسْحِهٖ فِي الْمَاسِحِيْنَ وَمَعْبَدِهٖ فِي الْمَعَابِدِ وَعِيْدِهٖ فِي الْاَعْيَادِ وَ

تمام تر اہل یتیم میں اور آپ کے مسح پر اہل مسح میں اور جائے عبادت پر عبادتگاہوں میں اور آپ کی عید پر عیدوں

جُمُعَتِهٖ فِي الْجُمُعَاتِ وَعَنَزَتِهٖ فِي الْعَنَزَاتِ وَجَمَاعَتِهٖ فِي الْجَمَاعَاتِ وَمَسْجِدِهٖ

میں اور جمعہ پر جمعوں میں اور چھوٹے نیزہ پر ایسے نیزوں میں اور آپ کی جماعت پر جماعتوں میں اور مسجد پر

فِي الْمَسَاجِدِ وَمِنْبَرِهٖ فِي الْمَنَابِرِ وَاَذَانِهٖ فِي الْمُؤَذِّنِيْنَ وَسُتْرَتِهٖ فِي السُّتُرَاتِ

مساجد میں اور آپ کے منبر پر منبروں میں اور آپ کی اذان پر موذنین میں اور آپ کے سترہ پر سترہ میں

وَصَفِّهٖ فِي الصُّفُوْفِ وَخُطْبَتِهٖ فِي الْخُطَبِ وَاِقَامَتِهٖ فِي الْمُقِيْمِيْنَ وَسَجَّادَتِهٖ

اور آپ کی صف پر صفوں میں اور خطبہ پر خطبوں میں اور اقامت صلوٰۃ پر اہل اقامت میں اور آپ کے مصلے

فِي السَّجَّادَاتِ وَطِنْفِسَتِهٖ فِي الطَّنَافِسِ وَاِمَامَتِهٖ فِي الْاَئِمَّةِ وَصَلٰوتِهٖ فِي

پر مصلوں میں اور آپ کی چٹائی پر چٹائیوں میں اور امامت پر آئمہ میں اور آپ کی نماز پر

الصَّلَوَاتِ وَقِيَامِهٖ فِي الْقَائِمِيْنَ وَمِحْرَابِهٖ فِي الْمَحَارِيْبِ اَللّٰهُمَّ

نمازوں میں اور قیام پر اہل قیام میں آپ کے محراب پر محرابوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جِذْعِهٖ فِي الْجِذَاعِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے تن اقدس پر تنوں میں

وَنِيَّتِهٖ فِي النِّيَّاتِ وَتَكْبِيْرِهٖ فِي التَّكْبِيْرَاتِ وَتَحْرِيْمَتِهٖ فِي التَّحْرِيْمَاتِ وَفَرْضِهٖ

اور آپ کی نیت پر نیات میں اور تکبیر پر تکبیرات میں اور تکبیر تحریمہ پر تحریمات میں اور ہر فرض پر

فِي الْفَرَائِضِ وَوَاجِبِهٖ فِي الْوَاجِبَاتِ وَسُنَّتِهٖ فِي السُّنَنِ وَمُسْتَحَبِّهٖ فِي الْمُسْتَحَبَّاتِ

فرائض میں اور ہر واجب پر واجبات میں اور سنت پر سنن میں اور ہر مستحب پر مستحبات میں

وَنَفْلِهٖ فِي النَّوَافِلِ وَمُبَاحِهٖ فِي الْمُبَاحَاتِ وَتَهَجُّدِهٖ فِي الْمُتَهَجِّدِيْنَ وَقِرَآءَتِهٖ

اور آپ کے نفل پر نوافل میں اور مباح پر مباحات میں اور آپ کی تہجد پر اہل تہجد میں اور قرات پر

فِي الْقُرَّآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى خُشُوْعِهٖ

قاریوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے خشوع پر

فِي الْخَاشِعِيْنَ وَرَكْعَتِهٖ فِي الرَّكَعَاتِ وَشَفْعَتِهٖ فِي الشَّفَعَاتِ وَرُكُوْعِهٖ فِي

اہل خشوع میں اور ہر رکعت پر رکعات میں اور دو دو رکعت پر جفت رکعات میں اور رکوع پر

الرُّكَّعِ وَقُنُوْتِهٖ فِي الْقَانِتِيْنَ وَقَوْمَتِهٖ فِي الْقَوْمَاتِ وَمَاْوٰيهِ فِي الْمَاْوِيْنَ

اہل رکوع میں اور قنوت پر اہل قنوت میں اور قومہ پر قوموں میں اور آپ کے ہر مقتدی پر مقتدیوں میں

وَسَجْدَتِهٖ فِي السَّجْدَاتِ يَا صَمَدُ مِنْ غَيْرِ شِبْهٍ فَلَا شَيْءَ كَمِثْلِهٖ اِجْعَلْنِيْ غَنِيًّا

اور آپ کے ہر سجدہ پر سجدوں میں۔ اے بے نیاز بلا مشابہ کوئی شئی جس کی مثل نہیں ہے مجھے کونین سے

عَنِ الْكَوْنَيْنِ فَاطِرًا بَيْنَ يَدَيْكَ قَآئِمًا فِيْ اَوَامِرِكَ الَّتِيْ اَنْتَ كَلَّفْتَنِيْ بِهَا

بے نیاز کردے درآنحالیکہ افطار کرنے والا ہوں تیرے حضور اور برپا کرنے والا تیرے احکام کونین کے ساتھ تو نے مجھے مکلف فرمائے

مِنْ غَيْرِ مُثْلَةٍ مِّنَ الْمُثْلَاتِ الدَّنِيَّةِ الرَّدِيَّةِ النَّفْسِيَّةِ الْاَمَّارِيَّةِ يَا قُدُّوْسُ

بغیر کسی آفت کے حقیر ردی نفس امارہ کی آفات سے۔ اے قدوس

يَا سُبُّوْحُ اَرْسِلْ عَلَيَّ الرَّشَحَاتِ الصَّمَدِيَّةَ الْفَنَيَّةَ مِنَ الْاِرْشَادَاتِ

اے سبوح بھیج مجھ پر صمدی چھینٹوں سے جو لوگوں والے ہیں بشری

الْبَشَرِيَّةِ الْمُوْصِلَةِ اِلَيَّ مِنْ مَّحْضِ السِّرِّ مِنِّيْ الْمُمْتَدِّ الشُّعَاعِيِّ مِنْ غَيْرِ اَخْذٍ

رہنمایوں سے جو پہنچانے والے ہیں طرف میری محض سر منہ نورانی سے بغیر استعمال کرنے

اٰلَةٍ مِّنَ الْاٰلَاتِ السَّبَبِيَّةِ الْغَيْرِ الْمُمَاثِلَةِ لِعَالَمِ الْحِسِّ ثُمَّ اَقِمْنِيْ دَآئِمًا

کے کوئی آلہ آلات سببیہ سے جو مشابہ نہیں ہیں عالم محسوسات کے پھر مجھے قائم رکھ ہمیشہ

اِلٰى اَسْبَابِ السَّمٰوٰتِ مِنْ غَيْرِ مَنْعٍ وَّسَلْبٍ فِي الْعُرُوْجِ اِلَى مَرْقَاتٍ وَّ

آسمانوں کی طرف چڑھنے والے راستوں میں بغیر کسی رکاوٹ اور سلب قوت کے عروج میں طرف بلندی اور

عَرَوَانٍ غَيْرِ مُتَوَقِّفٍ عَلٰى اِذْنٍ بَلْ مُتَدَارِجًا بِدَارَجَةٍ مَّعَ رُوْحِيَّةٍ وَّنَفْسٍ

تجاوز کے بغیر توقف کے اذن پر بلکہ درجہ بدرجہ چڑھتے ہوئے روحانیت اور پاکیزہ نفس

زَكِيَّةٍ تَابِعَةٍ لِّرُوْحٍ فِيْ خَيَالٍ مِّنْ غَيْرِ سِرَايَةٍ مِّنَ السَّرَايَاتِ الْاَرْضِيَّةِ وَ

کے ساتھ جو تابع ہے روح کے خیال میں بغیر تاثیر کے ارضی اور سماوی تاثیرات سے

السَّمَاوِيَّةِ حَتّٰى تَصِيْرَ مُنْقَطِعَةً مِّنَ الْإِلْتِفَاتَاتِ السِّفْلِيَّةِ وَاجْعَلْ نَفْسِيْ

حتی کہ وہ منقطع ہو جائے سفلی توجہات سے اور بنا دے میرے نفس کو

سَكَّاتًا سَكِيْتًا عَنِ الْإِعْتِرَاضَاتِ فِيْ سَيْرِ الْخَيَالَاتِ الْأُوْحَدِيَّةِ فِي الْكَمَالَاتِ

بہت ہی خاموش اور ساکت اعتراضات سے خیالات احدیہ کی سیر میں طرف کمالات کے

وَرُوْحِيْ عِنْدَكَ مُتَوَجِّهًا إِلَيْكَ بِفَنَاءِ حَوَادِثَاتِ وُصُوْلِكَ وَمَوَانِعِ

اور میرے روح کو بنا دے متوجہ اپنی طرف بسبب فنا کرنے حادثات کے اور موانع کے اپنے وصول اور

طُرُقِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّمَدُ فَاَثِرْ رُوْحِيْ وَجَسَدِيْ اٰثَارَ صَمَدِيَّتِكَ

اپنی راہوں سے۔ اے اللہ تو بے نیاز ہے پس پیدا فرما میری روح وجسم میں اپنی صمدیت کے اثرات

حَتّٰى لَا اَحْتَاجَ اِلٰى اَحَدٍ سِوَاكَ ثُمَّ اَقِمْنِيْ فِيْ صُفُوْفِ مَلَكُوْتِكَ مِنْ

حتی کہ میں تیرے علاوہ کسی کا محتاج نہ رہوں۔ پھر مجھے قائم فرما اپنے ملکوت کی صفوں میں بغیر

غَيْرِ وُعُوْلٍ فِيْ اجْتِمَاعِ اَشْجَارِكَ عِنْدَ قُدْسِكَ بَلْ بَاقِيًا مُّشَخَّصًا

بناوٹ کے تیری بارگاہ قدس میں مجتمع اشجار میں بلکہ باقی و متشخص اور

وَحُدَانِيًّا مُّشَارًا اِلٰى شَخْصِيْ هٰذَا بَشَرِيْ مَعَ اَثَرِ مَلَكُوْتِيْ مُشَرَّفًا بِالتَّشْرِيْفَاتِ

منفرد ہوتے ہوئے اشارہ کیا گیا ہو میرے مجسم کی طرف کہ یہ میرا بشر مع ملکوتی اثرات کے وراء الوراء میں مشرف ہو

اللَّاهُوْتِيَّةِ مِنْ غَيْرِ وَكْلٍ اِلٰى عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِكَ اِلَّا اِلٰى رَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ

لاہوتی خلعتوں کے ساتھ بغیر کسی اپنے بندہ کے حوالے کئے ماسوائے اپنے رسول و حبیب

مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مُقِيْمًا لَنَا عِنْدَ اَنْوَارِهٖ وَدَرَجَاتِهٖ خَادِمًا

محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جبکہ تو ہمیں قائم فرمانے والا ہو ان کے انوار و درجات کے پاس بحیثیت باادب

مُّؤَدِّبًا مُّسْتَشْفِعًا بِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّلَحْظَةٍ مِّنْ لَّمَحَاتِ اِكْرَامَاتِ

خادم کے جو ان سے طالب شفاعت ہو ہر لمحہ و ہر لحظہ میں تیرے ملحوظات اکرام کے

سَطَوَاتِكَ عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ اِنْ عَايَقَنِيْ جِنٌّ اَوْ اِنْسٌ اَوْ رُوْحٌ حَسَدًا عَلَيَّ

لمحات میں سے۔ اے اللہ اگر رکاوٹ ڈالے کوئی جن یا انسان یا روح مجھ پر حسد کی وجہ

عِنْدَ سَيْرِيْ اِلٰى سُجُحِكَ فَلَا تُقَدِّرْهُ عَلَيَّ بِخَيَالٍ اَوْ وَهْمٍ كَاَثِيْرٍ مُّكَرِّرٍ

بوقت سیر کے تیرے خاص راستہ کی طرف۔ تو اسے مجھ پر قادر نہ کرنا خیال یا وہم کے ذریعے مانند سرگردان اور

اِذَا عَلَوْتُ اَوْ رَجَعْتُ ۚ يَا بَارُّ فَلَا شَيْءَ كُفُؤُهٗ يُدَانِيْهِ وَلَا اِمْكَانَ

بار بار لوٹائے جانے والے کے۔ جب بلندی کی طرف جاؤں یا لوٹوں اے محسن کوئی شی اس کی کفو اور قریب نہیں اور نہ اس کی توصیف

لِوَصْفِهٖ اِجْعَلْنِيْ بَارًّا فِيْ حَقِّ كُلِّ كَوْنٍ فِيْ عَالَمِ الْحِسِّ اِمَّا

کسی کے بس میں ہے۔ مجھے بنا دے موافق و سازگار عالم محسوس کے ہر موجود کے حق میں

بِالْاِفْعَالِ بِاَنْ اَتَوَاضَعَ لِطَالِبِيْكَ وَاَخْدُمَ لِمُقَرَّبِيْكَ يَا كَبِيْرُ اَنْتَ

بصیغہ افعال کے بایں طور کہ میں صاحب تواضع بن جاؤں تیرے اہل طلب کیلئے اور خادم بن جاؤں تیرے مقربین کے لیے اے

الَّذِيْ لَا تَهْتَدِي الْعُقُوْلُ اِلَيْهِ فَنَحْمَدُكَ وَنَشْكُرُكَ وَنَسْجُدُكَ ثُمَّهٗ

کبیر تو ہی ہے کہ جس کی طرف عقول راہ نہیں پا سکتے پس ہم حمد کریں اور شکر بجا لائیں اور سجدے کریں وہاں پر

بِاِقَامَةِ لَطِيْفِكَ فِيْ مَقَامِ قَابَ قَوْسَيْنِ عِنْدَكَ فَلَا نَلْتَفِتُ اِلٰى

بسبب قائم کرنے تیرے عطا کردہ خاص لطیفہ کے تیرے ہاں مقام قوسین کے مقام میں پس نہ توجہ کریں ہم

كَاَئِنٍ رُوْحِيٍّ اَوْ مَلَكِيٍّ وَّلَا نَذْهَبُ اِلٰى حُسْبَانِيْ اَنَّهٗ اِلٰهٌ وَّرَبٌّ

کسی بھی روحانی یا ملکی مخلوق کی طرف اور نہ جائیں طرف اس گمان کے کہ وہ لطیفہ الٰہ اور رب ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُكَبِّرُ الْعُقُوْلِ الْبَشَرِيَّةِ وَالْمُبْلِغُ لَهَا اِلَى الدَّرَجَاتِ الَّتِيْ

اے اللہ تو ہی بڑائی دینے والا ہے عقول بشریہ کو اور انہیں پہنچانے والا ہے ان درجات تک کہ جن

ظَنَّتْ لِاَهْلِهَا عُقُوْلُ الضَّالِّيْنَ بِالْاِلٰهِ وَالرَّبِّ وَهُمْ عِبَادٌ عَبَّادُوْنَ

درجات والوں کو گمراہوں کے عقول نے الٰہ اور رب گمان کیا حالانکہ وہ اللہ کے انتہائی عبادگزار بندے ہیں

مُنْكِرُوْنَ اَقْوَالَهُمْ وَظُنُوْنَهُمْ لَاعِنُوْنَ عَلَيْهِمْ بِاَقْبَحِ اللَّعْنَةِ اَللّٰهُمَّ

اہل ضلال کے اقوال اور فاسد گمانوں پر نفریں کرنے والے اور ان پر لعنتیں قبیح ترین لعنتیں بھیجنے والے ہیں۔ اے اللہ

اَسْعِدْنِيْ مَعَ الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

مجھے سعادتمند بنا ان سعادتمند لوگوں کے ساتھ جو اللہ کی رحمت میں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جِلْسَتِهٖ فِى الْجَلَسَاتِ وَعَلٰى قَعْدَتِهٖ

سیدنا محمد وآل سیدنا محمد پر اور آپ کی نشست پر نشستوں میں اور تشہد پر

فِى الْقَعَدَاتِ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ اَلْاِسْلَامُ

تشہدوں میں۔ اللہ عظیم کے نام کی برکت سے۔ اور محمد ﷺ اللہ کی دین اسلام پر۔ اسلام

حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِىْ مِنَ النِّفَاقِ وَحَصِّنْ فَرْجِىْ مِنَ

برحق ہے اور کفر باطل ہے۔ اے اللہ میرے دل کو منافقت سے پاک فرما اور میری شرمگاہ کو محفوظ فرما تمام

الْفَوَاحِشِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ الْيُمْنَ وَالْبَرَكَةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشُّؤْمِ

برائیوں سے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یمن و برکت کا اور تیری پناہ طلب کرتا ہوں ہر قسم کی نحوست

وَالْهَلَكَةِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى ذِكْرِكَ

و ہلاکت سے، میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں خبیث جنوں اور خبیثات سے۔ اے اللہ میری اعانت فرما اپنے ذکر

وَعَلٰى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَعَلٰى صَلٰوةِ حَبِيْبِكَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَللّٰهُمَّ

اور قرآن کی تلاوت پر اور اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درود و صلوات پر اے اللہ

اَبْرِحْنِىْ رَآئِحَةَ الْجَنَّةِ وَارْضَ عَنِّىْ وَاَنْتَ رَاضٍ عَنِّىْ غَيْرَ غَضْبَانَ

مجھے جنت کی خوشبو سونگھا اور مجھ سے راضی ہو اور تو مجھ سے راضی رہنا ناراض نہ ہونا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ وَمِنْ سُوْٓءِ الدَّارِ بِحُرْمَةِ النَّبِىِّ الْمُخْتَارِ

اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں آتش دوزخ سے اور برے مکان سے بطفیل نبی مختار کی حرمت کے

وَاٰلِهِ الْاَبْرَارِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِىْ بِنُوْرِكَ يَوْمَ

اور آپ کی آل ابرار کے علیہ وعلیہم الصلوٰۃ۔ اے اللہ روشن فرما میرے چہرہ کو اپنے نور کے ساتھ

تَبْيَضُّ وُجُوْهُ اَوْلِيَآئِكَ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْهِىْ بِظُلْمَتِكَ يَوْمَ تَسْوَدُّ وُجُوْهُ

جس دن تیرے اولیاء کے چہرے نورانی ہوں گے اور نہ سیاہ کرنا میرے چہرہ کو ظلمت کے ساتھ جس دن سیاہ ہونگے

اَعْدَآئِكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِىْ كِتَابِىْ بِيَمِيْنِىْ وَحَاسِبْنِىْ حِسَابًا يَّسِيْرًا ؕ

تیرے اعداء کے چہرے۔ اے اللہ مجھے میرا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دینا اور مجھ سے آسان حساب لینا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ تُعْطِيَنِىْ كِتَابِىْ بِشِمَالِىْٓ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِىْ

اے اللہ میں تجھ سے پناہ طلب کرتا ہوں کہ مجھے نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں دے یا پیٹھ کے پیچھے سے

اَللّٰهُمَّ غَشِّنِىْ بِرَحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَىَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ وَاَظِلَّنِىْ تَحْتَ

اے اللہ مجھے ڈھانپ لے اپنی رحمت کے ساتھ اور مجھ پر اپنی برکات نازل فرما اور مجھے جگہ عطا کرنا

ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّ عَرْشِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ مِنَ الَّذِيْنَ

عرش کے سایہ میں جس دن کوئی سایہ نہیں ہوگا سوائے تیرے عرش کے سایہ کے۔ اے اللہ مجھے بنا ان لوگوں سے

يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اَللّٰهُمَّ اَسْمِعْنِىْ مُنَادِىَ الْجَنَّةِ

جو ہر قسم کی سنتے ہیں پھر احسن قول کی اتباع کرتے ہیں۔ اے اللہ مجھے سنوانا جنت کی منادی

مَعَ الْاَبْرَارِ اَللّٰهُمَّ فُكَّ رَقَبَتِىْ مِنَ النَّارِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ السَّلَاسِلِ

نیک لوگوں کے ساتھ۔ اے اللہ میری گردن کو آتش دوزخ سے آزاد فرمانا اور میں تیری پناہ حاصل کرتا ہوں دوزخ

وَالْاَغْلَالِ اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِىْ مِنَ النَّارِ وَمِرْقَابَ اٰبَآئِىْ اَللّٰهُمَّ

کی زنجیروں اور طوقوں سے۔ اے اللہ میری گردن نار جہنم سے آزاد فرما اور میرے آباؤ کی گردنیں بھی۔ اے اللہ

ثَبِّتْ قَدَمَىَّ وَقَدِّمْ وَالِدَىَّ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ يَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ

میرے قدموں کو اور میرے والدین کے قدموں کو صراط مستقیم پر ثابت و راسخ فرما جس دن پھسلیں گے بہتیرے

فِى النَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ تَزِلَّ قَدَمِىْ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ

قدم آگ میں۔ اے اللہ میں پناہ حاصل کرتا ہوں تیری کہ پھسلے میرا قدم پل صراط پر سے جس دن

تَزِلُّ اَقْدَامُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ فِى النَّارِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ مِنَ

پھسلیں گے منافقوں اور کافروں کے قدم آتش دوزخ میں۔ اے اللہ بنا مجھے تو بہ

التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ مِنْ عِبَادِكَ

کرنے والوں سے اور بنا مجھے پاکیزہ لوگوں سے اور بنا مجھے اپنے نیک

الصَّالِحِيْنَ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ وَاجْعَلْنِىْ مِنَ الَّذِيْنَ لَا

بندوں سے جو جنات نعیم کے وارث ہیں۔ اور بنا مجھے ان لوگوں سے جن پر

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَاجْعَلْنِيْ عَبْدًا شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ

خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور بنا مجھے شکر گذار بندہ اور مجھے اپنا

اَنْ اَذْكُرَكَ ذِكْرًا كَثِيْرًا وَّاُسَبِّحَكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا اَللّٰهُمَّ اشْفِنِيْ

بہت ذکر کرنے والا اور صبح و شام تسبیح کہنے والا بنا۔ اے اللہ مجھے شفا بخش

بِشِفَآئِكَ وَدَاوِنِيْ بِدَوَآئِكَ وَعَافِنِيْ مِنَ الْبَلَآءِ وَاعْصِمْنِيْ

اپنی مخصوص شفا کے ساتھ اور میری دوا فرما اپنی مخصوص دوا کے ساتھ اور مجھے بلاؤں سے عافیت عطا کر اور مجھے محفوظ فرما

مِنَ الْاَهْوَالِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْاَوْجَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہولناک امور اور امراض اور دردوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى تَشَهُّدِهٖ فِي التَّشَهُّدَاتِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے تشہد پر تشہدوں میں

وَسَلَامِهٖ فِي الْمُسَلِّمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور آپ کے سلام پر سلام دینے والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مُنَاجَاتِهٖ فِي الْمُنَاجِيْنَ وَعَلٰى دُعَآئِهٖ

آل محمد پر اور آپ کی مناجات پر اہل مناجات میں اور آپ کی دعا پر

فِي الْاَدْعِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

دعاؤں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى وِرْدِهٖ فِي الْاَوْرَادِ وَذِكْرِهٖ فِي الْاَذْكَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

آل پر اور آپ کے ورد پر اوراد میں اور آپ کے ذکر پر اذکار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اسْتِغْفَارِهٖ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کی استغفار پر

فِي الْمُسْتَغْفِرِيْنَ وَعَلٰى مُكَاشَفَتِهٖ فِي الْمُكَاشَفَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ

اہل و مستغفار میں اور آپ کے مکاشفہ پر تمام مکاشفات میں۔ اے اللہ بے شک تو

تَعْلَمُ اَنِّيْ عَاجِزٌ عَلٰى اِقَامَةِ اَسْبَابِ حُصُوْلِيْ عَلَى الْكَمَالَاتِ وَوُصُوْلِيْ

جانتا ہے کہ میں عاجز ہوں کمالات کے حصول کے اسباب قائم کرنے سے اور

اِلَى الْمَطَالِبِ الْكُلِّيَّةِ وَاَعْلَى الْمَقَامَاتِ اِلَّا اَنِّيْ مُتَوَسِّلٌ بِالصَّلٰوةِ وَ

مطالب کلیہ اور اعلیٰ مقامات تک وصول و رسائی سے مگر میں وسیلہ بناتا ہوں صلوات و

التَّسْلِيْمَاتِ عَلٰى مَنْ هُوَ لَهَا اَهْلٌ وَلَا تَرُدُّ سُؤَالَ الْمُتَوَسِّلِ بِهٖ

تسلیمات کو جو بھیجتا ہوں اس ذات پر جو ان کے لائق ہیں اور تو رد نہیں فرماتا ان سے توسل کرنے والے کا سوال

فَاَجِبْ سُؤَالِيْ وَاَغْنِ قَلْبِيْ وَاحْفَظْنِيْ وَاَوْلَادِيْ مِمَّا لَا تَرْضَاهُ

پس میرا سوال پورا فرما اور میرے دل کو غنی فرما اور مجھے اور میری اولاد کو محفوظ فرما ان سے جو تجھے پسند نہیں

مِنَ التَّذَلُّلِ عَلٰى بَابِ الدُّنْيَا وَاَهْلِهَا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ تَاْخِيْرُ اِجَابَةِ

یعنی ذلت اٹھانے سے دنیا اور اہل دنیا کے دروازے پر۔ اے اللہ اگر میری دعا کی قبولیت میں

دُعَآئِيْ مِنْ جِهَةِ اَحَدٍ مِّنْ اَهْلِ الْحُقُوْقِ الَّذِيْنَ قَصَّرْتُ فِيْ حُقُوْقِهِمْ

تاخیر کسی حقدار کی طرف سے ہے جن کے حقوق میں نے کوتاہی کی ہے

فَاَرْضِهٖ عَنِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ التَّقْصِيْرِ وَاِنْ كَانَ بِسَبَبِ الذُّنُوْبِ

تو اسے میری طرف سے راضی فرما اور میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس کوتاہی سے۔ اور اگر میرے گناہوں

وَالْعِصْيَانِ فَاِنِّيْ اِعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ وَتُبْتُ اِلَيْكَ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ

اور عصیان کی وجہ سے ہے تو میں نے گناہ کا اعتراف کیا ہے اور تیری بارگاہ میں توبہ کی ہے پس مجھے بخش دے

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اِذْ قُلْتَ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

کیونکہ گناہ نہیں بخشتا مگر تو ہی جبکہ تو نے فرمایا ہے مت ناامید ہو اللہ کی رحمت سے بیشک

اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاِنْ كَانَ

اللہ تعالیٰ تمام گناہ بخشتا ہے۔ بیشک وہی غفور رحیم ہے اور اگر یہ تاخیر

بِسَبَبِ مَانِعٍ اٰخَرَ لَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ فَادْفَعْ ذٰلِكَ

کسی دوسرے مانع کی وجہ سے ہے جسے میں نہیں جانتا اور تو سب غیوب کا علم کامل رکھتا ہے تو دور فرما اس

الْمَانِعِ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَعِزَّتِهٖ وَشَرَفِهٖ عِنْدَكَ وَاجِبْ دُعَائِيْ وَدُعَاءَ

مانع کو محمد کریم کی عزت وحرمت اور شرف کے طفیل جو تیرے ہاں سے اور میری دعا قبول فرما اور ہر اس شخص کی

كُلِّ مَنِ الْتَجَأَ اِلَيَّ وَدُعَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَدُعَاءَ مَنْ تَوَسَّلَ

جس نے میری طرف پناہ لی اور تمام مومنین و مومنات کی دعا اور دعا ہر اس شخص کی جس نے

بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلَى

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے توسل کیا۔ اللہ کی طرف سے صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اور تمام انبیاء ومرسلین پر

الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَحْبَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اور تمام مقرب ملائکہ پر اور آپ کی آل واصحاب اور ازواج و احباب سبھی پر

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهِ الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّةِ الْمُهْتَدِيْنَ

اے اللہ ہمیں بنا دے آپ کی شریعت کی اتباع کرنے والوں سے آپ کی محبت سے موصوف لوگوں سے اور

بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ وَ

ہدایت پانے والوں سے آپ کی سیرت وکردار کے ساتھ اور ہمیں وفات دینا آپ کی سنت پر اور ہمیں محروم نہ رکھنا آپ کی

احْشُرْنَا فِيْ اَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ السَّابِقِيْنَ وَاَصْحَابِ

شفاعت والے فضل واحسان سے اور ہمیں اٹھانا آپ کے روشن چہروں اور نورانی اعضاء والے متبعین میں اور آپ کے سبقت لیجانے والے

الْيَمِيْنِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

گروہوں اور داہنی جانب والوں میں اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى صَوْمِهٖ فِي الصَّوَّامِ وَعَلٰٓى اِفْطَارِهٖ فِي

آل محمد پر اور آپ کے روزہ پر روزہ داروں میں اور آپ کے افطار پر

الْمُفَاطِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

افطار میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

وَّعَلٰى تَرَاوِيْحِهٖ فِي التَّرَاوِيْحَاتِ وَعَلٰى سُحُوْرِهٖ فِي الْمُتَسَحِّرِيْنَ

اور آپ کی تراویح پر تروایحات میں اور آپ کی سحری پر سحری کرنے والوں میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ

اِعْتِكَافِهٖ فِي الْمُعْتَكِفِيْنَ وَعَلٰٓى اُضْحِيَتِهٖ فِي الضَّحَايَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے اعتکاف پر اعتکاف والوں میں اور آپ کی قربانی پر قربانیوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى صَلٰوتِهٖ فِي الصَّلَوَاتِ وَ

نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی صلوٰۃ پر صلوات میں اور

عَلٰى مُصَلِّيْهِ فِي الْمُصَلِّيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

آپ پر درود بھیجنے والے پر درود بھیجنے والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مُسَلِّمِهٖ فِي الْمُسَلِّمِيْنَ وَعَلٰى زَكٰوتِهٖ فِي الزَّكَوَاتِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ پر سلام بھیجنے والے پر سلام بھیجنے والوں میں اور آپ کی زکوٰۃ پر زکوٰتوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَائِمَتِهٖ فِي

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے چرنے والے جانوروں پر

السَّوَآئِمِ وَعَلٰى عَرْضِهٖ فِي الْعُرُوْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

چرنے والوں میں اور آپ کے ساز وسامان پر ساز وسامانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَالِهٖ فِي الْاَمْوَالِ وَدِرْهَمِهٖ فِي الدَّرَاهِمِ

و آل محمد پر اور آپ کے مال پر اموال میں اور درہم پر دراہم میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ

دِيْنَارِهٖ فِي الدَّنَانِيْرِ وَعَلٰى رِيَالِهٖ فِي الرِّيَالَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

دینار پر دیناروں میں اور ریال پر ریالوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قُرْصِهٖ فِي الْقُرُوْصِ وَعَلٰى

سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی روٹی پر روٹیوں میں اور آپ کے

عِشْرِيْنَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بیس کے سکّہ پر بیسیوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عَشَرَاتِهٖ فِى الْعَشَرَاتِ وَخَمْسَتِهٖ فِى الْخَمْسَاتِ

آل محمد پر اور آپ کے دس کے سکّہ پر دسیوں میں اور پانچ کے سکّہ پر تمام پانچوں میں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی

مِيْرَاثِهٖ فِى الْمَوَارِيْثِ وَعَلٰى وَقْفِهٖ فِى الْاَوْقَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

وراثتوں پر وراثتوں میں اور آپ کے وقف پر اوقاف میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى دَيْنِهٖ فِى الدُّيُوْنِ

نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے قرض پر قرضہ جات میں

وَتَرِكَتِهٖ فِى التَّرِكَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور ترکہ پر ترکہ جات میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى حَجِّهٖ فِى الْحُجَّاجِ وَقِرَانِهٖ فِى الْقَارِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ

آل محمد پر اور آپ کے حج پر اہل حج میں اور حج و عمرہ کے جمع کرنے پر جملہ اہل قران میں ۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى تَمَتُّعِهٖ

اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے ہر دو عبادت (حج و عمرہ) کے ساتھ نفع اندوز

فِى الْمُتَمَتِّعِيْنَ وَحَصْرِهٖ فِى الْمُحْصَرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہونے پر اہل تمتع میں اور آپ کے حصر یعنی روکے جانے پر اہل احصار میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى هَدْيِهٖ فِى الْهَدَايَا وَعُمْرَتِهٖ فِى

محمد و آل محمد پر اور آپ کے کعبہ مبارکہ کی طرف لے جائے جانے والے جانور پر ان جانوروں میں اور

الْمُعْتَمِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

آپ کے عمرہ پر عمرہ والوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى زَادِهٖ فِى الْاَزْوَادِ وَرَاحِلَتِهٖ فِى الرَّوَاحِلَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

پر اور آپ کے سفر خرچ پر جملہ زاد راہ میں اور آپ کی سواری اونٹنی پر تمام اونٹنیوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مِيْقَاتِهٖ فِى

سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی جائے احرام پر

الْمَوَاقِيْتِ وَعَلٰى اِحْرَامِهٖ فِى الْمُحْرِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جملہ احرام کی جگہوں میں ۔ اور آپ کے احرام پر جملہ اہل احرام میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى تَلْبِيَتِهٖ فِى الْمُلَبِّيْنَ وَعَلٰى

سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے تلبیہ کہنے پر تمام تلبیہ کہنے والوں میں اور آپ

اِسْتِلَامِهِ الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ فِى الْمُسْتَلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کے حجر اسود کا بوسہ لینے پر تمام اہل استلام میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اِسْتِلَامِهِ الرُّكْنَ الْيَمَانِىَّ

سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے رکن یمانی کے استلام پر

فِى الْاَرْكَانِ وَعَلٰى تَكْبِيْرِهٖ فِى الْمُكَبِّرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

تمام ارکان و جوانب کعبہ میں اور آپ کی تکبیر پر تمام تکبیر کہنے والوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى تَهْلِيْلِهٖ فِى الْمُهَلِّلِيْنَ وَ

سیدنا محمد اور آل محمد پر اور آپ کے لا الہ الا اللہ کہنے پر تمام اہل تہلیل میں اور

اضْطِبَاعِهٖ فِى الْمُضْطَبِعِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کی اس کیفیت احرام پر تمام اہل اضطباع میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رَمَلِهٖ فِى الرَّامِلِيْنَ وَعَلٰى سَوْطِهٖ فِى

اور آل محمد پر اور آپ کے رمل (دوران طواف دوڑ) پر رمل کرنے والوں میں ۔ اور آپ کے ایک بکر

الْاَشْوَاطِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

پر تمام چکروں اور گردشوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی طَوَافِهٖ فِی الطَّوَّافِیْنَ وَسَعْیِهٖ فِی السَّعَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر اور آپ کے طواف پر تمام طواف کرنے والوں میں اور آپ کی سعی صفا و مروہ میں دوڑ اپر تمام سعی والوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مَنْسَكِهٖ فِی

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کی قربانی اور جائے عبادت پر جملہ

الْمَنَاسِكِ وَمَوْقِفِهٖ فِی الْمَوَاقِفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مناسک میں اور آپ کے موقف (عرفات یا مزدلفہ میں قیام) پر جملہ مواقف میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی حَصَاتِهٖ فِی الْحَصَیَاتِ وَجَمْرَتِهٖ فِی

اور آل محمد پر اور آپ کی ککری پر ککریوں میں اور آپ کے جمرہ پر

الْجَمَرَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

جمرات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بُدْنِهٖ فِی الْبُدْنِ وَحَلْقِهٖ فِی الْمُحَلِّقِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

آپ کے ذبح کیے جانے والے اونٹوں پر اونٹوں میں اور آپ کے سر اقدس منڈانے پر تمام اہل حلق میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی نِكَاحِهٖ فِی الْاَنْكِحَةِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے نکاح پر نکاحوں میں

وَشَاهِدَیْهِ فِی الشُّهُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور آپ کے دو گواہوں پر تمام گواہوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی وَلِیِّهٖ فِی الْاَوْلِیَآءِ وَعَلٰی كُفُوْءِهٖ فِی الْاَكْفَآءِ

آل محمد پر اور آپ کے ولی پر اولیاء میں اور کفو (قبیلہ کے نسب و حسب) پر تمام اکفاء میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی مَهْرِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے حق مہر پر

فِی الْمُهُوْرِ وَقَسْمِهٖ فِی الْاَقْسَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مہروں میں اور آپ کی باریاں مقرر کرنے پر باریوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی طَلَاقِهٖ فِی الطَّلَقَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

و آل محمد پر اور آپ کی طلاق پر دا گر دیتے) تمام طلاقوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی فَرَسِهٖ فِی الْاَفْرَاسِ

فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے گھوڑے پر گھوڑوں میں

وَجَنِیْبَتِهٖ فِی الْجَنَآئِبِ وَنَعَمِهٖ فِی الْاَنْعَامِ وَجَمَّازَتِهٖ فِی الْجَمَّازَاتِ

اور آپ کے کوتل گھوڑے پر کوتل گھوڑوں میں اور چار پایوں پر چار پایوں میں اور آپ کے تیز دوڑانے والے پر دوڑانے والوں میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شَاتِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کی بکری پر

فِی الشِّیَاهِ وَبَغْلِهٖ فِی الْبِغَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

بکریوں میں اور خچر پر خچروں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَمَلِهٖ فِی الْجِمَالِ وَنَاقَتِهٖ فِی النُّوْقِ

آل محمد پر اور آپ کے اونٹ پر اونٹوں میں اور اونٹنی پر اونٹنیوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور

مَطِیَّتِهٖ فِی الْمَطَایَا وَدُجَاجِهٖ فِی الدَّجَاجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

آپ کی سواری پر سواریوں میں اور مرغ پر مرغوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی دِیْكِهٖ فِی الدَّیَاكِیْلِ وَعَلٰی

سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے مرغ پر مرغوں میں اور آپ کے

دُلْدُلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دلدل پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر

وَّعَلٰی بُرَاقِهٖ وَیَعْفُوْرِهٖ وَقَصْوَائِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور آپ کے براق اور یعفور اور دراز گوش (اور قصواء اونٹنی پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَنْشُوْرِهٖ فِى الْمَنَاشِيْرِ وَشَجَاعَتِهٖ

محمد و آل محمد پر اور آپ کے منشور پر تمام منشوروں میں اور آپ کی شجاعت

فِى الشَّجْعَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

پر اہل شجاعت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَلَاحِهٖ فِى الْاَسْلِحَةِ وَحِرْبَتِهٖ فِى الْحِرَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر اور آپ کے ہتھیار پر ہتھیاروں میں اور آپکے چھوٹے نیزہ پر لمبے نیزوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رُمْحِهٖ فِى الرِّمَاحِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر اور آپ کے نیزہ پر نیزوں میں

وَخَنْجَرِهٖ فِى الْخَنَاجِرِ وَسَيْفِهٖ فِى السُّيُوْفِ وَمِعْوَلِهٖ فِى الْمَعَاوِلِ وَجُنَّتِهٖ

اور خنجر پر خنجروں میں اور آپ کی تلوار پر تلواروں میں اور کدال پر کدالوں میں اور ڈھال پر

آپ کے صحابہ کرام علیہم الرضوان سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ عَنْ وَّقْعَةِ الْجَمَلِ وَغَلَبَةِ عَلِيٍّ فِيْ ذٰلِكَ

آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی جنگ جمل کی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس میں غالب

الْحَرْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ

آنے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اُبَيَّ ابْنَ كَعْبٍ بِالَّذِيْ جَآءَهٗ فِيْ صِفَةِ الْكَلْبِ اَللّٰهُمَّ

خبر دی حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو اس کی (حقیقت کی) جو آیا ان کے پاس کتے کی صورت میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ

اَنَّ صَاحِبَةَ الْجَمَلِ تَنْجُوْ بَعْدَ مَا قَرُبَتْ بِالْهَلَكَةِ وَاَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ

اونٹ پر سوار ہونے والی نجات پائے گی بعد ہلاکت کے قریب پہنچنے کے اور خبر دی اپنے صحابہ کو

اَنَّ دِحْيَةَ يَدْخُلُ الْاٰنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

کہ دحیہ کلبی ابھی داخل ہونے والا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَبَا بَكْرٍ بِاَيِّ مَرَضٍ يَمُوْتُ وَاَخْبَرَ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت ابوبکر کو کہ آپ کس مرض سے فوت ہوں گے اور آپ

اَنَّ مَسْجِدَهٗ يُحْتَرَقُ بِالنَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کی مسجد آگ سے جلائی جائے گی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِقَتْلِ ابْنِ اَبِي الْحُقَيْقِ اَصْحَابَهٗ

اور آپ کی آل پر جنہوں نے ابن ابی الحقیق یہودی کے قتل ہو جانے کی خبر دی اپنے اصحاب

الْاَطْهَارَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اطہار کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَبَا ذَرٍّ بِاَنْ يُّقْتَلَ ابْنُهٗ وَاَخْبَرَ بِمَا هَمَّ عَلَى الْعَقَبَةِ

جنہوں نے خبر دی حضرت ابوذر کو ان کے بیٹے کے قتل ہونے کی اور خبر دی جو ارادہ کیا پہاڑی راستہ میں (آپ پر حملہ کا)

الْمُنَافِقُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

منافقین نے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِنَصْرِ الْمَلٰٓئِكَةِ يَوْمَ اُحُدٍ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ

پر جنہوں نے خبر دی ملائکہ کی نصرت کی احد کے دن عبد الرحمن بن عوف کو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ ابْنَ عَبَّاسٍ بِفَقْدِ بَصَرِهٖ لَمَّا رَاٰی جِبْرَآئِیْلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

خبر دی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی بصارت کے زائل ہونے کی جب دیکھا انھوں نے جبرئیل کو۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِوُقُوْعِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنھوں نے خبر دی ارتداد کے

الرِّدَّةِ بَعْدَ مَوْتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

وقوع پذیر ہونے کی اپنی موت کے بعد۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَبَاذَرٍّ یَعِیْشُ وَحِیْدًا وَّیَمُوْتُ وَحِیْدًا

آل پر جنھوں نے خبر دی حضرت ابوذر کو کہ وہ زندگی گزاریں گے تنہائی میں اور وفات پائیں گے تنہائی میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَنَّ سَعْدًا لَا یَمُوْتُ مِنْ هٰذَا الْمَرَضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جنھوں نے خبر دی حضرت سعد بن ابی وقاص کو کہ وہ نہیں مریں گے اس مرض سے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَبَاذَرٍّ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنھوں نے خبر دی حضرت ابوذر کو

بِاِخْرَاجِهٖ مِنَ الْمَدِیْنَةِ وَالْبَیْتِ الْحَرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

ان کے مدینہ سے اور بیت حرام سے نکالے جانے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ عَلِیًّا بِاَنْ یَّمْلِكَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے خبر دی حضرت علی کو ایک لونڈی کے مالک

جَارِیَةً مِّنْ بَنِیْ حَنِیْفَةَ وَاَخْبَرَ اَنَّ عَلِیًّا یُّوْلَدُ لَهٗ مِنْ تِلْكَ الْجَارِیَةِ

ہونے کی جو بنو حنیفہ سے ہوگی اور انھیں بتلایا کہ اس لونڈی سے ان کا ایک عظیم بیٹا پیدا

غُلَامٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

ہوگا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ عَنْ اِتْیَانِ وَفْدِ عَبْدِ الْقَیْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جنھوں نے خبر دی عبدالقیس کے وفد کی آمد کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِخُرُوْجِ الْاَسْوَدِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنھوں نے اسود عنسی کے

الْعَنْسِیِّ وَاَخْبَرَ اَنَّ فَیْرُوْزَ یَقْتُلُ الْاَسْوَدَ الْكَذَّابَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

ظہور اور دعوائے نبوت کی اطلاع دی، اور بتلایا کہ فیروز دیلمی قتل کرے گا اسود کذاب کو۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِالَّذِیْ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنھوں نے خبر دی اس شخص کی جس نے

غَلَّ الْبُرْدَةَ مِنَ الْمَغَانِمِ وَاَخْبَرَ اَنَّ عَلِیًّا یَّقْتُلُهٗ اِبْنُ مُلْجِمٍ اَللّٰهُمَّ

چرائی چادر اموال غنیمت سے اور خبر دی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابن ملجم شہید کرے گا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے خبر دی

اُمَیَّةَ ابْنَ خَلَفٍ بِالْقَتْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

امیہ بن خلف کافر کے قتل ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ بِارْتِحَالِ الظَّعِیْنَةِ مِنَ الْحِیْرَةِ حَتّٰی

آپ کی آل پر جنھوں نے خبر دی عورتوں کے سفر کرنے کی حیرہ سے حتی کہ

تَطُوْفَ بِالْكَعْبَةِ لَا تَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ تَعَالٰی وَتَقَدَّسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کعبہ کا طواف کریں گی اور نہ خائف ہوگی اس طویل سفر میں انھیں کوئی مگر اللہ تعالیٰ وتقدس سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْٓ اَخْبَرَ اَهْلَ الْمَدِیْنَةِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے خبر دی اہل مدینہ کو

یَوْمَ دَخَلَهَا عَمَّا اَكَلُوا الْبَارِحَةَ وَاَخْبَرَ اَبَا هُرَیْرَةَ بِالْاَسِیْرِ اَللّٰهُمَّ

جس دن آپ اس میں داخل ہوئے جو انھوں نے کھایا گذشتہ رات اور خبر دی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو قیدی کی (حقیقت کی کہ وہ شیطان ہے)

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِمَوْتِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت عاصم

عَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ وَرُفَقَآئِهٖ وَاَخْبَرَ بِقُدُوْمِ وَفْدِ الْاَشْعَرِيِّيْنَ

بن ثابت اور ان کے رفقاء کی شہادت کی اور خبر دی قبیلہ اشعر کے وفد کی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ عَنْ جَمَالَاتِ حَارِثِ بْنِ اَبِيْ ضِرَارٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جنہوں نے خبر دی حارث بن ابی ضرار کے اونٹوں کی۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّ زَيْدَ بْنَ صُوْحَانَ يَسْبِقُهٗ عُضْوٌ مِّنْهُ اِلَى الْجَنَّةِ فَقُطِعَتْ

کہ زید بن صوحان کا ایک عضو ان سے پہلے جنت میں پہنچ جائے گا پس ان کا ہاتھ

يَدُهٗ فِى الْحَرْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

کٹ گیا جنگ میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ الْمُلْكَ بِمُقَوْقِسَ لَا يَبْقٰى وَاَخْبَرَ

کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ ملک اب مقوقس کے پاس نہیں رہے گا اور خبر دی

مَعْشَرَ عُلَمَآءِ الْيَهُوْدِ يَا بْنَ صُوْرِيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

علماء یہود کی جماعت کو ابن صوریا کے متعلق۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِمَنْ قَالَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اس منافق کی جس نے کہا تھا

لَا تَنْفِرُوْا فِى الْحَرِّ وَاَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ فِىْ بَعْضِ غَزَوَاتِهٖ اَنَّهُمْ

نہ نکلو جہاد کے لیے شدید گرمی میں اور خبر دی اپنے صحابہ کو بعض غزوات میں کہ وہ

يَلْقَوْنَ عَدُوًّا غَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

کل ملاقات کریں گے دشمن سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِاِتْيَانِ الْمَلٰٓئِكَةِ بِالْكَفَنِ وَالْحَنُوْطِ لِاُمِّ هٰذَا

پر جنہوں نے خبر دی ملائکہ کے کفن اور خوشبو لانے کی اس

الصَّبِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

بچے کی والدہ کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِالَّذِى اسْتَاْجَرَتْهُ قُرَيْشٌ لِقَتْلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جنہوں نے خبر دی اس شخص کے متعلق جسے قریش نے آپ کے شہید کرنے کے لیے اجرت پر لیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِفَتْحِ الْحِيْرَةِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حیرہ کے فتح ہونے کی

وَاَسْرِ شُيُمَآءَ رَاكِبَةً عَلَى الْبَغْلَةِ الْبَيْضَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور شماء کے سفید خچر پر سواری کی حالت میں قید ہونے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَبَا حُذَيْفَةَ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے ابو حذیفہ کو شہادت

بِالشَّهَادَةِ فَاَدْرَكَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

کی خبر دی تو انہوں نے اسے پالیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِالْغَزْوِ فِى الْبَحْرِ اَصْحَابَهُ الْكِرَامَ

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی سمندر والے غزوہ و جہاد کی اپنے صحابہ کرام کو

وَاَخْبَرَ بِالتَّطَاوُلِ فِى الْبُنْيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور خبر دی عمارات میں ایک دوسرے پر بالادستی کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ بِجَرْحِ

اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی وفد عبدالقیس کو ایک شخص کی پنڈلی کے زخمی

السَّاقِ بَعْدَ شُرْبِ الْخَمْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہونے کی شراب پینے کے بعد۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ بِاَنْ يَّطْلُعَ

اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی اپنے اصحاب کو کہ ابھی روشنا ہوگا

عَلَيْهِمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ مِنْ هٰذِهِ الصَّحْرَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ان پر ایک بدوی شخص اس صحراء سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَبَا

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی

سُفْيَانَ بِمَا تَفَكَّرَ مِنْ تَطْلِيْقِ زَوْجَتِهٖ لِاِفْشَآءِ السِّرِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ابو سفیان کو جو اس نے سوچا تھا اپنی بیوی کو طلاق دینے کا بسبب اس کے راز فاش کرنے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِرَمْيِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کنکر کے

مَكَّةَ اَفْلَاذَ كَبِدِهَا يَعْنِيْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ وَعَمْرَو بْنَ الْعَاصِ

اپنے جگر کے ٹکڑوں کے پھینکنے کی یعنی حضرت خالد بن الولید۔ حضرت عمرو بن العاص اور

وَعُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم کی مدینہ منورہ (بغرض ایمان) آمد کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِاِشَارَةِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی ابولبابہ کے اشارہ

اَبِيْ لُبَابَةَ حِيْنَ حَذَّرَ بَنِيْ قُرَيْظَةَ وَاَخْبَرَ بِقَتْلِ ابْنِ الزُّبَيْرِ

کی جبکہ انہوں نے ڈرایا بنو قریظہ کو (قتل کے ساتھ) اور خبر دی ابن زبیر کے شہید ہونے کی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِخُرُوْجِ وُلْدِ الْعَبَّاسِ الرَّايَاتِ السُّوْدَ وَاَخْبَرَ بِالْاَخْبَارِ

جنہوں نے خبر دی حضرت عباس کی اولاد کے سیاہ پرچموں کے ساتھ نکلنے کی اور خبر دی ان اخبار

الَّتِيْٓ اَخْبَرَتْ بِهَا الْيَهُوْدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کے متعلق جن سے یہود نے لوگوں کو مطلع کیا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ السَّفِيْنَةَ بِمَا فَعَلَ بِهَا

آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت سفینہ کو کہ کیا سلوک کیا طغیان کے ساتھ

الْاَسَدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

شیر نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَبَا بَكْرٍ بِمَآ اَضْمَرَ فِيْ نَفْسِهٖ مِنْ خَبَرِ الطَّآئِرِ

پر جنہوں نے خبر دی حضرت ابوبکر کو جو انہوں نے دل میں چھپا رکھی تھی پرندے کی خبر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ بِوُقُوْعِ الْمَوْتَانِ بَعْدَ فَتْحِ بَيْتِ الْمُقَدَّسِ اَللّٰهُمَّ

جنہوں نے خبر دی بکثرت اموات کے وقوع پذیر ہونے کی بیت المقدس کی فتح کے بعد۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّهٗ سَتَخْدِمُ اُمَّتِيْ بَنَاتُ الرُّوْمِ وَفَارِسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خبر دی کہ عنقریب خدمت کریں گی روم و فارس کی بیٹیاں میری امت کی۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْٓ اَخْبَرَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

بِتَسَلُّطِ شِرَارِ الْاُمَّةِ عَلٰى خِيَارِهَا حِيْنَ سُبِيَ اَوْلَادُ فَارِسَ

امت کے شریروں کے مسلط ہونے کی بہترین افراد امت پر جبکہ قیدی بنائی جائے گی فارس

وَالرُّوْمِ وَاسْتَخْدِمُوا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور روم کی اولاد اور ان کو خادم بنایا جائے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ الْمُنٰفِقِيْنَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ بِمَا قَالُوْا

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی منافقین کو غزوہ تبوک میں اس کی جو انہوں نے کہا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ شَيْبَةَ بِالْاَشْيَاءِ الَّتِيْ اَضْمَرَ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُظْهِرْهَا عَلٰى

خبر دی شیبہ کو ان اشیاء کی جو اس نے اپنے دل میں چھپا رکھی تھیں اور کسی پر انہیں ظاہر نہیں

اَحَدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کیا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ ضِرْسَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْظَمُ مِنْ اُحُدٍ فَارْتَدَّ

جنہوں نے خبر دی شیبہ کو کہ اس کی ڈاڑھ قیامت کے دن احد پہاڑ سے بڑی ہو گی پس وہ مرتد ہو گیا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ بِقُدُوْمِ عِكْرِمَةَ عَلَيْهِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَمُهَاجِرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

خبر دی عکرمہ بن ابی جہل کے خدمت اقدس میں حاضر ہونے کی حالت ایمان میں اور حالت ہجرت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاَسْرِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

وَهْبِ ابْنِ السِّمَاعِ وَقُدُوْمِهٖ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

وہب بن سماع کے نام کی اور اس کے آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ اَنَّكَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر۔ جس آقا نے خبر دی محمد بن مسلمہ کو کہ تو

تَقْتُلُ غَدًا قَاتِلَ اَخِيْكَ كِنَانَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قتل کرے گا کل اپنے بھائی کے قاتل کنانہ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِبِنَاءِ بَغْدَادَ وَاَخْبَرَ بِالْبَرَصِ

اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی بغداد کی تعمیر کی اور خبر دی برص میں مبتلا ہونے کی

رَجُلًا مِّنْ وَّفْدِ بَنِي النَّخَعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

وفد بنی نخع کے ایک فرد کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَبَا هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ يَمُوْتُ بِاَرْضٍ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی ابو ہریرہ کو کہ وہ وفات پائیں گے بے آب و گیاہ

قَفْرَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

زمین میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْ اَخْبَرَ اَعْرَابِيًّا اَنَّ فِيْ مِشْمَنَتِكَ ظَبْيَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جنہوں نے خبر دی اعرابی کو کہ تیرے تھیلے اور زنبیل میں ہرنی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ عَلِيًّا بِمَا

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جو

قَالَ الْحَفْشَانُ لِتِلْكَ الظَّبْيَةِ وَاَخْبَرَ بِالَّذِيْ غَلَّ الشَّمْلَةَ يَوْمَ

کہا ہرنی کے دو بچوں نے اس ہرنی کو اور خبر دی بڑی چادر چرانے والے کی جبیر کے

خَيْبَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

دن۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے

اَخْبَرَ بِقَتْلِ اَهْلِ جُرَشٍ وَّاَنْبَاَ وَاَخْبَرَ عَنِ السَّاعَةِ الَّتِيْ قُتِلُوْا

خبر دی اہل جرش کے قتل ہونے کی اور خبر دی اس وقت کی جس میں قتل کئے

فِيْهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ بِاَنَّ الْاَرْضَةَ اَكَلَتْ مَا فِیْ سَفَرِ الْعَهْدِ وَاَبْقَتِ اسْمَ

جنہوں نے خبر دی کہ دیمک نے کھا لیا ہے قریش کے عہد نامہ کو عملی طور پر اور باقی چھوڑا ہے صرف اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے نام کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ بِلَالًا اَهْدَاهُ الشَّيْطَانُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جنہوں نے خبر دی کہ بلال کو تھپکی دی ہے شیطان نے (سلانے کیلئے) اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ فِیْ غَزْوَةِ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی غزوہ

تَبُوْكَ بِهُبُوْبِ الرِّيْحِ الشَّدِيْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تبوک میں شدید آندھی کے چلنے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَبَا بَكْرٍ عَنِ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو

الشَّيْخِ الْيَمَنِیِّ الَّذِیْ اَعْطَاهُ الْاَشْعَارَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

شیخ یمنی کے متعلق جس نے انہیں اشعار عطا کئے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ فَاطِمَةَ بِحُضُوْرِ مَوْتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

خبر دی حضرت سیدہ فاطمہ زہراء قرب وفات کی رضی اللہ عنہا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ اَوَّلَ

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ اہل بیت سے اوّل

اَهْلِیْ لُحُوْقًا بِیْ لِفَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

فرد از روئے لاحق ہونے کے ساتھ میرے البتہ فاطمہ زہراء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ يُتَوَفّٰى

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس محبوب نے بتلا دیا کہ ان کی وفات

يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

سوموار کے دن ہوگی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بِالْمُغَيَّبَاتِ وَبِصِفَةِ مَوْتِ

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی امور غیبیہ کی اور صحابہ کرام میں سے

مَنْ يَّمُوْتُ مِنْ اَصْحَابِهٖ وَمَنْ مَّاتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

فوت ہونے والوں کی اور جو فوت ہو چکے ان کی کیفیت موت کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ عَمَّارًا

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی عمار کو کہ

بِاَنْ تَقْتُلَهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ فَمَاتَ فِیْ حَرْبِ عَلِیٍّ وَّمُعَاوِيَةَ

انہیں باغی جماعت قتل کرے گی تو انہوں نے وفات پائی حضرت علی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کی جنگ صفین میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ اُمَّ حَرَامٍ بِمَوْتِهَا عَلَى الشَّهَادَةِ فَكَانَ مَا اَخْبَرَهَا

جنہوں نے خبر دی ام حرام کو شہادت کی موت کی پس وہی ہوا جس کی آپ نے اسے خبر دی

بِهٖ وَاَشَارَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اور اشارہ فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ اَخْبَرَ بَعْضَ صَحَابَتِهٖ وَقَرَابَتِهٖ بِعَلَامَةِ

آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی اپنے بعض صحابہ اور قرابت داروں کو اویس

اُوَيْسٍ الْقَرَنِیِّ وَشَفَاعَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

قرنی کی علامت اور شفاعت کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ ابْنَ الزُّبَيْرِ جَهْرًا

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی عبداللہ بن زبیر کو علانیہ کہ

اَنَّهٗ يُقْتَلُ صَبْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

وہ حالت حبس میں قتل ہوں گے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّهٗ مَنْ قَرَءَ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ

آل محمد پر جنہوں نے خبر دی کہ جو شخص والتین والزیتون کو پڑھے گا

جَلَبَتْ لَهٗ رِزْقًا وَّيُسْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تو وہ اس کے لیے فراواں رزق اور آسانیاں مہیا کرے گی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَّعَرَّفَهٗ

اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی حضرت معاذ بن جبل کو اور تعارف کرایا

بِالَّذِىْٓ اَخَذَ لَهُ الطَّعَامَ مِنَ الْغُرْفَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اس شخص کا جس نے لے لیا ان کا خلہ بالا خانہ سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ عَمَّارَ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی عمار

بْنَ يَاسِرٍ بِمَآ اَسَرَّ ابْنُ اُبَيٍّ لِاَصْحَابِهٖ يَوْمَ تَبُوْكَ وَهُوَ سَآئِرٌ وَ

بن یاسر کو جو دل میں چھپایا ابن ابی نے آپ کے اصحاب کے لیے تبوک کے دن جبکہ آپ جا رہے تھے اور

اَخْبَرَ بِاسْمِ مَنْ هَمَّ اَمْرَ غَدْرِهٖ بَعْدَ اَنْ كَفَاهُ اللّٰهُ شَرَّهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خبر دی اس شخص کے نام کی جس نے آپ کے ساتھ غدر کا قصد کیا تھا بعد اس کے کہ اللہ نے آپ کو کفایت فرمائی اس کے شر سے

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

اَوَّلًا وَّاٰخِرًا بِمَوْتِ مَنْ يَّمُوْتُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَافِرًا اَللّٰهُمَّ

اول و آخر ان کی جو مریں گے اہل اسلام سے حالت کفر میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ بِمَوْتِ اَهْلِ بِئْرِ مَعُوْنَةَ قَبْلَ اَنْ يَّعْرِفُوْا

خبر دی اپنے صحابہ کو بیر معونہ والوں کی شہادت کی پہلے اس سے کہ صحابہ

ذٰلِكَ اَوْ يُدْرِكُوْنَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اسے جانیں اور اس کا ادراک کریں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ عَنْ اَهْلِ بِئْرِ مَعُوْنَةَ وَاعْتَجَبَ

آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی بیر معونہ والوں کے متعلق اور تعجب فرمایا

اَنَّهُمْ حُمِلُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ عَلٰٓى اَسِرَّةِ الذَّهَبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ان کے اٹھائے جانے پر جنت کی طرف سنہری تختوں پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ بِمَوْتِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی عبداللہ

ابْنِ رَوَاحَةَ الشَّهِيْدِ وَبِاَخْذِ الرَّايَةِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَللّٰهُمَّ

بن رواحہ کی شہادت کی اور خالد بن الولید کے پرچم تھامنے کی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَوْحٰٓى اِلَيْهِ اَنَّ خَالِدًا اَخَذَ الرَّايَةَ مِنْ غَيْرِ

خبر دی کہ اللہ نے ان پر وحی نازل کی ہے کہ خالد نے پرچم اسلام تھام لیا ہے بغیر

اَمْرٍ هٖ فَفُتِحَ لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

آپ کے امر کے اور ان کو فتح دی گئی ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ جَعْفَرًا يَطِيْرُ فِى السَّمَآءِ بِجَنَاحَيْنِ

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ جعفر رضی اللہ عنہ آسمان میں پرواز کر رہے ہیں اپنے دو خون آلود

مُضَرَّجَيْنِ بِالدِّمَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بازوؤں کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِمَا اَخْفَى الْكُفَّارُ مِنَ الْكَلَامِ فِيْ

آپ کی آل پر جنہوں نے بتلا دیا جو کچھ مخفی رکھا اپنے کلام سے کفار نے آپ کے

فَتْحِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الشَّامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

شام کو فتح کر لینے کے بارے میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَصْحَابَهُ الْمُكَرَّمِيْنَ اَنَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی اپنے اصحاب کرام کو کہ فرمان

فِرْمَانَ يَقْتُلُ نَفْسَهٗ بِالسِّكِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اپنے آپ کو قتل کروائے گا خنجر کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ سَمُرَةَ يُحْرَقُ بِالنَّارِ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ حضرت سمرہ آگ میں جل کر مریں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ يُحْشَرُ مَعَ الشُّهَدَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

خبر دی کہ ثابت بن قیس کا حشر شہداء کے ساتھ ہوگا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاَيْمَانِ الْمُنَافِقِيْنَ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی منافقین کی جھوٹی قسموں کے متعلق

قَبْلَ الْحَلْفِ عَلِيًّا حِيْنَ قَدِمَ عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ يَفْتَحُ عَلَيَّ وَعَلٰى يَدَيْهِ

ان کے حلف اٹھانے سے قبل اور خبر دی حضرت علی کو جبکہ آئے آپ کی خدمت میں کہ یقیناً اللہ مجھے فتح دے گا اور تمہارے ہاتھوں پر فتح ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ بِنُبَاحِ كِلَابِ الْحَوْاَبِ عَلٰى بَعْضِ نِسْوَجَاتِهٖ

خبر دی اپنے صحابہ کو حوأب کے کتوں کے بھونکنے کی بعض ازواج مطہرات پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل محمد پر

الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ عَائِشَةَ تَنْفِرُ اِلٰى قِتَالِ عَلِيٍّ وَتَسِيْرُ وَيَمُوْتُ

جنہوں نے خبر دی کہ عائشہ صدیقہ نکلیں گی اور روانہ ہوں گی حضرت علی کے قتال کی طرف اور وفات پائیں گے

حَوْلَهَا خَلْقٌ كَثِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ان کے گرد بہت سے لوگ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ الزُّبَيْرَ وَهُوَ فِي الدَّارِ اَنَّ قَاتِلَهٗ

سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے خبر دی حضرت زبیر کو جبکہ وہ گھر میں موجود تھے کہ ان کا قاتل

يَلِجُ فِي النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جہنم واصل ہوگا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ بِمَا يَكُوْنُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ

محمد پر جنہوں نے خبر دی حذیفہ بن یمان کو ہر اس واقعہ کی جو ہوگا ان کے بعد والے زمانہ میں

فَكَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

پس اسی طرح ہوا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ بِقُدُوْمِ الْعِيْرِ قَبْلَ مَجِيْءِ الْبَشِيْرِ وَاَخْبَرَ

پر جنہوں نے خبر دی قریش کے قافلہ کی خوشخبری دینے والے کی آمد سے قبل اور خبر دی

بِفَتْحِ اُمِّ الْقُرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

مکہ مکرمہ کے فتح ہونے کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخْبَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِمَصَارِعِ الْكُفَّارِ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی میدان بدر میں کفار کی قتل گاہوں کی تو

فَكَانَتْ حُفَرُ الْفَرَارِ لَهُمْ فِي النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

ہو گئے وہ مقامات ان کے لیے آتش دوزخ میں قیام پذیری کے گڑھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ اَنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ دَنَتْ تَسْمَعُ قِرَآءَتَهٗ وَهُوَ يَقْرَءُ

خبر دی حضرت اسید بن حضیر کو کہ ملائکہ قریب آ گئے تھے ان کی قراءت سنتے ہوئے جبکہ وہ تلاوت کر رہے تھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ بِالَّذِيْ خَبَّاَ نَفْسَهٗ مِنَ الْكُفَّارِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِيَرَاهُ حِيْنَ

خبر دی اس کافر شخص کے متعلق جس نے اپنے آپ کو چھپا رکھا تھا جمعہ کے دن تاکہ آپ کو دیکھے

يَخْطُبُ وَيَسْمَعَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

خطبہ دیتے وقت اور خطبہ سنے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ اَخْبَرَ بَعْضُ حُفَاةِ الْبَوَادِيْ اَنَّ نَاقَتَهٗ

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی بعض بادیہ نشین برہنہ پا کہ اس کی اونٹنی

الدَّاهِبَةُ بِبَطْنِ الْوَادِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وادی میں جا رہی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ اَخْبَرَ بِكِتَابِ ابْنِ بَلْتَعَةَ قَبْلَ

اور آل محمد پر جنہوں نے خبر دے دی حاطب بن ابی بلتعہ کے خط کی قبل

اَنْ يَّرَاهُ وَيَسْمَعَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اس کے کہ اسے دیکھیں اور سنیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ اَخْبَرَ بِاِشَارَةِ اَبِيْ لُبَابَةَ حِيْنَ حَذَّرَ

آل محمد پر جنہوں نے خبر دی ابو لبابہ رضی اللہ عنہ کے اشارہ سے متعلق جبکہ ڈرایا انہوں نے

اَصْحَابَهٗ وَاَخْبَرَ اَصْحَابَهُ الْاَبْرَارَ بِمَا يَبِيْتُهُ الْكُفَّارُ اَللّٰهُمَّ

اپنے ساتھیوں کو اور خبر دے دی آپ نے اپنے اصحاب ابرار کو جو رات کو منصوبہ بناتا کفار تھے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

قَالَ لِاَبِيْ ذَرٍّ اِقْتَحِمِ الْاَجَمَةَ تَرٰى عَجِيْبًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ

فرمایا حضرت ابوذر کو جنگل میں داخل ہو جاؤ تم عجیب منظر دیکھو گے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے

اَخْبَرَ اَنَّ السَّمَآءَ الدُّنْيَا مِنْ نُّوْرٍ وَّرِيْحٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

خبر دی کہ پہلا آسمان نور اور ہوا سے بنا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے

اَخْبَرَ اَنَّ السَّمَآءَ الرَّابِعَةَ كَالْمَرْاٰةِ الْمُصْقَلَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

بتلایا کہ چوتھا آسمان صاف شفاف شیشہ کی مانند ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ اَخْبَرَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی

اَنَّ فِيْهِمَا مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ عَدَدَ الَّتِيْ فِي السَّمٰوٰتِ اَللّٰهُمَّ

کہ ان دونوں میں فرشتے اتنی تعداد میں ہیں جتنے دیگر سماوات میں ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے

اَخْبَرَ اَنَّ اَهْلَ السَّمَآءِ الْخَامِسَةِ لَمْ يَرْفَعُوْٓا اَبْصَارَهُمْ مُنْذُ

خبر دی کہ پانچویں آسمان والوں نے اپنی نظریں بلند نہیں کیں اللہ تعالیٰ سے حیا

خُلِقُوْا حَيَآءً مِّنَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کی وجہ سے جیسے پیدا کیے گئے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ فِی الْكُرْسِیِّ لُؤْلُؤَةً لَّا

آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ کرسی خداوند تعالیٰ میں ہر ایک موتی ایسا ہے کہ نہیں

يَعْلَمُ قَدْرَ عَظَمِهَا اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جانتا اس کی مقدار کی عظمت کو مگر اللہ تعالیٰ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ السَّمَآءَ السَّادِسَةَ كَلَوْنِ

اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ چھٹا آسمان رنگت میں سرخ

الذَّهَبِ الْاَحْمَرِ وَ فِيْهَا الْكَرُوْبِيُّوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سونے کی مانند ہے اور اس میں مقرب فرشتے کروبیون موجود ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ

فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جس آقا نے خبر دی کہ

الْعَرْشَ خُلِقَ مِنَ النُّوْرِ السَّاطِعِ وَالضِّيَآءِ اللَّامِعِ اَللّٰهُمَّ

عرش کو غالب نور اور چمکتی ضیاء سے پیدا کیا گیا ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ مَا فِی السَّمٰوٰتِ مَوْضِعُ اَنْمُلَةٍ اِلَّا وَفِيْهَا مَلَكٌ

جس محبوب نے خبر دی کہ آسمانوں میں انگلی کے سرے جتنی بھی جگہ نہیں مگر اس میں فرشتے

سَاجِدٌ اَوْ رَاكِعٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

سجود یا رکوع میں ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ حَوْلَ الْعَرْشِ ثَمَانِيْنَ اَلْفَ

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی ہے کہ عرش اعظم کے گرد اسی ہزار

سُرَادِقَ وَاَنَّ الْعَرْشَ خُلِقَ مِنْ جَوْهَرَةٍ خَضْرَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پردے ہیں اور عرش سبز جوہر سے پیدا کیا گیا ہے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ

بَيْنَ الْقَآئِمَتَيْنِ مِنْ قَوَآئِمِ الْعَرْشِ خَفَقَانُ الطَّآئِرِ الْمُسْرِعِ

عرش کے پایوں میں سے دو پایوں کے درمیان تیز پرواز پرندے کی

اَلْفَ عَامٍ بِلَا امْتِرَآءٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہزار سال پرواز کی مسافت ہے بلاشبہ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ حَوْلَ الْعَرْشِ مَلٰٓئِكَةً

آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ عرش کے گرد ایسے ملائکہ ہیں

عَلٰى خُيُوْلٍ مِّنْ نُّوْرٍ بِاَيْدِيْهِمْ حِرَابٌ مِّنْ نُّوْرٍ يَّحُفُّوْنَ

جو نور کے گھوڑوں پر سوار ہیں جن کے ہاتھوں میں نورانی نیزے ہیں جو ملائکہ کو

الْمَلٰٓئِكَةَ عَلَى التَّسْبِيْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تسبیح پر آمادہ کرتے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ لِلْعَرْشِ

اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ عرش کی

اَلْفَ لِسَانٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ہزار زبانیں ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَخْبَرَ اَنَّ الْعَرْشَ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ

آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ عرش اعظم اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا ہے

بِاَنْوَاعِ اللُّغَاتِ وَالْبَيَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تمام لغات اور انواع بیان میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ الْعَرْشَ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ عرش اعظم

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ بِاَلْفِ نَوْعٍ مِّنَ التَّسْبِيْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اللہ تعالیٰ کے لیے تسبیح کرتا ہے ہزار قسم کی تسبیحات کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ

اَنَّ الْعَرْشَ يُكْسٰى كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ لَوْنٍ مِّنْ نُّوْرٍ

عرش کو ہر دن ہزار قسم کے انوار پہنائے جاتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ اِسْرَافِيْلَ يَتَصَاغَرُ اَحْيَانًا مِّنْ

اطہار پر جس محبوب نے خبر دی ہے کہ حضرت اسرافیل بسا اوقات اللہ کی

هَيْبَةِ اللّٰهِ حَتّٰى يَصِيْرَ مِثْلَ الْعُصْفُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہیبت سے سکڑ سمٹ جاتے ہیں حتی کہ چڑیا کی مانند ہو جاتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس محبوب نے

اَخْبَرَ اَنَّ الْعَرْشَ عَلَى الْمَآءِ وَالْمَآءُ عَلَى الرِّيْحِ اَللّٰهُمَّ

خبر دی کہ عرش پانی پر ہے اور پانی ہوا پر ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ السَّمَآءَ الْخَامِسَةَ مِنَ الْيَاقُوْتِ

جس محبوب نے خبر دی کہ پانچواں آسمان سرخ یاقوت سے ہے

الْاَحْمَرِ وَاَهْلُهَا رَافِعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ بِالتَّهْلِيْلِ وَ

اور اس پر بسنے والے لا الٰہ الا اللہ اور سبحان اللہ کا ذکر بلند

التَّسْبِيْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

آواز سے کرتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ حَوْلَ الْعَرْشِ

آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ عرش کے گرد

مَدِيْنَةً مِّنْ مِّسْكٍ اَذْفَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

خالص کستوری سے بنا ہوا شہر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ حَوْلَ

محمد و آل محمد پر جس آقا نے خبر دی کہ عرش کے گرد

الْعَرْشِ سِتُّمِائَةِ اَلْفِ عَالَمٍ وَّاَخْبَرَ اَنَّ الْحُوْرَ اَكْثَرُ

چھ لاکھ جہان ہیں اور خبر دی کہ حوریں زیادہ تعداد میں ہیں

مِنْ بَنَاتِ اٰدَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آدم کی بیٹیوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ حَوْلَ الْعَرْشِ سِتُّوْنَ

اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ عرش اعظم کے گرد ساٹھ

اَلْفَ عَالَمٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لِمُحِبِّىْ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَيَلْعَنُوْنَ

ہزار جہان ہیں کہ وہ سیدنا ابو بکر و سیدنا عمر کے محبوں کے لیے استغفار کرتے ہیں اور ان سے

لِمُبْغِضِىْ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بغض رکھنے والوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْٓ اَخْبَرَ اَنَّ فِى الْعَرْشِ مِثْلَ

اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ عرش میں مانند تعداد اس مخلوق

مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کے ہے جو اللہ نے پیدا فرمائی خشکی اور تری میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ ملائکہ

تَنْزِلُ اِلَى الْاَرْضِ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالنَّحْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اترتے ہیں زمین کی طرف عید الفطر اور عید الضحیٰ کے دن۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ لِكُلِّ مَلَكٍ مِّنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ الْكِرَامِ فِيْمَا بَيْنَ

خبر دی کہ عرش اعظم کے حاملین ملائکہ میں سے ہر فرشتے کے

كَعْبَيْهِ اِلٰى قَدَمَيْهِ مَسِيْرَةُ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

ٹخنوں سے قدموں تک سات سو سال کی مسافت ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّ بَيْنَ حَمَلَةِ الْعَرْشِ وَحَمَلَةِ الْكُرْسِيِّ سَبْعِيْنَ حِجَابًا

کہ حاملین عرش اور حاملین کرسی کے درمیان ستر حجاب

مِّنْ ظُلْمَةٍ وَّسَبْعِيْنَ حِجَابًا مِّنْ نُّوْرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ظلمت سے ہیں اور ستر حجاب نور سے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّهٗ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ اگر

لَوْلَا الْحُجُبُ لَاحْتَرَقَ حَمَلَةُ الْكُرْسِيِّ مِنْ نُّوْرِ حَمَلَةِ الْعَرْشِ

حجابات نہ ہوتے تو حاملین کرسی جل جاتے عرش کے حاملین کرام ملائکہ کے

الْكِرَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

نور سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ غِلَظَ كُلِّ حِجَابٍ مِّنْهَا مَسِيْرَةُ

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ ہر حجاب کی موٹائی پانچ سو سال کی

خَمْسِمِائَةِ عَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

مسافت ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ بَعْضَ الْمَلٰٓئِكَةِ سَاَلَ

آل محمد پر جس آقا نے خبر دی کہ بعض ملائکہ نے اللہ تعالیٰ سے

اللّٰهَ اَنْ يُّرِيَهٗ مِقْدَارَ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ فَخَلَقَ لَهٗ ثَلٰثِيْنَ اَلْفَ

سوال کیا کہ اسے عرش عظیم کی وسعت دکھلائے تو اللہ نے اس میں تیس ہزار

جَنَاحٍ فَطَارَ ثَلٰثِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ وَلَمْ يَقْطَعْ قَائِمَةً مِّنْ قَوَائِمِ

پر پیدا کیے پس اس نے تیس ہزار سال پرواز کی اور نہ طے کر سکا عرش کریم کے پایوں میں سے

الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ایک پائے کی مسافت کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ الزَّنْجَ مِنْ وُّلْدِ حَامٍ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ زنگی لوگ حام بن نوح کی اولاد سے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ نُوْرَ الْعَرْشِ خُلِقَ قَبْلَ الْكُرْسِيِّ بِاَلْفَيْ عَامٍ اَللّٰهُمَّ

خبر دی کہ عرش کا نور کرسی (کے نور) سے دو ہزار سال پہلے پیدا کیا گیا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے

أَخْبَرَ أَنَّ مَقَامَ جِبْرَائِيلَ فِي وَسْطِ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى اَللّٰهُمَّ صَلِّ

خبر دی کہ جبریل علیہ السلام کا مقام سدرۃ المنتہیٰ کے درمیان میں ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّ مِقْدَارَ الْقَلَمِ الَّذِيْ يَكْتُبُ اَعْمَالَ الْاَنَامِ مَسِيْرَةُ خَمْسِ

کہ مقدار اس قلم کی جو مخلوق کے اعمال لکھتی ہے پانچ

مِائَةِ عَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ

سو سال کی مسافت کے برابر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ نُوْرَ الْعَرْشِ لَوْ ظَهَرَ لِاَهْلِ

کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی کہ اگر عرش کا نور اہل دنیا پر

الدُّنْيَا وَاسْتَهَلَّ لَضَعُفَ نُوْرُ الشَّمْسِ مَعَهٗ كَمَا يَضْعُفُ

ظاہر اور نمودار ہو تو یقیناً کمتر ہو جائے گا آفتاب کا نور اس کے سامنے جیسے کہ ضعیف اور

ضَوْءُ السِّرَاجِ مَعَهَا اَوْ اَقَلَّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا

حقیر ہوتی ہے چراغ کی روشنی سورج کے سامنے بلکہ اس سے بھی کمتر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ كُلَّ قَائِمَةٍ مِّنْ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ کرسی کے پایوں میں سے ہر ایک

قَوَائِمِ الْكُرْسِيِّ طُوْلُهَا مِثْلُ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ اَللّٰهُمَّ

کی درازی زمین اور آسمانوں کی مجموعی مقدار کی مانند ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے خبر دی

اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ جَوْفِ الْكُرْسِيِّ كَحَلْقَةٍ فِيْ اَرْضٍ

کہ تمام آسمان اور زمینیں کرسی کے اندر یوں ہیں جیسے کہ چٹیل میدان میں

فَلَاةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا

انگوٹھی کا حلقہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ الْكُرْسِيَّ يَحْمِلُهٗ اَرْبَعَةُ اَمْلَاكٍ لِكُلِّ مَلَكٍ

پر جس آقا نے خبر دی کہ کرسی کو چار فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں جن میں سے ہر ایک کے چار

اَرْبَعَةُ وُجُوْهٍ نُوْرُهُمْ يَتَلَاْلَاُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا

منہ ہیں جن کا نور چمکتا دمکتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ اَقْدَامَهُمْ عَلَى

محمد پر اور آپ کی آل پر جس آقا نے خبر دی کہ ان کے قدم اس

الصَّخْرَةِ الَّتِيْ تَحْتَ الْاَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پتھر پر ہیں جو ساتویں زمین کے نیچے ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ مَلَكًا مِّنْهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ اٰدَمَ

نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے بتلایا کہ ان میں سے ایک فرشتہ آدمی کی صورت پر ہے

وَهُوَ يَطْلُبُ الرِّزْقَ وَالْمَطَرَ مِنَ السَّنَةِ اِلَى السَّنَةِ لِلْاَنَامِ اَللّٰهُمَّ

اور وہ طلب کرتا ہے رزق اور بارش مخلوق کے لیے ایک سال سے دوسرے سال تک۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے

اَخْبَرَ اَنَّ مَلَكًا مِّنْهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الثَّوْرِ وَهُوَ يَطْلُبُ الرِّزْقَ

خبر دی کہ ان میں سے ایک فرشتہ بیل کی صورت پر ہے جو کہ رزق طلب کرتا ہے

مِنَ السَّنَةِ اِلَى السَّنَةِ لِلْاَنْعَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا

ایک سال سے دوسرے سال تک چارپایوں کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ مَلَكًا مِّنْهُمْ

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ ان میں سے ایک فرشتہ

عَلٰی صُوْرَةِ السَّبُعِ وَهُوَ يَطْلُبُ الرِّزْقَ اَيْضًا لِلْوُحُوْشِ وَالْهَوَامِّ

درندہ کی صورت پر ہے جو کہ رزق طلب کرتا ہے جنگلی جانوروں اور زہریلے جانوروں کے لیے بھی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ مَلَكًا مِّنْهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ النَّسْرِ وَهُوَ يَطْلُبُ الرِّزْقَ

جنہوں نے خبر دی کہ ان میں سے ایک فرشتہ گدھ کی صورت پر ہے جو کہ پرندوں کے لیے

اَيْضًا لِلطَّيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

رزق طلب کرتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ الرُّوْحَ لَوْ سَمِعَ تَسْبِيْحَهٗٓ اَهْلُ الْاَرْضِ وَاَصْغَوْا

پر جس آقا نے خبر دی کہ اگر روح اعظم کی تسبیح زمین والے سنیں اور اس کی طرف کان لگائیں تو

اِلَيْهِ لَخَرَجَتْ اَرْوَاحُهُمْ وَلَوْ شَآءَ لَابْتَلَعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

ان کی روحیں اجسام سے باہر آجائیں اور اگر وہ چاہے تو تمام آسمانوں اور زمین کو نگل جائے منہ

مِنْ اَحَدِ شِدْقَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کی ایک جانب سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ الرُّوْحَ اِذَا ذَكَرَ اللّٰهَ

آپ کی آل اطہار پر جس آقا نے خبر دی کہ روح اعظم جب ذکر باری تعالیٰ کرتا ہے تو

خَرَجَ مِنْ فِيْهِ قِطَعٌ مِّنْ نُّوْرٍ كَاَمْثَالِ الْجِبَالِ الْعِظَامِ

اس کے منہ سے نور کے عظیم قطعات برآمد ہوتے ہیں جو عظیم پہاڑوں کی مانند ہوتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ مَوْضِعَ قَدَمَيْهِ مَسِيْرَةُ سَبْعَةِ اٰلَافِ عَامٍ

جنہوں نے خبر دی کہ روح اعظم کے قدموں کی جگہ سات ہزار سال کی مسافت ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّ لَهٗٓ اَلْفَ جَنَاحٍ عَلٰٓى اُلُوْفٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جنہوں نے خبر دی کہ اس کے کروڑوں پر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ اَخْبَرَ اَنَّهٗ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے خبر دی کہ روح اعظم

يَقُوْمُ الرُّوْحُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَفًّا وَّجَمِيْعُ الْمَلٰٓئِكَةِ صَفًّا اَللّٰهُمَّ

کھڑا ہوگا قیامت کے دن ایک صف میں اور تمام ملائکہ دوسری صف میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْٓ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے

اَخْبَرَ اَنَّ لِلّٰهِ مَلٰٓئِكَةً لَّوْ اَنَّ وَاحِدًا مِّنْهُمْ نَزَلَ اِلَى الدُّنْيَا لَمَا

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اَنْوَارِ الْمَجَالِیْ وَاَصْفَی الْمَظَاهِرِ النُّوْرِ

اور آل محمد پر جو تمام جلوہ گاہوں کے انوار اور صاف ترین مظہر نور ہیں

النُّوْرِ الْاِلٰهِیِّ الْقُدُّوْسِیِّ الْمُتَجَلِّیْ فِی الصُّوْرَةِ الْبَشَرِیَّةِ وَالسِّرِّ

مقدس نور الٰہی ہیں جو جلوہ گر ہونے والے ہیں صورت بشریہ میں اور ذات باری

الْمُبْهَمِ الذَّاتِیِّ الظَّاهِرِ فِی الْهَیْئَةِ الْاِنْسَانِیَّةِ هُوَ رُوْحٌ كُلِّیٌّ وَجَمِیْعُ

کا راز مخفی ہیں جو ظہور پذیر ہوئے انسانی ہیئت میں وہ کلی روح ہیں اور تمام روحیں ان

الْاَرْوَاحِ شُعَاعَاتُهٗ وَعَقْلٌ كُلِّیٌّ وَسَآئِرُ الْعُقُوْلِ اَجْزَآئُهٗ وَ

کی شعاعیں ہیں اور وہ عقل کلی ہیں اور تمام عقول ان کے اجزاء اور

جُزْئِیَّاتُهٗ وَكُلُّ مَا ظَهَرَ فِی الْوُجُوْدِ فَهُوَ وَصْفٌ مِّنْ اَوْصَافِهٖ

جزئیات ہیں اور جو کچھ ظاہر ہوا وجود میں پس وہ ان کے اوصاف میں سے ایک وصف کا مظہر ہے

وَكُلُّ مَا دَخَلَ فِی الْكَوْنِ فَهُوَ نَعْتٌ مِّنْ نُّعُوْتِهٖ اَلْاَوْلِیَآءُ

اور جو بھی داخل ہوا کون و وجود میں تو وہ نعت ہے ان کی نعتوں سے تمام اولیاء

اٰثَارُ وِلَایَتِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ اَمْوَاجُ بَحْرِ خُلُقِهِ الْعَظِیْمِ وَهُوَ الْبَحْرُ

ان کی ولایت کے آثار ہیں اور تمام ملائکہ ان کے خلق عظیم کے سمندر کی امواج ہیں اور وہی سمندر

اَلْمَوَاجِ الذُّخَارِ وَهُوَ مَعْدَنُ الْجَوَاهِرِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْمَلَكُوْتِيَّةِ
موجزن بحر وذخار ہیں اور وہی معدن وکان ہیں ملکوتی وروحانی اور ناسوتی و جسمانی
وَالنَّاسُوْتِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَحْبُوْبِ الْمُقَدَّسِ
موجودات کے جواہر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرما اپنے محبوب مقدس
وَالْحَبِيْبِ الْفَرْدِ الذَّاتِيِّ وَالنَّعْتِيِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اور یکتا حبیب پر جو محمد و خلق و خالق ہیں از روئے ذات اور صفات کے صلی اللہ علیہ وسلم
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
مَظْهَرِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمِرْاٰةِ الرُّبُوْبِيَّةِ وَوَحِيْدِ الْفَرِيْدِ الْمُتَفَرِّدِ
جو تیری صفت رحمانیت کے مظہر اور صفت ربوبیت کے آئینہ ہیں اور یکتا جوہر
فِيْ مَقَامِ الْفَرْدَانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہیں جو مقام فردانیت میں متفرد ومتاز ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْمَلِ الْوَسَائِلِ وَاَعَزِّ الذَّرَآئِعِ لِيْ فِيْ
اور آپ کی آل اطہار پر جو کامل ترین وسیلہ اور عزیز ترین ذریعہ ہیں میرے لیے تیری بارگاہ والا
حَضْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
تک رسائی ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
مُحَمَّدِ الَّذِيْ فَخْرُ اٰدَمَ وَمَنْ دُوْنَهٗ وَبَحْرُ الْوَلَايَةِ الَّذِيْ عِيْسٰى
آل پر جو کہ سرمایۂ فخر ہیں حضرت آدم اور ان کے ماسوا کے لیے اور ولایت کے سمندر ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام
مِنْ جُدَاوِلِهٖ وَطُوْرُ النُّبُوَّةِ الَّذِيْ مُوْسٰى مِنْ جَوَانِبِهٖ اَللّٰهُمَّ
اس کی نہروں میں سے ایک نہر ہیں اور نبوت کے کوہ طور ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام اس کی جانبوں میں سے ایک جانب ہیں۔ اے
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ الْمَقْصُوْدِ
اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو عین مقصود

وَالْحَامِدِ الْمَحْمُوْدِ وَشَاهِدِ الْمَشْهُوْدِ وَالْوَاجِدِ الْمَوْجُوْدِ وَنُقْطَةِ
(اور حامد (مولیٰ) اور محمود (خلائق وخالق) اور گواہ ہیں (انبیاء واہم کے لیے) اور ان کی طرف سے گواہی دیتے ہوئے ہیں۔ صاحب وسعت اور جود
دَآئِرَةِ الشُّهُوْدِ وَالْوُجُوْدِ وَقِبْلَةِ كُلِّ مَعْدُوْمٍ وَّمُمْكِنٍ وَّمَوْجُوْدٍ
ہیں اور مرکزی نقطہ ہیں شہود و وجود کے دائرہ کے اور قبلہ ہیں ہر معدوم اور ممکن و موجود کے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
الْحَقِيْقَةِ الْمُقَدَّسَةِ الْمُحِيْطَةِ بِالْحَقَآئِقِ وَالْاَعْيَانِ وَالنُّقْطَةِ
جو کہ مجسم حقیقت مقدسہ ہیں جو تمام حقائق اور موجودات خارجیہ کو محیط ہے اور بسیط
الْبَسِيْطَةِ الْمُتَمِّمَةِ لِمَنَازِلِ الْاِيْمَانِ وَالْاِحْسَانِ وَحُبُّهٗ حَقِيْقَةٌ
نقطے ہیں جو تکمیل و تتمیم کرنے والے ہیں ایمان واحسان کے منازل کی۔ ان کی محبت ایمان کی روح و
الْاِيْمَانِ وَحُضُوْرُهٗ كَمَالُ الْاِحْسَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
حقیقت ہے اور ان کا حضور وشہود کمال احسان ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْغَنِيِّ عَنْ تَوْصِيْفِنَا وَالْمُسْتَغْنِيْ عَنْ
محمد و آل محمد پر جو مستغنی ہیں ہماری تعریف وتوصیف سے اور بے نیاز ہیں ہماری
تَكْرِيْمِنَا اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَيَا مُجْرِيَ الْفُلْكِ بِحَقِّكَ
تعظیم وتکریم سے۔ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اے مالک ملک اور جاری کرنے والے کشتیوں کے بطفیل
عَلَيْكَ وَبِحَقِّ اَنْبِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ لَدَيْكَ وَبِعَزِيْزِ جَنَابِكَ وَ
تیرے حق کے اور بطفیل حق حرمت تیرے انبیاء واصفیاء اور اپنے مقربین کے اور تیری عزت والی بارگاہ اور
بِعُلُوِّ حِجَابِكَ وَرَفِيْعِ جَاهِكَ وَبِاُلُوْهِيَّتِكَ وَوَحْدَانِيَّتِكَ وَقِدَمِكَ وَ
بلند تر حجاب کے اور بطفیل تیری الوہیت و وحدانیت اور شان قدیمی اور
قُدْرَتِكَ وَبِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَبِنُوْرِكَ الْاَسْنٰى وَبِذَاتِكَ الْعَلِيَّةِ وَصِفَاتِكَ
قدرت کے اور بطفیل تیرے اسماء وحسنیٰ اور نور انور وروشن ترکے اور بطفیل تیری ذات عالیہ اور صفات

الْمَرْضِيَّةِ وَبِصَافِيْ وِدَادِكَ لِخُلَّصِ عِبَادِكَ وَبِسِرِّكَ الْمَخْزُوْنِ وَ

مرضیہ و پسندیدہ کے اور بطفیل تیری خالص محبت و مودت کے ساتھ اپنے مخلص عباد کے اور بطفیل تیرے راز مخفی اور

بِعِلْمِكَ الْمَكْنُوْنِ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَبِكُنْزِ اَحَدِيَّتِكَ الْمُطْلَسِمِ اَنْ تُحَقِّقَنِيْ

پوشیدہ علم کے اور بطفیل تیرے اسم اعظم اور احدیت والے طلسمی خزانے کے مجھے متحقق و پائیدار بنائے

بِمُشَاهَدَةِ قُرْبِكَ وَاَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ خُدَّامِ حَضْرَتِكَ وَمِنْ حِزْبِكَ وَاَنْ

اپنے مشاہدۂ قرب کے ساتھ اور بنالے مجھے اپنی بارگاہ کے خدام سے اور اپنی جماعت خاص سے اور مجھے

تُهَيِّمَنِيْ بِمَحَبَّتِكَ وَاَنْ تُكْرِمَنِيْ بِمَعْرِفَتِكَ وَاَنْ تُسْعِدَنِيْ بِمُشَاهَدَتِكَ

سیراب فرمائے اپنی محبت کے ساتھ اور عزت بخشے اپنی معرفت کے ساتھ اور نیک بخت فرمائے اپنے مشاہدہ کے ساتھ

وَاَنْ تُزَيِّنَنِيْ بِحُلِيَةِ طَاعَتِكَ وَاَنْ تُبَاعِدَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ وَاَنْ

اور مجھے مزین فرمائے اپنی اطاعت کے زیور سے اور دوری پیدا فرمائے میرے اور اپنی معصیت کے درمیان

تُحْجِبَنِيْ عَنْهَا حَتّٰى لَا تَجِدَ اِلَيَّ سَبِيْلًا بِفَضْلِكَ وَمَعُوْنَتِكَ وَاَنْ تُقَابِلَ

اور مجھے اس سے باز رکھے اپنے فضل اور اعانت سے حتی کہ وہ میری طرف راہ بھی نہ پا سکے اور میری

هَفَوَاتِيْ بِمَغْفِرَتِكَ وَاَنْ تَسْقِيَنِيْ بِكَاْسِ مَوَدَّتِكَ وَاَنْ تُدْخِلَنِيْ فِيْ

لغزشوں کے مقابل مغفرت عطا کرے اور مجھے پلائے اپنی مودت کے جام سے اور مجھے داخل کرے اپنی

حِمَايَتِكَ وَعِزَّتِكَ وَاَنْ تُحْجِبَنِيْ عَنِ الْاَعْدَآءِ بِرَهْبُوْتِ سَطْوَتِكَ وَ

حمایت اور پناہ عزت میں اور مجھے محفوظ رکھے دشمنوں سے اپنی ہیبت ناک سطوت کے ساتھ اور

اَنْ تَكْشِفَ لِيْ عَنْ حَظَآئِرِ النُّوْرِ وَاَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ اَهْلِ الْحُضُوْرِ وَاَنْ

میرے لیے منکشف فرمائے نور کے محفوظ مقامات اور مجھے اہل حضور سے بنائے اور

تَرْفَعَ عَنْ عَيْنِ بَصِيْرَتِيْ الْبَرَاقِعَ وَالسُّتُوْرَ وَاَنْ تَسْتَغْرِقَنِيْ بِكَ عَنِ

اٹھا دے میری چشم قلب پر سے تمام حجابات اور پردے اور مجھے مستغرق فرمادے اپنی ذات میں دیگر

الْاِحْسَاسِ وَالشُّعُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ہر احساس اور شعور سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ عُلُوُّ شَانِهٖ لَا يُشَارُ اِلَيْهِ بِاسْمٍ وَّلَا يُكْشَفُ عَنْهُ

کی آل پر جس محبوب کے علو شان کی طرف کسی اسم کے ساتھ اشارہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ کسی حد و تعریف سے اس کا

بِحَدٍّ وَلَا يُمْكِنُ اَنْ يُّدْرِكَ كُنْهَ وَصْفِهٖ مُكْتَنِهٌ اَوْ يُكْتَنِهُ دَقِيْقَةَ نَعْتِهٖ

انکشاف ہو سکتا ہے اور ممکن نہیں کہ ان کے کسی وصف کی حقیقت کو پا سکے حقائق کا ادراک کرنے والا یا ان کی نعت کی باریکی کو سمجھ سکے

اَللّٰهُمَّ اَلْحِقْنِيْ بِنَسَبِهٖ وَحَقِّقْنِيْ بِحَسَبِهٖ وَعَرِّفْنِيْ اِيَّاهُ مَعْرِفَةً اَسْلَمُ بِهَا

اے اللہ مجھے لاحق فرما ان کے نسب کے ساتھ اور ثابت فرما ان کے حسب اور خاندانی شرف کے ساتھ اور مجھے ان کی ایسی پہچان کرا

مِنْ مَّوَارِدِ الْجَهْلِ وَاَكْرَعُ بِهَا مِنْ مَّوَارِدِ الْفَضْلِ وَاحْمِلْنِيْ عَلٰى سَبِيْلِهٖ اِلٰى

دے کہ محفوظ رہوں اس کی بدولت جہالت میں پڑنے والے مقامات سے اور پیوں میں بسبب اس کے فضل و شرف کے گھاٹوں سے اور مجھے آمادہ فرما اس کی

حَضْرَتِكَ حَمْلًا مَّحْفُوْفًا بِنُصْرَتِكَ وَاقْذِفْ بِيْ عَلَى الْبَاطِلِ فَاَدْمَغُهٗ

راہ پر چلتے ہوئے اپنی بارگاہ تک رسائی پر جس آمادگی کو تیری نصرت محیط ہو اور مجھے پھینک باطل پر پس میں اس کو فنا کر دوں

وَزُجَّ بِيْ فِيْ بِحَارِ الْاَحَدِيَّةِ وَانْشَلْنِيْ مِنْ اَوْحَالِ التَّوْحِيْدِ وَاَغْرِقْنِيْ

اور مجھے تیرا احدیت کے سمندروں میں اور مجھے اچک لے توحید کے کیچڑوں سے اور غرق فرما مجھے

فِيْ عَيْنِ بَحْرِ الْوَحْدَةِ حَتّٰى لَا اَرٰى وَلَا اَسْمَعَ وَلَا اَجِدَ وَلَا اُحِسَّ اِلَّا بِهَا

وحدت کے سمندر میں یہاں تک کہ میں نہ دیکھوں اور نہ سنوں اور نہ پاؤں اور نہ محسوس کروں مگر ساتھ اسی کے

وَاجْعَلِ الْحِجَابَ الْاَعْظَمَ حَيَاةَ رُوْحِيْ وَرُوْحَهٗ سِرَّ حَقِيْقَتِيْ وَحَقِيْقَتَهٗ

اور بنا دے حجاب اعظم کو میری روح کی حیات اور اس کی روح کو میری حقیقت کا باطن اور اس کی حقیقت کو

جَامِعَ عَوَالِمِيْ بِتَحْقِيْقِ الْحَقِّ الْاَوَّلِ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ

میرے تمام جہانوں کا جامع و محیط بطفیل حق اول کے تحقق و ثبوت کے۔ اے اول۔ اے آخر۔ اے ظاہر۔ اے باطن

اِسْمَعْ نِدَآئِيْ بِمَا سَمِعْتَ بِهٖ نِدَآءَ عَبْدِكَ زَكَرِيَّا وَانْصُرْنِيْ بِكَ

سن میری فریاد کو بطفیل سننے اپنے عبد خاص حضرت زکریا کی ندا و فریاد کے اور میری مدد فرما بطفیل اپنی ذات کے واسطے اپنی ذات

لَكَ وَاَيِّدْنِيْ بِكَ لَكَ وَاجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ وَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ يَا

کے اور میری تائید و تقویت فرما بطفیل اپنی ذات کے واسطے اپنی ذات اور اجتماع و معیت پیدا فرما میرے اور اپنے درمیان اور حائل ہو میرے اور نفس کے او

اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْعَظِيْمِ الْمُبَرَّةِ

اپنے درمیان یا اللہ یا اللہ یا اللہ ۔ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے بطفیل تیری ذات عظیم کے نور کے جو

الْجَامِعَةِ مِنْ نُّوْرِكَ مَالِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جامع و کامل نیکی اور احسان ہیں تیرے نور کمال سے یعنی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُصْطَفٰى عِنَايَتِكَ اَنْ تَتَّخِذَ ذَاتَنَا بِذَاتِهِ الْمُقَدَّسَةِ بِجَلَالَتِكَ وَتُحَقِّقَ

جو انتخاب ہیں تیری عنایت کا کہ متحد فرمائے ہماری ذات کو ان کی ذات مقدسہ سے بطفیل اپنی جلالت کے اور ثابت فرمائے

صِفَاتَنَا بِصِفَاتِهِ الْمُشْرِقَةِ بِمَحَبَّتِكَ وَتَتَبَدَّلَ اَخْلَاقَنَا بِاَخْلَاقِهِ الْمُعَظَّمَةِ

ہماری صفات ان کی نورانی روشن صفات کے ساتھ بطفیل اپنی محبت کے اور تبدیل فرمائے ہمارے اخلاق کو ان کے اخلاق معظم کیساتھ

بِكَرَامَتِكَ فَيَكُوْنُ عِوَضًا لَنَا عَنَّا فَنَحْيَا بِحَيَاتِهِ الطَّيِّبَةِ النَّقِيَّةِ وَنَمُوْتَ

اپنی کرامت سے پس وہ ہو جائیں ہمارا عوض اور بدل ہماری جگہ پس ہم زندہ رہیں ان کی حیات طیبہ پاکیزہ کے ساتھ اور وفات پائیں

مَيْتَةَ السَّوِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ وَاَنْ تَجْعَلَهُ فِى الْقَبْرِ لَنَا سِرَاجًا مُّنِيْرًا وَّبَهْجَةً وَّعِنْدَ

موزوں اور پسندیدہ حالت موت پر اور انہیں بنائے ہماری قبروں میں ہمارے لیے سراج منیر اور سراپا بہار اور اپنی ملاقات

اللِّقَآءِ عُدَّةً وَّبُرْهَانًا وَّاَنْ تَحْشُرَنَا مَعَهُ فِىْ زُمْرَتِهٖ مَعَ اٰلِهٖ وَخَاصَّتِهٖ

کے وقت سامان تسکین اور برہان اور ہمیں اٹھائے ان کی جماعت میں ان کی آل اور خواص کے ساتھ

مُزَيَّنِيْنَ بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

درآنحالیکہ مزین ہوں ایمانی زینت کے ساتھ ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْبَعِ الْبَرَكَاتِ وَاسْمُهٗ فَوْقَ الْمُسَمَّيَاتِ اَللّٰهُمَّ

آپ کی آل پر جو برکات کا سرچشمہ ہیں اور ان کا اسم گرامی تمام اہل اسماء پر فوقیت رکھتا ہے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ مَآ اَحَبَّتْ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ نہیں محبت کی تو نے

اَحَدًا اِلَّا بِتَوَسُّطِ حُبِّكَ اِيَّاهُ فَاِنَّهُ الْمَحْبُوْبُ الْمَرْضِىُّ الْمَقْصُوْدُ مِنْ

کسی سے مگر اس محبوب کے ساتھ اپنی محبت کے توسط سے کیونکہ وہی پسندیدہ محبوب ہیں جو تیرے مقصود ہیں تمام

الْمَحْبُوْبِيْنَ وَالْمَطْلُوْبُ الْاَصْلِىُّ مِنَ الْمَطْلُوْبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محبوبوں سے اور مطلوب اصلی ہیں تمام مطلوبین سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَصِّ بِسِرِّ اَوْ اَدْنٰى وَالنُّوْنِ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب مختص ہیں ساتھ راز اَوْ اَدْنٰی کے اور راز نون

وَالْقَلَمِ الْاَعْلٰى وَالْمَخْصُوْصِ بِالْوَحْدَةِ الْكُبْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور قلم اعلیٰ کے اور مخصوص ہیں ساتھ وحدت کبریٰ کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ لَا يُدْرِكُهٗ وَاصِفٌ وَّلَا

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ جن کا احاطہ ثناء نہیں کر سکتا کوئی واصف اور نہ

يُكَيِّفُهٗ نَاعِتٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

ان کی حقیقت تک رسائی حاصل کر سکتا ہے کوئی نعت گر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ كَانَ فَيَّاضًا وَّجِبْرِيْلُ بَيْنَ الْوُجُوْدِ وَالْعَدَمِ

آل اطہار پر جو فیض رساں تھے اس وقت میں جبکہ جبریل امین ابھی وجود و عدم کے درمیان تھے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

شِفَآءِ صُدُوْرِنَا وَنُوْرِ قُلُوْبِنَا وَرُوْحِ اَرْوَاحِنَا وَحَيَاةِ حَقَآئِقِنَا

جو محبوب ہمارے سینوں کے لیے شفا اور قلوب کے لیے نور اور ارواح کی روح اور جان اور ہمارے حقائق کی حیات

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ حُرُوْفِ الْحَمْدِ اَنْ تَرْزُقَنِىْ عِلْمًا

ہیں ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل حروف حمد کے کہ مجھے عطا فرما قطعی علم

ضَرُوْرِيًّا بِالْمُتَكَلِّمِ وَكَلَامِهٖ وَبِمُرَادِهٖ مِنْ كَلَامِهٖ فَارْزُقْنِىْ

متکلم اور اس کے کلام کا اور اس کے مقصد کلام کا اور مجھے رزق عطا فرما

مِنْكَ رِزْقًا لَّا نَفَادَ فِيْهِ وَعَلَفَةً مَّحْمُوْدَةً لَّا خَيْبَةَ فِيْهَا وَلَا حِجَابَ وَ

اپنی طرف سے کہ جو ختم نہ ہونے والا ہو اور قابل ستائش خوراک جس میں رسوائی نہ ہو اور نہ حجاب و

اَلْتُفْنِیْ فِیْ كُنُفِ كِفَایَتِكَ بِفُصُوْصِ صُفُوْفِ اَهْلِ صَفْوَتِكَ اَللّٰهُمَّ

محمدی اور مجھے جگہ عطا فرما اپنی کفایت کے پہلو میں بطفیل اپنے اہل اصطفاء کی صفوں والے نگینوں کے۔ اے اللہ

اُرْزُقْنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا عَلَی الدَّوَامِ وَاصِلًا مِّنْكَ اِلٰی عَبْدِكَ عَلَی

مجھے رزق وسیع عطا فرما ہمیشہ کے لیے جو پہنچنے والا ہو تیری طرف سے تیرے عبد تک

طَرِیْقَةِ الْخَاصِّ وَالْعَامِّ عَارِیًا مِّنَ الْكَلَفِ وَالْمِحَنِ خَالِیًا عَنْ

خاص و عام طریقہ پر درآنحالیکہ خالی ہو تکلیفوں اور محنتوں سے اور خالی ہو زمانے کی

بَوَائِقِ الدَّهْرِ وَشَدَائِدِ الْفِتَنِ نَافِعًا فِی الدِّیْنِ وَالْبَدَنِ یَا مَنْ

بلاکتوں اور شدید فتنوں سے نفع دینے والا ہو دین میں اور بدن میں، اے کہ جس کا

فَضْلُهٗ عَظِیْمٌ وَلُطْفُهٗ عَمِیْمٌ وَاِحْسَانُهٗ قَدِیْمٌ وَنَفْسُهٗ كَرِیْمٌ وَرَسُوْلُهٗ

فضل عظیم ہے اور اس کا لطف عام ہے اور احسان قدیم اور ذات کریم اور اس کا رسول

رَحِیْمٌ وَهُوَ قَادِرٌ عَلِیْمٌ وَرَبٌّ حَلِیْمٌ اَسْئَلُكَ فَتْحَ بَابِ الْمُنَاجَاتِ

رحیم ہے اور آپ قادر و علیم ہے اور رب حلیم ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں مناجات و دعا کے دروازوں

فِیْ جَمِیْعِ الْاَوْقَاتِ وَالسَّاعَاتِ وَفِیْ جَمِیْعِ اَنْوَاعِ الْعِبَادَاتِ

کو کھولنے کا تمام اوقات و ساعات میں اور تمام قسم کی عبادات اور

وَالطَّاعَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ رَبُّنَا

طاعات میں بطفیل اپنی رحمت کے اے ارحم الراحمین اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ہمارا رب ہے

وَرَبُّ كُلِّ شَیْءٍ وَّخَالِقُنَا وَخَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ وَّقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا اَللّٰهُمَّ

اور ہر شئی کا رب ہے ہمارا خالق ہے اور ہر شئی کا خالق ہے اور ہر شئی کو مخصوص انداز پر چلانے والا ہے۔ اے اللہ

اِرْحَمْنِیْ اِذَا انْقَضٰی اَجَلِیْ وَانْقَطَعَ عَمَلِیْ وَلَبِسْتُ كَفَنِیْ وَفَارَقْتُ

مجھ پر رحم فرمانا جبکہ میری مدت عمر پوری ہو جائے اور عمل منقطع ہو جائے اور میں کفن پہن لوں اور قیام گاہ سے

سَكَنِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جدا ہو جاؤں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

اَلْوَسِیْلَةِ فِی الْمَطَالِبِ الدِّیْنِیَّةِ وَالدُّنْیَوِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو محبوب مجسم وسیلہ ہیں تمام دینی اور دنیوی مطالب میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو کہ سراپا رحمت ہیں جو محیط

الشَّامِلَةِ لِكُلِّ فَرْدٍ مِّنْ اَفْرَادِ الْعٰلَمِیْنَ وَالنُّوْرِ الْمُنَوِّرِ لِلْاَوَّلِیْنَ

ہیں عالمین کے ہر فرد کو اور تمام نور ہیں جو اولین و آخرین کو منور کرنے والے

وَالْاٰخِرِیْنَ وَالْمَحْمُوْدِ فِی الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ہیں اور تمام جہانوں میں قابل ستائش ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِكَ الْاَكْمَلِ وَحَبِیْبِكَ الْاَجْمَلِ وَ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو تیرے کامل ترین رسول اور جمیل ترین محبوب اور

خَلِیْلِكَ الْاَفْضَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

افضل ترین خلیل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ خَیْرِ خَلْقِكَ وَاَشْرَفِ بَرِیَّتِكَ وَاَفْضَلِ مَصْنُوْعَاتِكَ

آل پر جو ساری مخلوق سے بہتر اور تمام مخلوق سے بلند مرتبت اور تیری مصنوعات سے افضل ترین

وَمَحَلِّ عِنَایَاتِكَ وَمَنْزِلِ شُعَاعَاتِكَ وَظُهُوْرَاتِكَ وَمَنْبَعِ

اور تیری عنایت کا محل اور تیری تجلیات اور ظہورات محل نزول اور تیری شیون اور کیفیات افعال

صُوَرِ الْعِلْمِیَّةِ لِشُیُوْنِكَ وَمَعْدِنِ اَنْوَارِكَ وَمَخْزَنِ اَسْرَارِكَ

کی علمی صورتوں کے سرچشمہ اور تیرے انوار کی کان اور اسرار و اعتبارات

وَاِعْتِبَارَاتِكَ وَمُقَرَّبِكَ وَمُخْتَارِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الَّذِیْ

کا خزانہ اور تیرے مقرب اور مختار و منتخب ہیں۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے کہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ عَمِلْتُ سُوْٓءًا وَّظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ

نہیں معبود برحق مگر تو، تو میرا رب ہے اور میں تیرا بندہ ہوں میں نے برائی کی ہے اور اپنی جان پر ظلم کیا ہے اور

اعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اپنے گناہ کا اعتراف کیا لہٰذا میرے گناہ بخش کیونکہ نہیں گناہ بخشتا مگر صرف تو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ الذَّاتِیِّ وَتَرْجُمَانِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جو تیری ذات محض کے عبد ہیں اور ترجمان ہیں

حَضْرَتِ دِیْوَانِ الْکِبْرِیَاءِ الْاِلٰهِیِّ الْاَقْدَسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

دیوان کبریاء خداوند تعالیٰ وتقدس کی بارگاہ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّجْلٰی ذَاتِ الْعَظَمَةِ الْاِلٰهِیِّ الْاَنْزَهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

فرما سیدنا محمد پر جو جلوہ گاہ ہیں عظمت والی ذات الٰہیہ کے جو پاکیزہ تر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ الْقُدْسِ الْاَقْدَسِ الذَّاتِ الْاِلٰهِیَّةِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جو ذات الٰہیہ کے مقدس محفوظ راز

الْمَصُوْنِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ عِزَّةَ الدَّارَیْنِ یَا عَزِیْزُ اَللّٰهُمَّ اَعِزَّنِیْ

ہیں۔ اے اللہ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں دارین میں عزت کا اے عزیز۔ اے میرے الٰہ مجھے

بِعِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الْاَعِزِّیْنَ

عزت عطا فرما اپنی عزت کے ساتھ اے عزیز۔ اے اللہ مجھے ہدایت دے اور مجھے اپنے عزت والے بندوں سے بنا

یَا عَزِیْزُ اَللّٰهُمَّ احْکُمْ بِالْفَضْلِ یَا حَکِیْمُ تَحْکُمُ بِالْعَدْلِ وَتَقْضِیْ

اے عزیز۔ اے اللہ فضل کے ساتھ فیصلہ فرما اے حکیم تو عدل کے ساتھ حکم فرماتا ہے اور حق کے ساتھ فیصلہ

بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفَاصِلِیْنَ یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ یَا قَاهِرُ قَدْ قَهَرْتَ

فرماتا ہے اور تو سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے۔ اے قاہر۔ اے قہار۔ اے نگران تو غالب ہے

عِبَادَكَ بِالْفَنَاءِ یَا مُغِیْثُ یَا حَسِیْبُ یَا خَلِیْلُ یَا مُقْتَدِرُ تَفْعَلُ مَا

اپنے بندوں پر فنا کرنے کے ساتھ۔ اے فریاد رس۔ اے حساب لینے والے۔ اے خلیل۔ اے صاحب اقتدار تو کرتا ہے جو

تُرِیْدُ یَا مُحِیْطُ یَا رَقِیْبُ یَا مَنْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَدَدًا وَّدَبَّرْتَ

ارادہ کرے۔ اے احاطہ کرنے والے۔ اے نگران اے کہ جس نے احاطہ کر رکھا ہے ہر چیز کا از روئے گنتی وشمار کے اور تدبیر فرمائی ہے

الْاُمُوْرَ کُلَّهَا بِحِکْمَتِكَ وَاَمْسَکْتَ السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ بِقُدْرَتِكَ

تمام امور کی اپنی حکمت سے روک رکھا ہے آسمان و زمین کو اپنی قدرت سے

یَا بَاعِثُ یَا وَارِثُ تَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَیْهَا وَاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

اے مردوں کو زندہ کرنے والے۔ اے وارث جو مالک حقیقی ہے زمین اور اس پر کی اشیاء کا اور تو بہترین وارث ہے

وَاَنْتَ تَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ لِتُحَاسِبَهُمْ وَاَنْتَ اَسْرَعُ الْحَاسِبِیْنَ

اور تو اٹھائے گا اہل قبور کو تا کہ ان سے حساب لے اور تو بہت جلد حساب لینے والا ہے

یَا وَاسِعَ الْمُلْكِ وَالْعِلْمِ وَالرَّحْمَةِ لَا یَخْرُجُ مِنْ سُلْطَانِكَ شَیْءٌ

اے وسیع ملک اور علم ورحمت والے تیری سلطنت سے کوئی شئی باہر نہیں اور

وَلَا یُعْجِزُكَ شَیْءٌ وَرَحْمَتُكَ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ یَا حَقُّ یَا مُبِیْنُ

نہ کوئی شئی تجھے عاجز کرنے والی ہے اور تیری رحمت ہر شئی کو محیط ہے۔ اے حق محض اے واضح وروشن

اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ وَسُلْطَانُكَ الْحَقُّ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ وَ

تو ہی برحق واضح شہنشاہ ہے اور تیرا غلبہ و سلطنت برحق تیرا قول برحق اور

وَعْدُكَ الصِّدْقُ وَلَا تُخْلِفُ مِیْعَادَكَ وَلَا تَظْلِمُ عِبَادَكَ یَا

تیرا وعدہ برحق وصادق اور تو وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا اور نہ ہی اپنے بندوں پر ظلم کرتا ہے۔ اے

ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ یَا غَالِبُ یَا مُغْنِیُ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ وَ

پائیدار قوت والے، اے غالب، اے غنی کرنے والے، تو ہی غنی ہے اور ہم فقراء ہیں۔ اور

اَنْتَ الْقَوِیُّ وَنَحْنُ الضُّعَفَآءُ لَا قَوِیَّ اِلَّا مَنْ قَوَّیْتَهٗ وَلَا غَنِیَّ

تو ہی قوی ہے اور ہم ناتواں ہیں۔ نہیں کوئی قوت والا مگر جس کو تو قوت دے اور نہیں کوئی غنی

اِلَّا مَنْ اَغْنَیْتَهٗ یَا خَالِقُ یَا خَلَّاقُ اَنْتَ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَاَنْتَ

مگر جس کو تو غنی کرے اے خالق۔ اے خلاق تو ہی بہترین خالق ہے اور

اَحْکَمُ الْحَاکِمِیْنَ لَا خَالِقَ لِلْخَلْقِ غَیْرُكَ وَلَا مُدَبِّرَ لِلْخَلْقِ سِوَاكَ

بہترین حاکم۔ نہیں ہے خالق مخلوق کا سوائے تیرے اور نہ مدبر و منتظم ان کا سوائے تیرے

وَاَنْتَ قَيُّوْمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَمُدَبِّرُ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ وَ

اور تو برپا رکھنے والا ہے تمام آسمانوں اور زمینوں کو اور تدبیر کرنے والا ہے تمام مخلوقات کی اور

مُنَوِّرُ اَبْصَارِ بَصَآئِرِ الْعَارِفِيْنَ بِنُوْرِ الْمَعْرِفَةِ وَالْيَقِيْنِ وَجَاذِبُ

منور فرمانے والا ہے عارفوں کی چشمان بصیرت کو نور معرفت اور یقین کے ساتھ اور کشش کرنے

اَسْرَارِ الْاَئِمَّةِ وَالْمُحَقِّقِيْنَ بِجَذْبِ الْقُرْبِ وَالتَّمْكِيْنِ وَفَاتِحُ

والا ہے ائمہ اور ارباب تحقیق کے اسرار کو مقام قرب اور تمکین والی کشش کے ساتھ اور کھولنے والا ہے

قُلُوْبِ الْمُوَحِّدِيْنَ بِمِفْتَاحِ حَمْدِ الشَّاكِرِيْنَ وَجَامِعُ اَشْتَاتِ

موحدین کے قلوب کو شکر گزاروں کی حمد والی چابی کے ساتھ اور مجتمع فرمانے والا ہے

شَمْلِ الْمُحِبِّيْنَ فِيْ حَظَآئِرِ قُدْسِهٖ بِمَجْمَعِ الْحِفْظِ وَالْيَقِيْنِ

اہل محبت کی پراگندگیوں کو اپنے مقامات قدس میں ساتھ حفظ و یقین کے محل جمعیت کے

اَحْمَدُهٗ حَمْدًا يَفُوْقُ وَيَعْلُوْ وَيَفْضُلُ حَمْدَ الْحَامِدِيْنَ حَمْدًا

میں اس کی حمد کرتا ہوں جو فائق اور عالی ہے اور فضیلت والی ہے اہل حمد کی حمدوں سے ایسی حمد کہ

يَكُوْنُ لِيْ فِيْهِ رِضًا وَّفَيْضًا وَّحِفْظًا وَّحَظًّا وَّذُخْرًا وَّحِرْزًا عِنْدَ

میرے لیے ہو اس میں رضا اور فیض اور حفاظت اور نصیب اور ذخیرہ اور پناہ میرے

خَالِقِيْ وَخَالِقِ الْاَقَالِيْمِ وَالْجِهَاتِ وَالْاَقْطَارِ وَالْاَمْصَارِ وَالْاَعْصَارِ

خالق کے نزدیک اور تمام ولایات وجہات اور اقطار و جوانب اور امصار و بلاد اور اعصار و ازمان

وَالْاَمْلَاكِ وَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَفْلَاكِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

ملائکہ اور جنوں اور انسانوں اور آسمانوں کے خالق کے نزدیک جو تمام جہانوں کا رب ۔ تمام آسمانوں

وَالْاَرَضِيْنَ وَرَبُّ الْاَقْرَبِيْنَ وَرَبُّ الْاَبْعَدِيْنَ وَرَبُّ الْاَوَّلِيْنَ وَرَبُّ

اور زمینوں کا رب اور قریب ترین اور بعید ترین کا رب ہے ۔ اور اولین و آخرین کا

الْاٰخِرِيْنَ وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَرَبُّ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

رب ہے اور ملائکہ مقربین اور انبیاء و مرسلین کا رب ہے

نَسْتَعِيْنُ بِكَ عَلٰٓى اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ لَا

ہم تجھ سے ترفیق طلب کرتے ہیں دنیاوی اور دینی امور پر ۔ اے گمراہوں کو ہدایت دینے والے ہمارے

هَادِيَ لَنَا غَيْرُكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

سوا کوئی ہادی نہیں تو واحد ہے تیرا کوئی شریک نہیں ۔ تو ہی شہنشاہ برحق واضح و روشن ہے

يَا رَبَّ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ ۞ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَهَادِيَنَا وَمَهْدِيَّنَا

اے رب تمام مخلوق کے اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ سیدنا محمد جو ہمارے نبی اور ہادی و

مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَحَبِيْبُكَ النَّبِيُّ صَادِقُ الْوَعْدِ وَرَحِيْمُكَ

مہدی ہیں وہ تیرے عبد خاص ، رسول برحق اور تیرے حبیب نبی سچے وعدہ والے اور رحیم و

الْاَمِيْنُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

امین ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر

الَّذِيْ خَصَّصْتَهٗ بِمَحَبَّتِكَ الْخَآصَّةِ وَعِنَايَتِكَ التَّآمَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جنہیں تو نے اپنی محبت خاصہ اور عنایت کاملہ کے ساتھ مخصوص فرمایا ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَمَالِكَ الْجَلِيْلِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جو تیرے جمال مجسم جلیل

الْجَمِيْلِ وَالْحَبِيْبِ الْخَلِيْلِ وَنُوْرِكَ الْمُتَجَلِّيْ فِيْ كُلِّ ظِلٍّ وَّاَصِيْلٍ

و جمیل اور حبیب و خلیل اور تیرے نور مجسم ہیں جو جلوہ فگن ہیں ہر عکس و پرتو اور اصل اصیل میں

وَالْمُتَجَلِّيْ فِيْ كُلِّ مَدْلُوْلٍ وَّدَلِيْلٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جلوہ گر ہیں ہر مدلول اور دلیل میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ لَا نِهَايَةَ لِحُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ وَ

محمد و آل محمد پر کہ جن کے حسن و جمال کی انتہا نہیں اور

لَا غَايَةَ لِفَضْلِهٖ وَكَمَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

نہ ان کے فضل و کمال کی حد و غایت ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اِلْاَحَدِ الْوَاحِدِیِّ الرُّوْحَانِیِّ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُشْھِدُكَ وَ

آپ کی آل پر جو یگانہ اور یکتا اور سراپا روح ہیں۔ اے اللہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور

اُشْھِدُ مَلٰٓئِكَتَكَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ وَاُشْھِدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ

تیرے ملائکہ کو اور حاملین عرش کو اور گواہ بناتا ہوں آسمانوں اور زمینوں کی ساری مخلوق کو

اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

بیشک تو ہی اللہ ہے نہیں معبود برحق مگر تو واحد لاشریک لہ۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَجْمَلِ الْوُجُوْدِ وَالصُّوَرِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جو جمیل ترین وجود اور صورت وشکل والے

وَلَطِیْفِ الظَّاھِرِ فِی الْاَحْسَنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور لطیف ترین اور حسین ترین والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد و

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اِلْوَاصِلِ فِیْ كَمَالٍ اِلٰی كَمَالِهٖ وَالْبَالِغِ فِیْ كُلِّ

آل محمد پر جو ہر کمال میں انتہاء کو پہنچے ہوئے ہیں اور ہر

فَضْلٍ اِلٰی غَایَةِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فضیلت و شرف میں حسن وجمال کی غایت تک واصل ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اِلْقُطْبِ السَّرْمَدِیِّ وَالنُّوْرِ السَّاطِعِ الْاَزَلِیِّ

و آل محمد پر جو دائمی قطب (اور مدار کائنات) اور ازلی وابدی غالب نور

اَلْاَبَدِیِّ وَحَبِیْبِ الْمُطْلَقِ الْاَزَلِیِّ وَالنَّبِیِّ الْاَكْمَلِ السَّرْمَدِیِّ اَللّٰھُمَّ

ہیں اور ازل سے حبیب مطلق اور ہمیشہ کے لیے نبی اکمل ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اِلَّذِیْ مَنُّ عَمَّ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جن کا فضل

فَضْلُهٗ وَعَطَآئُهٗ وَوَسِعَ الْبَرِیَّةَ جُوْدُهٗ وَنَعْمَآئُهٗ وَعَمَّ نُوْرُهٗ

وانعام عام ہے اور ان کا جود و احسان مخلوق کو محیط ہے اور ان کا نور عام ہے

وَاَكْمَلَ ظُهُوْرِهٖ وَاَجَلَّ سِرِّهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور ان کا ظہور کامل ترین اور سرو باطن جلیل و بزرگ ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ الْاَشْیَآءِ وُجُوْدًا وَّاٰخِرِ التَّجَلِّیَاتِ

اور آپ کی آل اطہار پر جو تمام اشیاء مخلوقہ سے اول ہیں وجود میں اور آخری تجلی

وَغَایَةِ الظُّھُوْرَاتِ فِیْ عَالَمِ الْاَجْسَامِ ظُھُوْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور غایت و انتہاء ہیں تمام عالم اجسام کے ظہورات کی از روئے ظہور کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ اِلنَّبِیِّ الْمُحْتَرَمِ وَالرَّسُوْلِ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محترم نبی اور صاحب حشمت

الْمُحْتَشَمِ وَمَنِ اقْتَدٰی بِهِ الرُّسُلُ الْكِرَامُ وَتَمَنَّتْ فِیْ اُمَّتِهٖ اُولُو

رسول ہیں اور جن کی رسل کرام نے اقتداء کی اور اولوالعزم عظیم المرتبت رسل نے ان کی امت

الْعَزْمِ الْفِخَامُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

سے ہونے کی آرزو کی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِ اِلَّذِیْ لَا بَاْسَ عَلٰی بَابِهٖ لِذَوِی الْحَاجَاتِ وَلَا خَیْبَةَ فِیْ حَضْرَتِهٖ

پر کہ نہیں ہے شدت و سختی ان کے دراقدس پر حاجتمندوں کے لیے اور نہیں نامرادی ان کی بارگاہ میں

لِاَھْلِ الْمُرَادَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اہل حاجات کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدِ مُّزَكِّیِ النُّفُوْسِ مِنَ الْاَدْنَاسِ وَمُطَهِّرِ الصُّدُوْرِ عَنِ الْاَدْجَاسِ

پر جو نفوس کو پاک کرنے والے ہیں میلوں کچیلوں سے اور سینوں کو پاک کرنے والے ہیں نجاستوں سے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُبَشِّرًا

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر کہ بشارت دینے والے ہیں

بِسُطُوْعِ نُوْرِ رِسَالَتِكَ الْمَسِیْحُ وَمُخْبِرًا بِطُلُوْعِ نَجْمِ جَلَالَتِكَ اللَّطِیْحُ

آپ کے نور رسالت کے غلبہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور خبر دینے والے ہیں آپ کی بزرگی والے ستارے کے طلوع کی سطیح

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِكَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جو تیرے عزت والے

الْعَزِیْزِ وَشُعَاعِكَ الْغَالِبِ وَرُوْحِكَ السَّارِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

نور اور غالب شعاع اور خصوصی روح ہیں جو ساری مخلوقات میں اسرایت کئے ہوئے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَلْبِ الْخَلَآئِقِ وَوَاسِطِ الْبَرَایَا

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو تمام خلائق کے لیے مانند قلب و روح ہیں اور تمام مخلوقات کے واسطہ و وسیلہ ہیں

فِیْ عَالَمِ الْمِثَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

عالم مثال میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد و آل محمد

مُحَمَّدِ الَّذِیْ مَا تَوَسَّلَ بِهٖٓ اَحَدٌ اِلَّا وَصَلَ اِلٰی مَقْصُوْدِهٖ وَمَا اسْتَشْفٰی

پر کہ جس نے بھی ان کو وسیلہ بنایا تو اپنے مقصد تک پہنچا اور جس مریض نے ان

بِهٖ مَرِیْضٌ اِلَّا شُفِیَ مِنْ مَّرَضِهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

کے طفیل شفا طلب کی اس نے شفا پائی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَقْصُوْدِ الْمَحْبُوْبِ فِی الْکُلِّ وَ

محمد و آل محمد پر جو مقصود و محبوب ہیں تمام عالم میں اور

مِنَ الْکُلِّ فِیْ عَالَمِ الْاِنْسَانِیِّ الْکَمَالِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تمام عالم انسانی کامل میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْحَبِیْبِ الْمُحِبِّ الْمَحْبُوْبِ وَالصَّفِیِّ

محمد پر اور آل محمد پر جو حبیب و محبوب الٰہی ہیں اور محب بھی۔ اور اللہ کے منتخب

الطَّالِبِ الْمَطْلُوْبِ اَللّٰھُمَّ اَحْیِ لَنَا الْاِسْمَ وَالْجِسْمَ وَالرَّسْمَ

اور اس کے طالب و مطلوب۔ اے اللہ زندہ فرما ہمارے نام اور جسم اور رسم و نشان کو پاکیزہ و

حَیٰوۃً طَیِّبَۃً اَبَدًا دَآئِمَۃً مَّسْتُوْرًا مَّعْمُوْرًا مَّسْرُوْرًا مَّوْفُوْرًا

ابدی دائمی حیات کے ساتھ اور آخالیکہ ہماری پردہ پوشی کی گئی ہو اور ہمیں آباد و مسرور کیا گیا ہو اور وافر حصہ دیا گیا ہو

بِفَیْضِ فَضْلِ الْفَیَّاضِ مُسْتَفِیْضُ الْقَلْبِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

فیاض اقدس کے فراواں فیض سے ہمارے دل فیضیاب ہوں۔ وہ ہی عظیم کامیابی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنَ الْحُبِّ الَّذِیْ الْمُحِبُّ مَعَ الْمَحْبُوْبِ حَارِقٌ وَّالطَّلَبِ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس محبت کا کہ جس سے محب محبوب کے لیے جلنے والا ہوتا ہے اور ایسی

الَّذِیْ الطَّالِبُ مَعَ الْمَطْلُوْبِ شَارِقٌ وَّرَبْطِ الَّذِیْ الرَّابِطِ بِالْمَرْبُوْطِ بَوَارِقُ

طلب کا کہ جس سے طالب مطلوب کے لیے خون کے آنسو روتا ہے اور ایسے ربط و تعلق کا کہ ربط والا اپنے تعلق والے کے ساتھ

وَالْخَیَالِ الَّذِیْ الْمَخْیُوْلُ بِالْمَخَآئِلِ حَوَارِقُ رَضِیْنَا بِاللّٰهِ تَعَالٰی رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ

حیران و سرگردان ہوتا ہے اور ایسے خیال کا کہ خیال والے اپنے نقش خیالی کے ساتھ مشغول بنا لیتے ہیں۔ ہم راضی ہیں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے

دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا وَّرَسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا وَّبِالْکَعْبَةِ

دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اردوئے نبی و رسول ہونے کے اور قرآن کے ساتھ اردوئے امام و مہیمن ہونے کے اور کعبہ کے

قِبْلَةً وَّبِالصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَالزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ فَرِیْضَةً وَّبِالْمُؤْمِنِیْنَ اِخْوَانًا وَّ

قبلہ ہونے اور نماز و روزہ اور زکوٰۃ و حج کے فرض ہونے پر اور مومنین کے بھائی ہونے پر اور

بِالصِّدِّیْقِ وَبِالْفَارُوْقِ وَبِذِی النُّوْرَیْنِ وَبِالْمُرْتَضٰی اَئِمَّةً رَّضْوَانُ اللّٰهِ

صدیق اکبر۔ فاروق اعظم۔ عثمان ذوالنورین اور علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہم

تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَوَامِعِ اَسْرَارِ اَسْمَآئِكَ وَلَطَآئِفِ

کے امام ہونے پر۔ اے اللہ بے شک ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں تیرے اسماء کے جامع اسرار اور تیری صفات

مَظَاهِرِ صِفَاتِكَ وَقِدَمِ وُجُوْدِ ذَاتِكَ اَنْ تُنَوِّرَ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ هِدَایَتِكَ وَاَنْ

کے لطیف مظاہر اور تیری ذات کے وجود قدیم کے طفیل کہ منور فرمائے ہمارے دلوں کو اپنے نور ہدایت کے ساتھ اور

تُلْهِمَنَا حُبَّ مَعْرِفَتِكَ وَاَنْ تَسْتُرَ عَلَیْنَا بِسِتْرِ حِمَایَتِكَ وَاَنْ تَجْعَلَ اُنْسَنَا

ہمیں الہام فرمائے اپنی معرفت کی محبت کا اور ہم پر پردہ ڈالے اپنی حمایت کا اور ہمیں اپنے ساتھ

بِكَ وَشَوْقَنَآ اِلَیْكَ وَخَوْفَنَا بِكَ حَتّٰی لَا نَرْجُوَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَلَا نَخْشٰٓی اَحَدًا

مانوس فرمائے اور اپنی طرف شوق و رغبت اور اپنی ذات کا خوف بخشے حتی کہ ہم تیرے سوا کسی سے امید نہ رکھیں اور نہ تیرے سوا

سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَنْتَ الْمُحْسِنُ الْمُنْعِمُ الْمُفَضِّلُ الْمُمَجِّدُ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ

سوا کسی سے ڈریں۔ اے اللہ بیشک تو ہی صاحب احسان، صاحب انعام فضل و مجد عطا کرنے والا، صاحب قدرت،

الْعَظِيْمُ الْمُقْتَدِرُ الْقُدُّوْسُ الْمُقَدَّسُ فِيْ نُوْرِ الْقُدْسِ تَرَدَّيْتَ بِالْعِزِّ وَالْعُلَاءِ

عظیم، صاحب اقتدار۔ ذات خود مقدس، طہارت بخشنے والا ہے نور قدس میں تو نے عزت و برتری کی چادر اوڑھ رکھی ہے

وَتَأَزَّرْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَتَعَشَّيْتَ بِالنُّوْرِ وَالضِّيَاءِ وَتَجَلَّلْتَ بِالْمَهَابَةِ

اور عظمت و کبریائی کی تہمد باندھ رکھی ہے اور پوشیدہ ہو گیا ہے بسبب کثرت نور و ضیاء کے اور بزرگی ظاہر فرمائی مہیبت اور نور کے

وَالْبَهَاءِ لَكَ الْمَنُّ الْقَدِيْمُ وَالْفَضْلُ الْعَظِيْمُ وَالسُّلْطَانُ الشَّامِخُ وَالْمُلْكُ الْبَازِخُ

ساتھ تیرا ہی ہے قدیم احسان اور عظیم فضل، بلند مرتبت سلطنت اور عظیم الشان ملک

وَالْجُوْدُ الْوَاسِعُ وَالْفَيْضُ الشَّائِعُ وَالْقُدْرَةُ الْكَامِلَةُ وَالْحِكْمَةُ الْعَالِيَةُ وَالْحُجَّةُ

اور وسیع جود اور فیض عام، قدرت کاملہ اور حکمت عالیہ اور حجت

الْبَالِغَةُ وَالْعِزَّةُ الشَّامِلَةُ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا الْاِعْتِمَادَ عَلَيْكَ وَالْاِنْقِيَادَ اِلَيْكَ وَ

بالغہ کاملہ اور محیط عزت۔ اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنی ذات پر اعتماد اور اپنی تابعداری

الْحُبَّ فِيْكَ وَالْقُرْبَ مِنْكَ وَالْاَدَبَ مَعَكَ وَاَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَزَّ

اپنی ذات کی خاطر حب اور اپنا قرب اور ادب اور تو ہی منور فرمانے والا ہے آسمانوں اور زمین کا۔ عزت

جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ وَعَظُمَ شَاْنُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ سَلِّمْنَا

والا ہے تیری پناہ لینے والا اور بزرگ تر ہے تیری ثنا اور مقدس ہیں تیرے نام اور عظیم ہے تیری شان اور نہیں معبود برحق تیرے سوا ہمیں سلامتی

وَسَلِّمْ وَكَمِّلْ اِيْمَانَنَا وَتَمِّمْ عِرْفَانَنَا وَوَجِّهْنَا بِكُلِّيَّتِنَآ اِلَيْكَ وَلَا تَكِلْنَآ اِلٰى

بخش اور ہمارے ایمان کو سالم و کامل بنا اور ہمارا عرفان مکمل فرما اور ہمیں مکمل طور پر اپنی طرف متوجہ فرما اور نہ سونپ ہمیں

اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَآ اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ وَشَوِّقْنَآ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاقْطَعْ عَنَّا كُلَّ

اپنے نفسوں کی طرف پلک جھپکنے کی مقدار اور نہ اس سے کم اور اپنا شوق ملاقات بخش اور کاٹ دے ہم سے ہر وہ شئی

قَاطِعٍ يَّقْطَعُنَا عَنْكَ وَقَرِّبْنَآ اِذَآ اَبْعَدَتْنَا وَاقْرُبْ مِنَّآ اِذَآ اَقْرَبَتْنَا وَعَلِّمْنَآ اِذَا

جو ہمیں تجھ سے قطع کرے۔ اور قریب فرما ہمیں جب دور کر دے۔ اور قریب ہو ہم سے جبکہ ہمیں اپنے قریب کرے اور ہمیں علم عطا فرما جبکہ

جَهِلْنَا وَفَهِّمْنَآ اِذَا عَلَّمْتَنَا يَآ اَوَّلُ يَا آخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا قَادِرُ يَا غَافِرُ يَا عَلِيْمُ يَا

ہم جاہل ہوں اور فہم و فراست عطا فرما جبکہ علم عطا کرے۔ اے اول۔ اے آخر۔ اے ظاہر۔ اے قادر۔ اے غافر۔ اے علیم۔ اے

مَوْلَايَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَايَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ وَاَعِذْ نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ وَاِيْمَانِيْ

میرے مولیٰ۔ اے قادر۔ اے میرے مولیٰ۔ اے بخشنے والے۔ اے لطیف۔ اے خبیر اور میں پناہ میں دیتا ہوں اپنے نفس اور دین و ایمان

وَاَهْلِيْ وَوَلَدِيْ وَمَالِيْ وَعِيَالِيْ وَاِخْوَانِيْ وَذَوِيْ عِنَايَتِيْ وَجَمِيْعِ نِعَمِ اللّٰهِ تَعَالٰى

اور اہل و اولاد اور مال و عیال اور برادران اور اپنے اہل عنایت کو اور اپنے ہاں موجود اللہ تعالیٰ کی تمام

عِنْدِيْ بِشِدَّةِ حَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّةِ اللّٰهِ وَبَطْشِ اللّٰهِ وَجَبَرُوْتِ اللّٰهِ وَمَوَاثِيْقِ اللّٰهِ

نعمتوں کو ساتھ اللہ تعالیٰ کی طاقت اور قوت اور سخت گرفت کے اور اللہ کے تسلط و غلبہ اور اس کے پختہ عہدوں

وَطَاعَتِهٖ عَلَى الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنْ عَطَآءِ اللّٰهِ يَادَآئِمًا بِلَا فَنَآءٍ وَّيَا قَآئِمًا بِلَا زَوَالٍ

اور طاقت کے جن و انس پر اللہ کی عطا سے ایک جو دائم ہے بغیر فنا کے ایک جو موجود دائم ہے بغیر زوال کے

يَا مُدَبِّرًا بِلَا وَزِيْرٍ سَهِّلْ عَلَيْنَا وَعَلٰى وَالِدَيْنَا كُلَّ عَسِيْرٍ لَآ اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ

اے کہ جو مدبر و منتظم ہے بغیر کسی وزیر کے آسان فرما ہم پر اور ہمارے والدین پر ہر مشکل امر کو میں نہیں احاطہ کر سکتا تیری ثناء کا

اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ وَعَظُمَ

تو ہے (اس) ثناء کا حقدار جو تو اپنی آپ کی ہے عزت والا ہے تیرا پڑوسی اور بزرگ تر ہے ثناء تیری اور مقدس ہیں نام تیرے اور عظیم ہے

شَاْنُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ بِقُدْرَتِهٖ وَيَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ بِعِزَّتِهٖ اَلَا اِلَى اللّٰهِ

شان تیری اور نہیں معبود برحق سوائے تیرے کرتا ہے اللہ جو چاہتا ہے ساتھ اپنی قدرت کے اور حکم فرماتا ہے جو ارادہ کرے ساتھ اپنی عزت کے۔ آگاہ رہو

تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ

اللہ کی طرف ہی تمام امور لوٹتے ہیں۔ ہر شئی ہلاک ہونے والی ہے مگر اس کی ذات کے۔ اس کیلئے حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے پس کفایت کرے گا آپ کو اللہ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَكَفٰى سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَيْسَ وَرَآءَ اللّٰهِ الْمُنْتَهٰى مَنِ

ان کی طرف سے اور وہی سننے جاننے والا ہے کفایت کرنے والا ہے ہمیں اللہ تعالیٰ اور کافی ہے قبول فرمایا ہے اللہ اس کی جو دعا کرے نہیں اللہ کے علاوہ

اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ نَجٰى مَرْحَبًا بِالصَّبَاحِ الْجَدِيْدِ وَبِالْيَوْمِ السَّعِيْدِ وَبِالْمَلَكَيْنِ الْكَرَامَتَيْنِ

کوئی چاہے جو جس نے اللہ کے ساتھ چنگل مارا نجات پائی۔ خوش آمدید ہے نئی صبح اور سعادت مندوں کے لیے۔ اور دو عزت والے

الشَّاهِدَيْنِ الْعَادِلَيْنِ حَيَّاكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ غُرَّةِ يَوْمِنَا هٰذَا اُكْتُبْ فِيْ اَوَّلِ

گواہان عادل ملائکہ کے لیے۔ اللہ تمہیں سلامت رکھے ہمارے اس دن کی ابتداء میں لکھ ہمارے نامۂ اعمال کے

صَحِيْفَتِنَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَشْهَدُ بِاَنْ نَّشْهَدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم اور گواہ ہو کہ ہم خلوص دل سے گواہی دیتے ہیں لا الٰہ الا اللہ وحدہ

لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ عَلٰى هٰذِهِ الشَّهَادَةِ نَحْيٰى وَعَلَيْهَا

لا شریک لہ کی اور گواہی دیتے ہیں کہ محمد اس کے عبد مخصوص اور رسول برحق ہیں۔ اسی شہادت پر زندہ رہیں گے اور اسی پر

نَمُوْتُ وَنُبْعَثُ اِنْشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ سِرِّ وَحْدَتِكَ الَّذِيْ

مریں گے اور اسی پر اٹھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل تیری وحدت کے سر لاسرار کے جو کہ

هُوَ اَنْتَ وَعَدَدْتَّ بِهٖ قُلُوْبَ اَهْلِ الذِّكْرِ بِخَفِيِّ جَوْلَانِ مَعْرِفَتِكَ بِالْفِكْرِ الْخَفِيِّ

تیرا عین ہے، وعدہ دیا تو نے اس کے ساتھ اہل ذکر کے قلوب کو بسبب اپنی معرفت کی مخفی گردش کے ساتھ مخفی فکر کے

اَغْمِسْنِيْ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ فِيْ بَحْرِ اَنْوَارِ وَحْدَانِيَّتِكَ وَامْلَاْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ اَسْرَارِكَ

مجھے ڈبو دے اے اللہ اے اللہ اے اللہ اپنی وحدانیت کے بحر انوار میں اور بھر دے میرے دل کو اپنے اسرار سے اور مجھے

وَمَكِّنِّيْ فِيْكَ وَمِنْكَ وَاَسْئَلُكَ الْوُصُوْلَ بِالسِّرِّ الَّذِيْ تَدْهَشُ مِنْهُ الْعُقُوْلُ فَهُوَ

جگہ اور پائیداری عطا فرما اپنی ذات میں اور اپنی ذات کی طرف سے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے وصول کا بطفیل اس راز مخفی کے کہ دہشت زدہ ہوتے ہیں

مِنْ قُرْبِهٖ ذَاهِلٌ اَيْتُوْخُ يَا مَلُوْخُ بَايْ وَاَمِنْ اَيْ وَاَمِنْ مِهْبَاشِ الَّذِيْ

اس سے تمام عقول پس وہ اس کے قرب سے غافل ہو جاتے ہیں۔ اے تنوخ۔ اے طوخ بای و آمن آی و آمن مہباش جس کے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۚ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ

لیے ہے ملک و سلطنت تمام آسمانوں اور زمین کی اور وہی عزیز حکیم ہے، رب ہے مشرق و مغرب کا، نہیں

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۚ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

معبود برحق مگر وہی پس اسی کو اپنا وکیل و کارساز سمجھ۔ فرما وہ وہی اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس نے جنا کسی کو اور نہ

يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

وہ جنا گیا اور نہیں ہے اس کا کوئی مثیل اور مشابہ۔